کاملِ راہِ طلب قید سی بھی آزاد — موج سے سلسلہ برپا کبھی دریا نہوا

شکلِ تصویر ہوا خلق جہان مین بیدل — مین کسے طرح ہوا خواہِ تمنا نہوا

نقشِ بر آب تھی ہم مٹ گئی بنتی بنتی — چہرہ پرداز بھی ہیہات شناسا نہوا

تھی وہ تصویرِ خیالی کہ سوا مٹنی کے — مفت بھی کوئی خریدار ہمارا نہوا

ظلمتِ دل ہی وہی لاکھ جلایا غم نے — پھونک دینی ہی بھلی اس گھر مین اجالا نہوا

ہاے ری شک تمنا وصل مین اوس کافر کو — پیار کرنا ہمین اپنا بھی گوارا نہوا

اوس فسونگر کی نظر ایسی مری دل کو لگے — چشمِ بیمار کبھی صورت اچھا نہوا

۱۱ — کیا کہون ہیچوت کے میدان اوس گل سی التسلیم — صورتِ نکہتِ برباد کہین کا نہوا — ۲۳

زور کو کہلاتا ہی کیا کیا ضعف جسمِ زار کا — رنگ اوڑنی کو ترستا ہی مری خسار کا

وصف ہے ہر شعر مین ہوی میان یار کا — میرا دیوان منتخب ہی مخزن اسرار کا

دید کی قابل ہی جو بن سبزہ و رخسار کا
معجزہ ہی سبز ہونا آگ پر گلزار کا

رات دن یونہین پڑینگی عاشقونکی گرنگاہ
بند ہوجائی کارو زن خود بخود دیوار کا

سخت جان ہون ہاتھ ایسا آج ای قاتل لگا
معرکی مین نام ہوجائی تری تلوار کا

خاک بسمل کے دلِ بیتاب کو پیغامِ وصل
کچھ فریب آمیز ہی وعدہ بتِ عیار کا

لاکھ جی ترسی مگر آرامِ تنہائی محال
میری بالین پر اجارہ ہوگیا غمخوار کا

میکدی ہی عرصۂ محشر مین جائی سرخرو
منہ دہلادی آج ساقی می سی تغفار کا

کیون اوٹھاتا ہی ستمگر اپنی کوچی سی مجھی
ابتو سایہ بھی نہین سر پر تری دیوار کا

ناتوان تھا خانہ ویرانی مٹاتی کیا مجھی
پس گیا مین گر پڑا سایہ اگر دیوار کا

باعثِ زینت ہوا سوزِ جوانی دہر مین
داغِ سودا بن گیا طرہ مری دستار کا

عالمِ فانی سی تنہا ای لحد آتا نہین
قافلہ ہی ساتھ میری حسرتِ دیدار کا

دہر مین ظالم ہمیشہ رہتی ہین شادی نصیب
کم نہین ہوتا کبھی خندہ لبِ سوفار کا

کیا خرابات مجھت مین فلک کی آبرو
ایک حامِ واژگون ہی آپ کی میخوار کا

مر رہی ہین فرقتِ ابروی جانان مین قسیب
برجِ عقرب مین ہی اختر طالع اغیار کا

نیند کیا آئی بشکلِ چشمِ روزن رات دن
پاسبان ہے بختِ خفتہ دیدۂ بیدار کا

رحم کی بدلی کچھ احسانِ عداوت اور ہے
حوصلہ رکھ لی سوالِ زخمِ دامندار کا

اس قدر کیون پیچ مین ڈالا ہی قسمت نے مجھی
مین کوئی مضمون نہین ہون کاکلِ خمدار کا

کیا نسیمِ آہِ بلبل تی کہلایا ہی اسی
داغ کی دیتا ہی بو ہر گل مری گلزار کا

دخترِ زرکی روبرو کیون لیچلا ساقی مجھی
خون ہوگا گر دنِ مینا پہ تغفار کا

کیون نہ مرتا تیری در پر آکی مین خانہ خراب
میری قسمت مین کفن تھا سایۂ دیوار کا

شیخ کا اشکِ ریائی کفر سے خالی نہیں | رشتۂ تسبیحِ سلیمانی میں ہی زنار کا

شرطِ الفت ہی یہی تسلیم بعدِ حشر بھی
۱۳ | ہاتھ سے دامن نہ چھوٹی احمدِ مختار کا | ۱۴

عالمِ نقش و نگینِ عشق میں اپنا ہوتا | جان کنی ہوتی ہمیں نام کسی کا ہوتا
موت ہی آتی نہ بالیں پہ مسیحا ہوتا | کیا بُرا تھا مرضِ عشق جو اچھا ہوتا
انقلاب اثرِ عشق جو پیدا ہوتا | دستِ یوسف میں گریبانِ زلیخا ہوتا
غشِ تجلی ہی مجھی صورتِ موسی ہوتا | ہائے پردہ بھی نہ ہوتا تو یہ پردا ہوتا
کاش پہلو میں نہ میری دلِ شیدا ہوتا | اور ہوتا تو نہ کم حوصلہ اتنا ہوتا
مجکو مرنا شبِ تکلیف میں جینا ہوتا | ملک الموت بھی آتا تو مسیحا ہوتا
کیا پڑی تھی جو تری در پہ پڑا رہتا میں | مثلِ سایہ کہیں میرا جو ٹھکانا ہوتا
مانعِ کوچہ قاتل ہوئی ناحق احباب | آج جو کچھ مری تقدیر میں ہوتا ہوتا
نعش پہ کاہی کو آئی سرِ مدفن آتے | عہدِ پیمان شکنی خوب نباہا ہوتا
خاک تہا کر دیا برباد صبا نی صد شکر | اور انجام مرا اسکی سوا کیا ہوتا
تہا میں وہ ننگِ جہاں ڈوب بنی جاتا جو کہیے | دیکھکر چین بجبین موج سی دریا ہوتا
کرتا کیا شکوۂ سفاک کہ ہمت پہ مری | خون برسوں دہنِ زخمِ تمو کا ہوتا
لاکھ اغیار پڑہاتی نہ کبھی وہ سنتے | کیا نہ لکھتی مری قسمت میں جو لکھا ہوتا
مر کیا دشت میں صد شکر کفن کی خاطر | کیا میں شرمندۂ احسانِ احبا ہوتا
تم اگر بام پہ ای جانِ دمِ رویت آتی | ماہِ نو حلقۂ آغوشِ تمنا ہوتا
عشق میں لذتِ حسرت کوئی مجھسے پوچھے | نامرادی بھی نہ ہوتے تو مزا کیا ہوتا

ہاے سنتا ہون کہ رو دیتی ہین سنکر تسلیم
کاش نالہ بھی مرا شیوۂ اعدا ہوتا

۱۳۱ ۱۳۲

نہو گا حشر مین کوئی کسی کا — بھروسا ہے تو اپنے بیکسی کا
نہین معلوم بگڑی آج کس سے — مزا ہے دشمنی مین دوستی کا
دل اپنا ہے جسے چاہین گی دین گی — اجارہ اسمین کیا ناصح کسی کا
رولاتا ہے مجھے کیون اسقدر بخت — لیا تھا نام مین نی کب ہنسی کا
سدا گریان ہا مانند شبنم — نہ دیکھا مُنہ مری غم نے خوشی کا
نہ کچھ دنیا مین رکھتا ہون نہ دین مین — بھلا ہو دو جہان مین مفلسی کا
مجھی مرنی دی جیتے جی بتون پہ — یہی ناصح مزا ہے زندگی کا
ہنسے جب زخم خون حسرت سے روئے — نہ توڑا ہمنے دل افسردگی کا
لحد مین بھی وہی غفلت ہی اپنے — نچھوٹا ساتھ مر کر بیخودی کا
بحیرت دیکھتے ہین وہ مجھے آج — تماشا ہون مین چشم نرگسی کا
یہ جوبن چند ساعت میہمان ہے — بھروسا کیا ہے حسن عارضی کا
پریشان ہین ازل ہی صورت زلف — مداوا کیا ہماری برہمی کا
خیال آیا تری رحمت کا جسدم — جگر پانے ہوا تر دامنی کا
سلامت ہین ابھی تک زخم دل سب — بڑا احسان ہے بیچارگی کا
جو دیکھین اوس بُت کافر ادا کو — دہرا رہ جای تقوی شیخ جی کا
تن خاکی کو بھی چھوڑا لحد مین — خیال آیا جو عہد بیکسی کا
مجھی دو گز زمین دی بعد مردن — کہان یہ حوصلہ چرخ دنی کا

مرا جو نالۂ موزون ہے تسلیم
تصدق ہے نسیم دہلوی کا

۱۴ ۹

وعدہ جو کیا شام کو وقتِ سحر آیا
اوس ماہ مین خورشید کا عالم نظر آیا

کیا خاک کہا تا دلِ پرسوز نی باقے
جو اور جلا نے مجھے داغ جگر آیا

اللہ ری ہمدردیِ یارانِ خرابات
خالی جو ہوا شیشۂ دل جام بھر آیا

جیتا ہون نہین جینی کی جبتک مجھی امید
مرجاؤن گا بالین پہ مسیحا اگر آیا

آرام نہین گردشِ ہیجا سے کسی کو
عالم مجھے فانوسِ خیالی نظر آیا

ای واعظِ مسجد رہِ میخانہ بتادی
مستی مین نہین ہوش کہ بہر تھا کدہر آیا

اعمال جو پوچھین گی کہون گا دمِ محشر
خالی دہنِ گور رہا کچھ خاک بھر آیا

دی دل مین جگہ صورتِ آئینہ ہمیشہ
حیرت کدۂ دہر مین جو کچھ نظر آیا

تسلیم بیابان سی سوا خانہ بہرون کیا
آیا دلِ عاشق کی طرح مین جدھر آیا

۱۵ ۲۶

سرنگون رکھتی ہی یاد رخِ جانان اپنا
ہمکو محرابِ عبادت ہی گریبان اپنا

گریۂ دیدۂ پُرخون ہی گلستان اپنا
خندۂ زخمِ جگر ہی گلِ خندان اپنا

آنہ جائی کہین بہر جوشِ خیالِ صحرا
دمِ خاکرتی ہی کیون تنگیِ زندان اپنا

عہدِ طفلی مین یہ تھی شورِ جنون کی تعلیم
آج تک صحنِ قیامت ہے دبستان اپنا

ایک دم خون جگر سی نہین رہتا خالی
چشمِ ناسور ہی یا دیدۂ گریان اپنا

کیا کہین دشتِ نوردی کا مزا ہی کب سے
سبز ہوتی ہی نیا یا تھا بیابان اپنا

وصل مین یاد بھی آیا تو ادب سی ظالم
ہوگیا مہرِ خموشی غمِ پنہان اپنا

ضبطِ فریاد ہین آفی کا نہین فرق کبھی
امتحان لاکھ کری گردشِ دوران اپنا

بی اجل مرگئی ہم نامِ اجل کو سنکر
ملک الموت ہی منّت کشِ احسان اپنا

آپ سی دعویِ عنچہ دہنی بیجا ہے
مُنہ تو بنوائی چمن مین گلِ خندان اپنا

پانون کیا حلقۂ زنجیر سی رکھین باہر
دل حاسد سی سوا تنگ ہی زندان اپنا

فتنی ہو طرح کی ہر چاک سی برپا ہونگے
دامنِ صبحِ قیامت ہی گریبان اپنا

بیوفائی تنِ خاکی سی جو کی ظاہر ہی
مُنہ دکھاتی مجھی کیا عمرِ گریزان اپنا

رکھ لیا خاک نی ہمجنس کا اپنے پردہ
چھپ گیا گور مین آکر تنِ عریان اپنا

پاون زنجیر مین ہم بادیہ پیمائی جنون
اپنی ہمراہ لیی پھرتی ہین زندان اپنا

بھلی گا دل خلش درد سے تنہائی مین
رہتی دو سینۂ مجروح مین پیکان اپنا

کوئی موسم ہو یہان خاک اوڑا کرتی ہی
زاہدِ خشک کا سینہ ہی بیابان اپنا

جلوی دکھلاتا ہی چھپ چھپ کے حجابِ تر سے
عوضِ جان کوئی معشوق ہی مہمان اپنا

داغِ احسانِ جفا مین نہ لگا او قاتل
زخم ہنستی ہین تہی دیکھکی امان اپنا

جسمِ بیجان کو کیا چرخ نی پیوندِ زمین
وجہِ تعمیر ہوا خانۂ ویران اپنا

رنگِ یکرنگی الفت ہی عیان دونون سی
زلف برہم ہی تری حال پریشان اپنا

اشک آنکھون سی گری قطرۂ گوہر ہوکر
تر ہوا بھی نہ سرِ دامنِ مژگان اپنا

ای جنون امتو نہین عذرِ خطا کی حسرت
پاون پڑتا ہی سرِ چاکِ گریبان اپنا

ٹوٹنا آبلۂ پا کا نہین ہے بیکار
سرِ ہر خار پہ رہ جائیگا احسان اپنا

ہمکو آرامِ اسیری ستم دشمن ہے
پای خفتہ کو سمجھتے ہین نگہبان اپنا

گر بھی ہی ادب عرضِ تمنا تسلیم
کہہ چکی یار سی تم حالِ پریشان اپنا

۱۶

یاد سب کچھہ تہا مگر وقتِ سفر کیا کہتا
اون سی دم بھر کی لیی دردِ جگر کیا کہتا

اپنی ہستی کی خبر جب نہ رہی پھر مجھسے
خویش و بیگانہ کوئی اونکی خبر کیا کہتا

آبرو خاک مین ملتی تہی دمِ فکرِ سخن
اونکی واتون کو بہلا سلکِ گہر کیا کہتا

داغ اوسمین ہی ترا چہرۂ روشن شفاف
تجکو مین دیدۂ و دانستہ قمر کیا کہتا

بخت ہی دشمنِ ارمان تہا شبِ فرقت مین
اپنی فریاد کو محرومِ اثر کیا کہتا

بار تہا نازِ نظر جسکو نزاکت کی سبب
اوسکو مین یارون کی کہنی سی کمر کیا کہتا

ایک دم بہی نہ ملا روح کو تن مین آرام
چار دیوارِ عناصر کو مین گہر کیا کہتا

بوسی شب بھر دلدار کی چپ چپکی لیے
دیکہہ لیتا جو کوئی وقتِ سحر کیا کہتا

مشتری زہرہ سہیل یمنی صبح امید
یہ نہ کہتا تجہی اور شکِ قمر کیا کہتا

اوس مین ہی تنگ تو اعجازِ مسیحا آیین
مین لبون کو تری برگِ گلِ تر کیا کہتا

مرگِ اوستاد سی تسلیم ہون زندہ در گور
شعر کہتا بہی تو مین خستہ جگر کیا کہتا

۱۷

فریاد و فغانِ بلبلِ ناشاد کیے جا
مہمانِ قفس خاطرِ صیاد کیے جا

ہم ہون کہ نہون آہی رہی گا کوئی مشتاد
ای چرخِ ستم پیشہ کچہہ ایجاد کیے جا

فریاد ہو یا نالہ ہو یا آہِ جگر سوز
جو ہو سکی تجسے دلِ ناشاد کیے جا

گر خون نہین ہی نہ سہی رسم ادا کر
اپنی سہی تو اونشترِ فصّاد کیے جا

جاتا ہی کہان اوغمِ جانانہ ادہر آ
ویرانۂ دل کو مری آباد کیے جا

لی تو ہی خبر بلبلِ ناشاد کی کلچین
صیاد کو سمجہا اسی آزاد کیے جا

ای دل خمِ ابروی صنم مین سحر و شام
کچہہ بندگیِ حسنِ خداداد کیے جا

گلگشتِ عدم خوب سفر ہی مگر ای دل | سیرِ چمنِ گلشنِ ایجاد کیے جا

تسلیم اگر حسنِ سخن کی ہی تمنا
تو پیرویِ بندشِ اوستاد کیے جا

۱۸ | ۱۷

احسان رزقِ غیر سے مین آشنا نہ تھا | اپنا مین آپ مثلِ گہر آب و دانہ تھا
تیری قدم کو چھوڑ کی جاتا کہان مین ہائے | پامالِ ناز تھا کوئی رنگِ حنا نہ تھا
کیون تنگ اس قدر ستمِ دہر نے کیا | نقشِ دہن نہ تھا مین تمہاری قبا نہ تھا
مستی مین جو کیا ہی کسی یاد ہی معاف | یارب خیالِ پرسشِ روزِ جزا نہ تھا
سنتے وہ مدعی مجھی محشر مین کس لیے | مین تھا شہیدِ ناز مرا خون بہا نہ تھا
کیون آگ بن گئی وہ خطِ شوق دیکھکر | مین نی تو ڈر سے سوزِ جگر بھی لکھا نہ تھا
پہلی ہی تھا خیالِ جوانی او نہین مگر | اتنا غرورِ حسن شکیبِ آزما نہ تھا
سانسین نکل گئین دلِ نالان کو پھوکر | اس کاروان کو پاسِ وفایِ درا نہ تھا
تکلیفِ گریہ دی او نہین فرمادی تو کیا | مطلب مرا کچھ اور تھا یہ مدعا نہ تھا
کیون سنکی رو دیا بتِ ناآشنایِ رحم | نالہ شکستِ شیشۂ دل کی صدا نہ تھا

تسلیم رات بھر وہ رہا گرمِ اختلاط
دیکھا جو وقتِ صبح تو پھر آشنا نہ تھا

۲۰ | ۱۹

بدگمانی نہ گئی لاکھ مین سمجھا آیا | ہائے جو خاطرِ بیرحم مین آیا آیا
مین وہ محرومِ ازل تھا کہ برنگِ تصویر | نہ کبھی لب پہ مری حرفِ تمنا آیا
او گلا پڑنا ہی ہر اک دمِ کمرِ قاتل سے | ہائے خنجر بھی مری خون کا پیاسا آیا
ہمنشین خال نہین مصحفِ رخ پر اوسکی | مشکِ سیہ کاتبِ قدرت نی بنایا آیا

بزمِ رندانہ مین تنہا نہ کبھی ہم بیٹھے
جام پہلو سی اوٹھا ساقی مینا آیا

او کیا حال کہون ضعفِ جگر کا ظالم
سو جگہہ بیٹھہ کی لب تک مری نالا آیا

ہون وہ میکش کہ مجھی دیکھکی ساقی نے کہا
دخترِ رز وہ ترا چاہنے والا آیا

دم لیا تہا نہ دعا نی درِ مطلب پہ ہنوز
کہ غمِ یاس مری بخت کو روتا آیا

پھر وہی ہے ہی اثر بی اثری نالون مین
پھر کسی پر دلِ محروم تمنا آیا

صدقی مین اپنی اجل کی کہ پشیمان ہوکر
وہ بھی بالین پہ مری بہر تماشا آیا

برسون اس عالمِ فانی مین بسر کی لیکن
آج تک خضر و مسیحا کو نہ مرنا آیا

کفر و دین دونون کو چھوڑا تو خدا ہکو ملا
کام اپنے تو نہ کعبہ نہ کلیسا آیا

شوقِ بابوس مین ہین موج ہی صدقی گرداب
کون محبوب نہانی لبِ دریا آیا

اپنی غفلت کی مین صدقی کہ تمہارا شکوہ
ایکدن بھی نہ قریبِ لبِ گویا آیا

پیشِ عشق سی کسکو ہی غذا کی حسرت
بنگیا چہالا جو مُنہ تک مری دانا آیا

بی نشانی سی مرا نام ہوا دنیا مین
مین بھی کہنی کی لیی صورتِ عنقا آیا

بعدِ مدت نظر آتا ہے مری پہلو مین
آج کیا جی مین تری او دلِ شیدا آیا

ہر طرف رنگِ دورنگی ہی چمن مین پیدا
کون اس باغ مین ای دل گلِ حنا آیا

بی نشانون کا زمانی مین ہوا مین رہبر
دیکھکر نقشِ قدم کو مری عنقا آیا

منتِ دایہ کا شرمندہ ہوا طفلی مین
روح کی ساتہ عدم سی غمِ دنیا آیا

تہا وہ سرگشتہ وادیِ محبت تسلیم
دیکھکر مجکو گلے ملنے بگولا آیا

شبکو ہمسایی مین وہ شوخ جو تنہا آیا
کیا کہون مین دلِ بیتاب مین کیا کیا آیا

سنکی تقریر مری کہتی ہین گل غنچون سی — ایک اس باغ مین یہ بلبل گویا آیا
اونکی آنکھون سی تجھی نسبت چشمی کیا — کس طرف دہیان ترا نرگس شہلا آیا
میری کہنی سی بگڑتا تہا دل دشمن دوست — تو نی دیکہا بت بیرحم کا وعدہ آیا
سرخ ہی کوسون ہر خار بیابان جنون سے — اس طرف بہی کوئی پا مال تمنا آیا
تہام لی دل کو ذرا شیخ کہ مشکل نہ پڑی — دیکہہ وہ شوخ ادا کافر برسا آیا
وعدہ حشر بہی بنجائی گا اک حرف غلط — بل پہ جس روز مزاج رخ زیبا آیا
نفس چند ہی یہ لالہ و گل کا عالم — کچہہ نہو گا جو خزان کا کوئی جہونکا آیا
میری ہستی تہی جہان مین صفت موج سحاب — اپنی ہنسنے پہ ہمیشہ مجہے رونا آیا
ادب بادہ پرستی سے یہ تا بخشتا — سر جہکا تا رہا جو سامنی شیشا آیا
سجدی کرتا ہون ہتونکو یہ خدا کی قدرت — آگی میری مری تقدیر کا لکہا آیا
لو رقیبون سی وہ کہتی ہین جلانے کے لیی — خواب مین جاکی اوسی اور بہی تم سا آیا
مین تو خود سوختہ جان خستہ جگر تہا ظالم — تو جلانی مجہی کیون داغ سویدا آیا
کون دیکہی گا اوسی تاب نظارہ ہی کہی — ہمنے مانا کہ دم وعدہ فردا آیا
روتی ہین دیکہکی روتی ہوئی مجکو کیون لوگ — اشک کی ساتہ کوئی پارہ دل کیا آیا
یہ غلط ہی کہ حسینون سے حذر لازم ہے — روکنے سی دل وحشت زدہ دونا آیا
ناز بیرحمی یوسف نے اوٹہا حسرت سے — چاک دامن کی طرف دست زلیخا آیا
مین کی سوز دل پروانہ تری محفل مین — مین جگر سوختہ داغ تمنا آیا
وحشت انگیز مری وضع سے کچہہ ٹپکی نہین — آج دہن مین طرف نجد بہی ہوتا آیا
ہون وہ دیوانہ عریان کہ عدم سی تسلیم — پردہ پوشی کو مری دامن صحرا آیا

ضعف نے عالم دکھایا قید مین تشہیر کا
شور ہی آفاق مین خلخالِ موتی زنجیر کا

حالِ صوفی کا مزا دیتی ہی لذت وقتِ ذبح
وجد مین لاتا ہی دلکو زمزمہ تکبیر کا

پڑ گیا ہی کسکی چشمِ شوخ کا تیر نگاہ
دیدۂ آہو ہی روزن سینۂ نخچیر کا

ہون تو مطلب کیسی مطلب سے کچھہ مطلب نہین
نقطۂ شک مجکو سمجھو خامۂ تقدیر کا

کیون نہ سینی سی لگا لون آرزوی وصل مین
تیری پہلو کا مزا دیتا ہی پہلو تیر کا

کسکو جینے کی تمنا ہی فراقِ یار مین
چارہ گر احسان نہ لی درمان بی تاثیر کا

خاک مین ملنا گوارا پر نہین مجکو دماغ
نوجوانی مین لی دہانون نازِ چرخِ پیر کا

ذبح کرتا ہی مجھی فرقت مین میرا پیرہن
یان گریبان ہی گلی مین دامنِ شمشیر کا

ہای مرنی بہی نہ دی گی خوبی قسمت مجھی
نزع مین سنتا ہون آنا اوسنی بت بی پیر کا

کیا نشانِ بی نشانی چھوڑ جاؤن دہر مین
خواب بہی وہ ہون اثر جس مین نہین تعبیر کا

کوئی کیا سمجھی ادا شورِ لبِ خاموش کی
میرا ہر نالہ ہی نالہ بلبلِ تصویر کا

کسکی آمرزش نی بخشی بیگناہی کی مرے
بڑہ گیا کچھہ اور دلکو حوصلہ تقصیر کا

پڑہ چکی اصحابِ یسین دی چکی عیسی جواب
ای اجل اب ناز اوٹھواتی ہی کیون تاخیر کا

بسکہ ہون طفلی سی تلخی آشنائی دو غم
خونِ دل پینا مزا دیتا ہی مجکو شیر کا

عمر بہر تدبیر سی بگڑی سی سامانِ وصل
وای نادانی کہ پہر قائل نہین تقدیر کا

گرمِ فقری سنکی تیری جل بجہونگی بزم مین
مین ہون پروانہ چراغِ شعلۂ تقریر کا

عالمِ بالا مین بہی نکلا نہ کوئی دادرس
ہوگیا دل سرد اپنی نالۂ شبگیر کا

دیکہتا ہی ضعف سے لیکن بتا سکتا نہین
ہون مگر خوابِ پریشان دیدۂ زنجیر کا

یاد کرتی ہوگی رحمت سے خدا کی سامنی
دیکہنا واعظ وہان رتبہ مری تقصیر کا

ہمرہانِ دشت سی کوئی نہ آیا تا وطن
ہان مگر احسان ہی مجھپر خارِ دامنگیر کا

رنگ لایا جوشِ بادیِ وحشت ہر طرح
مدتون اوڑھا پہرا کا غذ مری تصویر کا

کھینچتے ہین لوگ محکو داغ ہی اب دیکھی
کسکے سینے سی ملی پیکان تمہاری تیر کا

چھیڑ کر سنتا ہون افسانہ جنونکا قید مین
حلقۂ احباب ہی حلقہ مری زنجیر کا

گنبدِ مدفن بنا جب لگیا مین خاک مین
رنگ لایا بعد مردن حوصلہ تعمیر کا

تم گدا وہ شاہِ خوبان اہلِ محفل بی نیاز
شکوہ اے تسلیم کیا ایسی جگہہ توقیر کا

۲۲

یارون مین خوبی شیشۂ ساعت ہوئی تو کیا
ظاہر مین صاف دلمین کدورت ہوئی تو کیا

نکلا نہ گھر سی فاتحہ پڑہنی تمام عمر
کوچی مین اوسکی نام کو تربت ہوئی تو کیا

ہر حال مین جلی صفتِ شمع رات بہر
خلوت ہوئی تو کیا ہمین جلوت ہوئی تو کیا

کیا فائدہ کفن سی چھپا کر جو مُنہ چلی
مرکر کبی ہوئی سی ندامت ہوئی تو کیا

جو جو عذاب قبر مین ہونی تہی ہو چکی
روزِ جزا نجات کی صورت ہوئی تو کیا

محروم دیدہ رہ گئی اعمال کی سبب
برگشتہ قسمتون کو قیامت ہوئی تو کیا

گلچین نے سب کو پھول دی ہمکو داغ دل
باغِ جہان مین ایسی ہی قسمت ہوئے تو کیا

کیا مر کے شکلِ روزِ تمنا مین دیکھتا
تسلیم یون سحر شبِ فرقت ہوئی تو کیا

۲۳

دلِ پرخون مین سر سلسلہ مو نکلا
پارۂ لعل چراغِ شبِ گیسو نکلا

ہنس دیا مین صفتِ زخمِ جگر خون ہو کر
عین تکلیف مین آرام کا پہلو نکلا

وہ تہی بخت ازل تہی صفتِ چشمِ حباب
لاکہہ ہم پھوٹ بہی ایک نہ آنسو نکلا

مارڈالا لبِ جان بخش کی باتون نی مجھ کو
میری قسمت سی مسیحا بھی ہلا کو نکلا

بدزبانی سنے کیا اور زیادہ مفتون
حرفِ دشنام بھی تاثیر مین جادو نکلا

۲۴ لاکھہ احباب نی چاہا مگر اِبتک تسلیم
اونسی ہرگز نہ کوئی صلح کا پہلو نکلا ۲۲

مضمون نہین لکھا دہنِ بیمثال کا
عنقا شکار ہی مری دامِ خیال کا

رخسارِ آتشین پہ نہین دانہ خال کا
پروانہ جل بجھا کوئی شمعِ جمال کا

اللہ ری عروج تری پایمال کا
ہر ذرہ آفتاب ہی چرخِ کمال کا

دامن کہین پڑا ہے گریبان کسی کا ہے
میری جنون مین جوش ہی صوفی کی حال کا

مرکر بھی داغِ عشق پری وہی جلوہ کر
دیکھا نہ مُنہ کمال نی میری زوال کا

تھا شیفتہ جو گیسوِ برہم کا روزِ حشر
دینا پڑا حساب مجھی بال بال کا

تشبیہ دی جو ابروِ جانان سی بھول کر
ملتا نہین داغ فلک پر ہلال کا

تقلید سی نصیب ہو ذاتی صفت محال
دیکھا نہ مُنہ ہلالِ سپر نی کمال کا

کیا خوب بوسۂ لبِ جان بخش اور تم
سچ ہی نہین جواب تمہاری سوال کا

عکسِ فروغِ حسن سی اوس جانماز پہ کے
پردہ ہی مہر کا تو گریبان ہلال کا

یہ بھی دہانِ یار کو ثابت نکر سکا
کیا کیا خیال تھا مجھی اپنی خیال کا

ثابت ہوا سکوت متاعِ صد فسی ہے
بہتر تا ہی مُنہ گہر سی خدا بی سوال کا

خونریز دیکھنی کی نمائش پسند ہین
کشتہ جہان مین کون ہی تیغِ ہلال کا

کاہش سی ابتو ہون تری موی میان کی طرح
مجھ تک گذر نہین ہی مری احتمال کا

موباف سرخ ہی تری زلفِ سیاہ مین
یا سر چڑہا ہی خون کسی پایمال کا

آنکھون مین گھر کیا صفت ہیے مہ ہو کی خاک
رتبہ ملا زوال سی ہمکو کمال کا

روزِ ازل سی قید ہون آزادی کی ہوا
رکھای تن پہ دیکھلو عالم ہی جال کا

پالا ہوا ہی عیش کا کس طرح دون تمہین
خوگر یہ دل نہین ابھی رنج و ملال کا

شامِ شبِ فراق کا دل ٹوٹ جای گا
مژدہ نہ دیجیی مجھے صبحِ وصال کا

مرکر بھی جستجو کی تمنا نہ کم ہوئے
اوڑھا پھرا غبار تری پایمال کا

ہر سمت جلوہ ہای معانی کی دید کر
گھونگھٹ اولٹ دیا ہی عروسِ خیال کا

تسلیم زاہدون کو مبارک غرورِ زہد
مجکو تو آسرا ہے محمدؐ کے آل کا

۲۵ ۱۵

غفلتِ عشق مین سب کچھ مین کہان بھول گیا
ایک تم یاد رہی سارا جہان بھول گیا

دل مین انصاف کر کیسی کیا ہی بیہوش
تم بھی کہتی ہو کہ تو رسمِ فغان بھول گیا

چھیڑ کرتی ہی کیا دیکھی گل کو بلبل
دو ہی دن مین ستم دورِ خزان بھول گیا

کل تو تھا غفلتِ جامِ می پر جوش کا عذر
آج بھی تو مجھی او پیرِ مغان بھول گیا

پھر ہی جینی کے تمنا دمِ محشر افسوس
گور مین مین ستم عمرِ روان بھول گیا

جب مین کہتا ہون کہ تم بھول گئی عہد وفا
کہتے ہین کہوئی ہوئی مجھی کہ ہان بھول گیا

کیا کہون کیا ہوئی راحت تیی آنی ہی مجھے
یہ تو ظاہر ہی کہ سب درد نہان بھول گیا

ہر طرف کیون نگران ہی شبِ تنہائی مین
چشمِ بیدار تجھی خوابِ گران بھول گیا

آپ آیا خبرِ وصل نہ لایا قاصد
چارہ درد دلِ غمزدگان بھول گیا

ہای ری بیخودی شوق کہ اپنی ہی مین
خانۂ یار کی سب نام و نشان بھول گیا

آج تک پھر کی نہ آیا سوے پہلو شاید
مجکو میرا دلِ سیماب و تپان بھول گیا

ترمِ طینت ہین ہوا سنگدلونسی ظالم
خاک مین مل کی مجھی جورِ بتان بھول گیا

بوجھ لی سیکڑون برباد ہین اوقات مجھسی
خانہ ویرانی اگر میرا مکان بھول گیا

دھوکی مین شملِ جدائی کی موذن بہکا
رنگ بدلا یہ سحر کا کہ اذان بھول گیا

۲۶ ایک مدت ہوئی ہمجوڑی ہوئی فن کو تسلیم
کیا کہین شعر کہ اندازِ بیان بھول گیا ۱۳۷

ہمپہ احسان ہی مزارِ پاک کا
خاک نی پردہ کیا ہے خاک کا

ہون مصیبت دوست بہرِ عیش مین
خندہ ہون اپنی دلِ صد چاک کا

صورتِ شعلہ ہون مین نازک مزاج
ناز اوٹھسکتا نہین پوشاک کا

کونسا دلسوختہ مدفون ہوا
بیٹھہ دھوان دیتا ہی پہلو خاک کا

ذبح ہو کر بھی نہ آزادی ملے
طوقِ گردن حلقہ ہی فتراک کا

سنے ثباتے سے ہی ثابت زندگے
وعدہ ہون وصلِ بتِ بیباک کا

اوڑکی پوہنچے آستانِ یار تک
حوصلہ دیکھو ہمارے خاک کا

ہون وہ خود بین سامنی ہنگامِ ذبح
آئینہ ہی معجزِ صیقلِ خاک کا

وای بیدردی نہین کوئی شریک
ماتمِ صبحِ گریبانِ چاک کا

لوگ رو دیتے ہین مجھکو دیکھکر
ماجرا ہون خاطرِ غمناک کا

مرگ سی شرمِ گنہگارے بڑہے
روز و شب ہی مُنہ پہ دامن خاک کا

جیتی جی صورت نہ دیکھی بعدِ مرگ
لی رہے ہین بوسہ روی خاک کا

خوف کیا تسلیم روزِ حشر سے
گردِ دامن ہون شہِ لولاک کا

ہین عیان برہمی دہر کی سامان کیا کیا
چشمِ وا دیکھتی ہی خوابِ پریشان کیا کیا

صبحِ غم تو زِ بلا شامِ مصیبت ہو کر
طول دکھلاتی ہی خوفِ شبِ ہجران کیا کیا

دی ہی جو دردِ دلِ پرورد ہ غم سی شبیہ
بگڑی بن بنکی تری زلفِ پریشان کیا کیا

بدگمان تا سی کہتا ہی شبِ وصلت مین
میری ارمان کی سوا ہین تجھی ارمان کیا کیا

ہی سی ضعف کہ ہر اشک مرا حسرت سے
نگران ہی طرفِ گوشۂ دامان کیا کیا

بی اجازت جو درِ یار کا کرتا ہون طواف
گھورتا ہی نگہِ قہر سی دربان کیا کیا

سخت جانی کی ارادی نہوئی آج بھی کم
رہ گئی قاتلِ بیرحم کی ارمان کیا کیا

طعنۂ بی اثری بی جو ندامت بخشے
پانی پانی ہوئی اشکِ سرِ مژگان کیا کیا

غمِ مقتول مین اک ترک حنا کی تو کیا
رنگ لائی گا ابھی خونِ شہیدان کیا کیا

زلف لہرائی جو رخ پر مجھی آیا افسوس
ہی کافر فنی ہی بوسۂ آن کیا کیا

چل گیا آج کوئی غیر کا افسون ورنہ
کل تلک تھی مری اوس شوخ کی یہان کیا کیا

سیکڑون طرح کی صد مے شبِ فرقت نے دیی
کہیی کس کس کو بیان کیجیی ایجان کیا کیا

یونہین مشتاقِ شہادت جو رہی گا عالم
ہون گی آباد ابھی شہرِ خموشان کیا کیا

پھک رہی ہی تپشِ سوزِ درون سی ہر شے
نالہ آتا ہی جگر سی عرق افشان کیا کیا

سانہ زخمون کی مجھی بھی چلی آتی ہی ہنسے
گد گداتی ہین جگر کو تری پیکان کیا کیا

شبِ ہی شوق مین تھا سوزِ دلِ پروانہ
گرمیان کرتی رہی شمع شبستان کیا کیا

خویش و بیگانہ مجھی دونون سمجھتی ہین دلیل
موت آتی نہین ہی عمر گریزان کیا کیا

تمل سی پہلی جھکا ہی سرِ دشمن تسلیم
تیغِ جلاد ابھی سی ہی پشیمان کیا کیا

عزتِ رندی کا ہجا ہی مین لطف اگر اوٹھا
خمِ سرِ شیشہ ہوا تعظیم کو ساغر اوٹھا

تیمم بسمل چھوڑ کر کیون دیکھتا ہی بار بار
حوصلہ کچھ اور باقی ہو تو پھر خنجر اوٹھا

اضطرابِ دل کی صدقی دیکھکر تابوت کو
بہرِ استقبال شورِ فتنۂ محشر اوٹھا

مختصر کر طول اونکو دام مین لاتی ہی کیون
پاون پڑ پڑ کر نہ اتنا زلفِ پرخم سر اوٹھا

مجھ تصوّر پیشہ ہی آئینہ رو چھپنا محال
پردہ چاہی چھوڑ چاہی ستّر اسکندر اوٹھا

جرعہ پیشیانی نہین غفلت سرای دہر مین
جو یہان بیٹھا کفِ افسوس ہی ملکر اوٹھا

مرتی ہین نزاکت تز مین کان پر بالِ نور
کیا یہ تعمیرِ گلی لیجاینگی سر پر اوٹھا

وای غفلت روتی ہین یارانِ بیحاصل کب مجھے
کشتیِ عمرِ روان کا جس گھڑی لنگر اوٹھا

کوی جانان مین بھی وحشت نے نہ لینی دیا
گرد کی مانند بیٹھا صورتِ صرصر اوٹھا

دیکھنی والی ہین ہم بھی تیری چشمِ ناز کے
دی اگر خصت حیا گردن ذرا اوپر اوٹھا

سبزۂ روئیدہ بس ہے پردہ پوشِ بیکسان
ای صبا تربت سی میری پھول کی چادر اوٹھا

کٹ چکی شامِ جدائی صبح وعدہ ہے قریب
اور دم بھر صدمۂ فرقت دلِ مضطر اوٹھا

بزمِ نوشانوش مین واعظ بیانِ زہد کیا
طاقِ نسیان پر کتابِ پند کا کیسا غرا اوٹھا

بعدِ مردن بھی ہی باقی وہی سرگشتگی
خاک سی میری بگولا کہا کی سو چکر اوٹھا

دیکھکر آبِ بقا کو مانگ مرنی کی دعا
تشنگی کی ناز گر دیدۂ کوثر اوٹھا

۲۹ ناگہانی سانسرای دہر مین تسلیم خواب
دیکھا آغازِ سحر بیدار ہو بستر اوٹھا ۱۲

حشر برپا کسکے دم سی کوچۂ قاتل مین تھا
ایک شورِ بیقراری سو وہ ہر محفل مین تھا

پرورش کی ہی کنارِ بیقراری نی مری
ہون وہ ارمان جو سینۂ بسمل مین تھا

کوئی صحبت ہو مجھی پہ کرتماشا دیکھنا
مین ہی گویا رنگِ محفل تھا کہ ہر محفلمین تھا

آگہی تمنی ہای جوشِ آرزو کو کیا کیا
آج وہ ارمان نہین کل تک جو میری دل مین تھا

تھا ازل سی مین پسندِ خاطرِ افتادگی
خاک مین ملنا برنگِ اشکِ آب و گل مین تھا

شورِ بختی نی کیا محرومِ عرضِ حال سے
ہر حبابِ بحر تیخالہ لبِ ساحل مین تھا

عاشق و معشوق ہوتی ہین مقرر راز دان
کہہ ہی ہو تم وہی جو آج میری دل مین تھا

شہرتِ بی اعتباری تھی جو حسن و عشق کو
نجد مین لیلی تھی مجنون پردہ محمل مین تھا

قسمتون سے ملی ہوئی ورنہ بلا تھی آہِ عشق
راہزن ہر رہگذار خضر اس منزل مین تھا

یہ غلط ہی یاد کرتی تھی مجھی تم ہجر مین
غیر الفت تھا جو آپ کی مین دل مین تھا

تھا تمنا مرگ کی پر دل مین حیلہ ساز کے
مطلب آسان تھا لیکن پردہ مشکل مین تھا

وہ ہوا تسلیم ثابت مجکو نفیِ غیر سی
حق تو یہی حق کہی یہان جو وہ باطل مین تھا

۳۰ ۲۲

پھر خیالِ لعلِ برہم مشک افشان ہوگیا
پھر مرا مجموعۂ خاطر پریشان ہوگیا

ہجر مین خنجر ہلالِ عیدِ قربان ہوگیا
غیب سے پیدا مری مرنی کا سامان ہوگیا

جب گیا سیرِ چمن کو بی تری مار اپڑا
برگِ خنجر تیرِ شاخین غنچہ پیکان ہوگیا

پایِ قاتل سی نہ اوٹھا سر بکفدی کے بعد
سایۂ شمشیر مجکو بارِ احسان ہوگیا

آشنای لذتِ زخمِ جگر طفلی سی ہون
شیر کا قطرہ مری سینی مین پیکان ہوگیا

تا فلک پونہچا ہی آہ و جوشِ سیل نیم اشک
کم نہی ہونی پہ یہ قطرہ ایک طوفان ہوگیا

لاکہہ چاہا پر نہ نکلا سینہ صد چاک سی
دردِ دل بہی آپ کی منی کا ارمان ہوگیا

لی سا ہی مرگ کی نیند مین ہر اک طفلِ سرشک
گوشۂ دامن مرا شہرِ خموشان ہوگیا

سیکڑون کہانا ہی قسمین اعتبار آنا نہین — وعدۂ محبوب بھی اہد کا ایمان ہوگیا
انگلیان اٹھتی ہین جسدم نالہ پر شکل ہلال — جسقدر مین کم ہوا اوتنا نمایان ہوگیا
پرورش کرتا ہی میری آہ کس کس پیار سے — حلقۂ زنجیر آغوش عزیزان ہوگیا
پھک رہا ہی اک جہان سوز دل بیتاب سے — آفتاب صبح محشر داغ پنہان ہوگیا
گھر کیا دل مین حسینان جہان نے اسقدر — رفتہ رفتہ اپنا پہلو یوسفستان ہوگیا
التفات عشق ہی دل کی خرابی ہی رہی — یہ وہ گھر ہی جب ہوا آباد ویران ہوگیا
داغ ناکامی غم فرقت جفای آرزو — ایک اس دل پر نہین کس کس کا احسان ہوگیا
اک بہار تازہ ہی رنگین ادائی یار کے — داغ الفت ہی مرا سینہ گلستان ہوگیا
قتل ہی ہوکر کیا دشمن کو ہمنی سرفراز — خون اپنا خلعت شمشیر عریان ہوگیا
اعتبار ظلم کھویا انتہای صبر نی — چار آنکھین جب ہوئین مین جنجو پشیمان ہوگیا
دی کبھی تکلیف صرصر نی کبھی برسات نے — مین چراغ تربت گور غریبان ہوگیا
اس قدر بوسی لبی سنگدل دلدار کی — بدگمان آخر مری جانب سے دربان ہوگیا
انتظار یار مین امیدنی مارا ہی مجھے — مر گیا جو دم دہن تک آکی پیکان ہوگیا

اب کہان تسلیم لطف صحبت جام و سبو — چند دن احسان دور میفروشان ہوگیا
۳۱ — ۱۷۸

ہین اشارات مین تقریر کی پہلو پیدا — بات کرتی ہی تری جنبش ابرو پیدا
ایک عالم پہ نہین حسن دو رنگی تیرا — فتنہ آنکھون ہی کبھی ہی کبھی جادو پیدا
یاد کسکی لب رنگین کے رولاتی ہی مجھی — صنعت لعل ہین ہر آنکھ ہی آنسو پیدا
چاہتا ہی دل سوزان ہوا سیر کاکل — حسن کرتا ہی چراغ شب گیسو پیدا

پیشتر مجھسے مری نام نی پائے شہرت
گل سی پہلی ہوئی اس باغ مین خوشبو پیدا

گرچہ مجسی تو کیا بہر نمائش صد جا
صورت رشتۂ تسبیح ہوا تو پیدا

مژدہ ای دل کہ بڑھی تیری تڑپنے کی جگہہ
چاک پہلو سی ہوئی وسعت پہلو پیدا

سرمہ آنکھون مین لگایا تو یہ بھی عاشق
عین وحشت مین ہی گرد رہ آہو پیدا

یہ وہی لب ہین جو اعجاز کا دم رکھتے ہین
انھین انکھون سے ہوا کرتی ہین جادو پیدا

آبرو رونی کی شبنم نی چمن مین کہہ لی
چشم نرگس مین ہوئی غیب سے آنسو پیدا

درد پہلو مین خلش دل مین غرض عالم مین
کچھہ نہ کچھہ کرتی رہی خیش ابرو پیدا

پردہ گل مین بڑھی پردہ دری نکہت کے
جب کے نظر [illegible] ہوا اور وہ ہر سو پیدا

کیا کہون وصل مین کسکی بدولت بیہوش
ہوا کرتے ہے کیفیت جادو پیدا

ہمسری کیا قد موزون سے کری گا پیری
چال تو پہلی کری سرو لب جو پیدا

طائر جان پی پرواز عدم مقتل مین
اوڑکی کرتا ہی پر تیر سے بازو پیدا

نازار باب ستم کی نہ اوٹھی ای تسلیم
مرمٹی جبکہ ہوا چرخ جفا جو پیدا

پھر مرثی جنون کا چار سو چرچا ہوا
پھر بیان مین شوری تسلیم کو سودا ہوا

پھر وہی بندہ نوازی ناصح مشفق نی کی
پھر مری بالین پہ ہنگامہ وہی برپا ہوا

پھر قدم رنجہ کیا بہر خلش فصد اونی
پھر مجھی نشتر زبان طعنۂ اعدا ہوا

پھر ہوئی پردہ دری شام مصیبت دیکھکر
پھر گریبان سحر کی طرح مین رسوا ہوا

پھر لی جاتا ہی مجکو دل حسینون کیطرف
پھر کسی کی چاہنی کا حوصلہ پیدا ہوا

پھر سکھائی مجکو بیتابی نی بجلی کی تڑپ
پھر مرا رونا بعینہ ابر کا رونا ہوا

پھر ہوا میں ناز بردارِ فریبِ عیش و غم
پھر وہی بے اعتباری عشق کی مجھ سے ہوئی
پھر بتوں کی تن تمانی سنکی رہتا ہوں خموش
پھر لہکتا ہی مری آنکھو میں سامانِ طرب
پھر مجھی سمجھا ہی کوئی پیکرِ خواب و خیال
پھر عدو سُنکی خوشامد ہی میں میری جا لگو
پھر ننگِ قیس ہی وحشی ہوا آرامِ دل
پھر سمجھتا ہوں اجل کو حاصلِ عمرِ عزیز
پھر کسی کی انتظاری نی بنا یا بت مجھے
پھر مجھی نازِ عدو و وجہِ نیازِ گو رہی
پھر ہوا جامی ہی باہر نکہتِ گل کی طرح
پھر ہی کوئی پیکرِ صورت نمائی بیخود ی

پھر نمک زخمِ خونِ شوق لگا ہنسنا ہوا
پھر میں اپنے وعدۂ محبوب کا شکوا ہوا
پھر خدائی دیکھتا ہوں میرمیں بیٹھا ہوا
پھر بلائے جانِ خیالِ شیشۂ مینا ہوا
پھر بنا افسانہ میں تقدیر کا بھولا ہوا
پھر صدائے خندۂ معشوق میں گویا ہوا
پھر غزالِ وادیِ غربت سگِ لیلی ہوا
پھر امیدِ التفاتِ مرگ پر جینا ہوا
پھر بنائے چشمِ روزن چشم کا حلقا ہوا
پھر بدولت آسمان کی خاک میں ملنا ہوا
پھر کسی کی جستجو میں کو بکو پھرنا ہوا
پھر کسی کے یاد میں ہوں آپکو بھولا ہوا

پھر سکوتِ مدعا قفلِ لبِ اظہار ہی
پھر اجابا کہتی ہیں تسلیم تمکو کیا ہوا

۳۲ ۱۶

خونِ دلائی گا مجھی مہندی لگانا یار کا
سر بکف دوڑا خوشی ہی سے استقبال کو
نرگسِ میں نظارۂ دلدار کی فرصت کہاں
ناوکِ افگن ہی وہ مجھپر نالہ کش ہوں میں جنہیں
مہندی سا لسنو پر گمانِ سرخی ہی مجھی

رنگ لائی گا مقرر رنگ لانا یار کا
ہای جب میں سُنا مقتل میں آنا یار کا
اجو یکساں ہی مجھی آنا نہ آنا یار کا
ہی فلک میرا نشانہ میں نشانا یار کا
کہ بہانے سے نہیں آنسو بہانا یار کا

مرگ کی باعث ہی یاد بھجا ہی بعد وصل
قتل کرتا ہی حیا سی سر چڑھکا نا یار کا

ای غم تکلیف دوری نا توان ایسا نکر
عمر بھر مجکو ابھی ہی ناز اوٹھانا یار کا

حشر تک خوابیدگان خاک کا اوٹھنا محال
سو رہی ہین چین ہی سنکر فسانا یار کا

آتش یاقوت رشک دود عنبر ہوگئی
اک طلسم تازہ ہی مسے لگا نا یار کا

خاک میری دشت غربت سے اوڑا لائی صبا
مرکے بھی مجھسے نہ چھوٹا آستانا یار کا

گو بظاہر میری نظرون سی ہی پنہان ہو گیا
خاطر نا شاد سی مشکل ہی جانا یار کا

خوب وہ یا قبر مین جسدم چلی منکر نکیر
یاد آیا مجکو تنہا چھوڑ جانا یار کا

مدعی کو برق خرمن بزم عشرت مین ہوا
دیکھکر دزدیدہ مجکو مسکرانا یار کا

چہیڑتا ہی دیکھکر آشفتہ خاطر اور بہے
سر چڑہا ہی کسقدر زلفونکی شانا یار کا

حرف رخصت ہو گیا شہپر بنی پرواز روح
مرگ کا آنا ہوا پھلوسی جانا یار کا

ایک تو محروم ہی تسلیم ورنہ روز و شب
چوسنی رہتی ہی زلف یار شانا یار کا

۳۴۷

کیا کرون اپنی غرض کو مین تقیبونسی ملا
تب کہین ملا وسکا پتا آج نصیبونسی ملا

ہر دوا مین اثر سم ہی گمان ہی مجکو
ملک الموت کہین ہو نہ طبیبونسی ملا

عام ہی دولت نظارہ دم محشر ہے
آج تو آنکھ نہ شہ حسن غریبونسی ملا

ماتم مرگ ہوئی عید کی شادی مجکو
جب گلی دوڑکی وہ اپنی قریبونسی ملا

کارسازی تو بہت کی ہی مگر یا نسی
شور فریاد مرا اوسکی نقیبون ہی ملا

دشت مین پاس جب آیا تو بگولا آیا
عمر بھر مین انہین برگشتہ نصیبونسی ملا

مکتب عشق کی تعلیم نہو چھو تسلیم
جو ملا مجکو محبت کے ادیبونسی ملا

کیون وہ مان نے خم پر عالم ہی قابل نور کا
کیا زبان تیغ نی چاہی ہی پتہر طور کا

حشر مین بہی کشتگان عشق کی پرسش نہین
رہ گیا منصور کی گردن پہ خون منصور کا

اس طرح دنیا سی آیا گور تک مرکی مین
جیسے منزل پر پہنچکا مارا مسافر دور کا

ساقیا مست ازل ہون کیا کرون پیکر شراب
جای دل پہلو مین شیشہ ہی مے انگور کا

یاد آتی ہی بتون کی سجدہ ہی کی
کیا ہی مین جلتا ہون نام آہی بے کاغور کا

عالم اسباب ہی نیت اسباب حسن
پاک ہی آرائش شانہ سی گیسو حور کا

ہی امید وصل یاس نامرادی دور دو
دل مرا گہر ہی خیال شاہد مستور کا

اسقدر گبرا نی کیون ہو تہر مرجائی تو جا
اور ہی دم بہر بکہیڑا عاشق رنجور کا

دنکو بہی ظلمت سیہ خانی کی میری کم نہین
ہور ہی ہی چاندنی دامن شب دیجور کا

مرکی بہی برہم مزاجون ہی سی کاربط کم
استخوان اپنا بنی گا شانہ زلف حور کا

ہای کیا پہونکا مری فریادنی سنکر جسے
دم بخود ہی صور مین نالہ دہان صور کا

مال ہو ذی نوش کر بیخوف پرسش دہر مین
گہر بنا ہی لوٹنی کی واسطی زنبور کا

ہای سی ہمدردی الفت سبب جانے لگے
تیرہ بختی نی لیا دامن شب دیجور کا

بیکنا ہی دیکہ ظالم کہ میری حال پر
خون بہر لایا ہی دیدہ جوہر سا طور کا

کون ہی مہمان مری گہر مین فیض حسن سے
روزن دیوار پر عالم ہی چشم حور کا

اسقدر ناز کہ مزاجی نی مجہی کیہنچا دیا دور
جانتا ہون ناز اوٹہانا کام ہی منصور کا

بی فتیلہ جل رہا ہی کچہ دہوان ہی نہین
طور ہی میری چراغ دل مین شمع طور کا

تم جو شکل قیس غم مجہ تیرہ قسمت کا کرو
خیمہ لیلی بنی دامن شب دیجور کا

کیون خوشی ہنستی ہی مجہ پر کیسی دنی ہی مین
دل غنی کا ہون مین ارمان ہون بے قید زر کا

عاشقی مین و فنون یکساں مین فقط اتنا ہی فرق
مین ہتو کا شیفتہ دیوانہ زاہد حور کا

پانون چھل چھل کر لہو بہتا ہی ہر دم قید مین
دیدۂ زنجیر اپنا دیدہ ہے ناسور کا

وہ خموشی آشنا ہون وہ نی محشر تک صدا
کاسۂ سر کو بنائین کاسہ گر تنبور کا

اک بت پر نور ای تسلیم ہی پیش نظر
آنکھ کا دور انہین رشتہ ہی شمع طور کا

٣٦ ١١٦

اور کیا کا ہیدہ ہوتا لاشہ مجھ کمزور کا
سایہ ہی جای کفن مژگان چشم مور کا

گھلتی گھلتی شمع کی مانند آخر جل بجھا
منہ نہ دیکھا میری لاشی نی دہان گور کا

سوز غم سی ہون مین افتادہ سراپا آبلہ
شیر کا ناخن مجھی ناخن ہی پای مور کا

دیکھنی کی صاف اجتنی مین ہے شفاف بیضۂ مور
خانۂ آئینہ مین حصہ نہ دیکھا چور کا

ضعف مین اغلال کی زندان سی ہکو کم نہین
طوق ہی گردن مین حلقہ موج آہ مور کا

بیکسون کو آج ہون کوئی آئی گا ضرور
بی سبب ہنسنا نہین میری چراغ گور کا

ناتوانی نی جگہ نہ دی توان کی آنکھ مین
میل سرمہ ہی تن کا ہیدہ چشم مور کا

کیا کری شکوہ مری سوز محبت کا کہ مین
بنگیا ہون آبلہ اپنی دہان گور کا

ناتوان و ہون کہ زیر خاک بدفن بعد مرگ
بار ہی سایہ مجھی مژگان چشم مور کا

کوئی صدمہ دی فلک شکوہ زبان تک آ نی کیا
مین لب تصویر ہون خوگر نہین ہون شور کا

کھینچ لایا فاتحہ خوانی کی حیلی سی نہین
نقش حب ہی ای اجل تعویذ میری گور کا

وصف مین اونکی دہان و لب کے کیا کہو ای زبان
نطق کا کام آنا نہین یان پر کتنی زور کا

تیرہ دل کو نفع کیا تسلیم شعر صاف سے
دیکھنا بیکار ہی آئینہ چشم کور کا

٣٧ ١١٧

هدفِ ناوکِ نظر نہوا — آہ ٹکڑے کیے جگر نہوا

کر چکے چارہ گر مسیحائے — دردِ منت کشِ اثر نہوا

لاکھ فریاد کی مگر وہ شوخ — پوچھنا ایک طرف خبر نہوا

مہر نکلا ہی کیا چمک کر حیف — یار اس وقت بام پر نہوا

دیکھ لے مہربانیِ قاتل — ایک سے بھی زخم کارگر نہوا

اوغمِ ہجر اور کیا کہیے — حیف اب تک لہو جگر نہوا

آفریں باد تجھکو محرومے — اثرِ نالۂ سحر نہوا

تشنہ جانے کچھ اور کر تدبیر — آبِ خنجر ہی حلق تر نہوا

ہوں وہ افسردہ سنگِ مدفن ہے — گرمِ ہنگامۂ شرر نہوا

کاش فرقت میں دم نکل جائے — بارہا چاہا بیشتر نہوا

سجدۂ بت کی واسطے تسلیم

۳۸ — ہای پایِ طلب سے سر نہوا — ۱۸

آئینہ رو کی یاد میں ٹکڑے جگر ہوا — مجھکو ہلالِ تیغ ہلالِ صفر ہوا

کس رو سے تھی مجھی بھی اسیری کی آرزو — تو چاکیا جو قابلِ پرواز پر ہوا

دیکھیں شبِ فراق گذرتی ہے کس طرح — دن تو فریب وعدہ میں امید بسر ہوا

پیری میں لیچلی ہے قضا جانبِ عدم — جب دست و پا تھکے تو ہمارا سفر ہوا

اندھا بنا دیا مجھے جوشِ سرشکِ نی — نورِ نظر ہی دشمنِ نورِ نظر ہوا

ملتا نہیں وصال میں اب کیا علاج اگ — جینا تو ہجر میں تری امید پر ہوا

جوڑا جو کھل کہا نہ اوٹھی فرطِ ناز سے — آخر کو بارِ زلف وبالِ کمر ہوا

بعدِ فنا بھی ہین وہی آتش مزاجیان
نخلِ چنار سبز مری خاک پر ہوا

اپنی سی ہو حصول تمنا محال ہے
دریا سی آج تک لبِ ساحل تشنہ ہوا

تسلیم کین اگرچہ عرقریزیان تو کیا
۳۹ حاصل غ اس زمین مین کوئی شعر تر ہوا ۱۳

مر کی بھی برسون خیالِ اسبات کا آیا کیا
مین لبِ شیرین پر اونکی زہر کیون کہا یا کیا

بکتی بکتی ہو گئی تھی اسقدر بکنی کی خو
مدتون ناصح مجھی ناحق بھی سمجھایا کیا

بی اجازت لی لیا تھا ایک بوسہ خوابمین
مرتی دم تک مجھسی سیر اشوق شرمایا کیا

یار کیا صدمی خیالِ یار بھی دیتا رہا
روز جوشِ بیخودی مین مجکو ترسایا کیا

کار فرما جب تلک تھی نوجوانی کی اُمنگ
کیسے کیسے رنگ جوشِ آرزو لایا کیا

کس قدر تھا نشہ مستی مین کہ میری قبل پر
استخارہ اونکو واجب عمر بھر آیا کیا

وای قسمت وصل کی شب جب تسکین یار سے
صبح تک سنتا رہا اور دل مین گھبرایا کیا

جستجوِ گم گشتگی کا عمر بھر جھگڑا رہا
روز دل کھویا کیا مین روز وہ پایا کیا

غیر کی بیمایگی کا درد پوچھو آنکھ سی
دیکھکر دامن کو خالی اشک بھر آیا کیا

کچھ تو تیری نازنی سمجھا دیا تھا درد کو
بیکلی بنکر مرا دل مجکو دھمکایا کیا

غیر کا احسان بھی کام آیا نہ سوزِ عشق کے
حشر تک پانی لحد پر ابر برسایا کیا

اُف ری بیتابی کہ مین ہر روز اوسکی تلک در
شوق مین جایا کیا مایوس پھر آیا کیا

حشر مین تسلیم اوسکا ظلِ رحمت چاہیی
۴۰ ابر تربت نے جسکے سر پر دھوپ مین سایا کیا ۱۳

پیامِ مرگ جو پیغامِ پُر عتاب ہوا
جواب نامہ مجھے نامی کا جواب ہوا

مٹا حباب کیصورت تو بحرِ آب ہوا
بنا مین خوبی قسمت سے جب خراب ہوا

بجھا دیا عرقِ شرم کی تلاطم نے
مری سبب سے جہنم کو بھی عذاب ہوا

شکستِ توبہ کی لہر آئی دیکھکر دریا
حباب بھی مجھی پیمانۂ شراب ہوا

شبِ فراق مین کوئی نظر نہین آتا
خیالِ یار بھی آنکھونکو میری خواب ہوا

نگاہِ مست سی دیکھا جو اوسنے دریا کو
حباب مین اثرِ ساغرِ شراب ہوا

مثال بھی نہین عمرِ خضر سی دی مینے
تمہاری زلف کو ناحق بھی پیچ و تاب ہوا

وہ دیکھتی ہین مجھی مین کفن مین ہون روپوش
اودہر نقاب جو اوٹھی ادہر حجاب ہوا

ہوا نہ دوست مرا وہ کبھی بھی دشمن سے
یقین کیا ہو زمانی مین انقلاب ہوا

ابھی سنا مرے خدا کم سنے یہ آفت ہے
جہان مین ہم نہین ہم ہونی کی گر شباب ہوا

فنا ہی سایۂ قیامِ جہانِ فانی کے
حباب کیا لبِ جو بیٹھکر خراب ہوا

دکھایا مُنہ نہ مسیحا نے آج تک پھر کر
دمِ اجل جو مری دردسی حجاب ہوا

نہ سوئی چین سے تسلیم کنجِ مدفن مین
بلای جان ہمین مرکر بھی اضطراب ہوا

آکی بیٹھا ملک الموت مین سیدھا اوٹھا
مجھسی دم بھر بھی اجل کا نہ تقاضا اوٹھا

تھا وہ سرگشتہ کہ سنکر خبرِ مرگ مری
خاک اوڑانی کی لبِ سر پہ بگولا اوٹھا

خاک اوڑائی لبِ ساحل جو تری مجنون نے
بدلی گرداب کے دریا مین بگولا اوٹھا

ضعف سے مین صفتِ نقشِ قدم توڑی کی ہون
جس جگہہ بیٹھہ گیا پھر نہ اوٹھایا اوٹھا

تھا وہ ناکام سو چرخِ دعا کی خاطر
بھول کر بھی نہ کبھی دستِ تمنا اوٹھا

سنکی میری لبِ پرشور کی افسانی کو
نرہی تاب دلِ عدو کو جلا اوٹھا

خارِ صحرا کو ہوا بارشِ نیسان کا خیال
جس گھڑی سیر کو مین آبلہ فرسا اٹھا

عاشقی مین بھی ہمیشہ رہی معشوق مزاج
نازِ بیجا نہ کبھی ہمسے کسیکا اوٹھا

تم نہ آئی دلِ محروم تمنا آخر
بیٹھی بیٹھی شبِ تنہائی مین گھبرا اٹھا

ہون وہ شوریدہ کہ دم ہی مری ہر محفل مین
بیٹھتی بیٹھتی سو طرح کا فتنا اٹھا

چشمِ مجنون کو ہوا محملِ لیلی کا گمان
جب کوئی وادیِ وحشت مین بگولا اٹھا

دلِ گم گشتہ اگر تھا تجھی پیار التسلیم
پاس کیون اوس بتِ عیار کی بیٹھا اٹھا

۴۸ ۱۷

قریب کام بری بت پر نہین آتا
بجھانی دل کی لگی کو جگر نہین آتا

کہان گئی جو عیادت پہ جان دیتی تھی
مزار مین کوئی لینے خبر نہین آتا

حجاب دیدۂ نرگس سے باغ مین نکلو
یہ دیکھنی کی ہین آنکھین نظر نہین آتا

لحد کو شہ دولت ہین جعلی ہین منعم
خبر نہین کہ وہان کام زر نہین آتا

جہان ہین صورتِ تصویر ہون پر اپنا خوب
مگر یہ عیب ہے کوئی ہنر نہین آتا

وہ شمع ہون کہ جلاتی ہین دوست دشمن سب
کسی کو رحم مری حال پر نہین آتا

حیا ہوئی سببِ توبۂ جفا شاید
کہ تیرِ ناز کوئی تا جگر نہین آتا

خیالِ گریہ جبھی تک ہے ابر و طوفان کو
کہ اشکِ دیدۂ تر جوش پر نہین آتا

ہو بوسہ و لبِ جان بخش کا تو احسان ہے
وگرنہ قرض مرا آپ پر نہین آتا

تپِ فراق اسی بھی جلا چکی شاید
کہ دم کی سات وہ دود جگر نہین آتا

سُنا کی یاس کی باتین نہ جیتی دی گا مجھے
فرشتہ موت کا ہی نامہ بر نہین آتا

خیالِ خام ہی اپنی ہی منتفع ہونا
صدف کے کام کسیدن گہر نہین آتا

غضب کے بلبلِ بیکس سی پڑگئی ہی ضد
چمن کو چھوڑ کی صیاد گھر نہین آتا

اجل خفا ہی فلک مدعی زمین و شمن
مرا جہان مین کوئی نظر نہین آتا

ہنسائین کیا تری اٹکھیلیان مجھی کو ہنوز
تجھی وہ ناز نسیم سحر نہین آتا

قفس مین تھی یہ رہائی سی یاس بلبل کو
کہ آشیان مین ہی باور مگر نہین آتا

ابھی ہی کیا کرین دعوای شاعری تسلیم
یہ کام وہ ہی کہ جو عمر بھر نہین آتا

بیحجابانہ ہی کیفِ جوشِ مستانہ مرا
چوستا ہی اب مری ہستی مین پیمانہ مرا

تابِ وی آتشین سی داغ ہوتا ہی ہرا
سبزہ برلاتا ہی سوزِ شعلہ ہی دانہ مرا

جیتے جی گمنام مجکو کر دیا تقدیر نی
مجسے پہلے اوٹھہ گیا دنیا سی افسانہ مرا

جلوہ گر ہی ربطِ حسن و عشق بزمِ عیش مین
شمع تیری ہمنشین و سوز پروانہ مرا

ناز اوٹھاتا ہون کس و ناکس کے ای تسلیم مین
اب کہان اگلا مزاج میرزا یانہ مرا

دل ہے مفتون بتِ ستمگر کا
شیشہ دم بھر رہا ہے پتھر کا

عشقِ دندان ہی زندگی ہی مری
آب و دانہ ملا ہے گوہر کا

سخت جانی کے کشمکش دیکھو
دم سماتا نہین ہی خنجر کا

کیون اکڑتا ہی سرو قد کے حضور
یہ بھی ای گل ہے کیا برابر کا

زندہ ہون چاہتا ہون عالم مین
اوج ساقے کا دور ساغر کا

نہ لگائے گا پھر گلے کو ئے
میری دم تک ہی ناز خنجر کا

پردہ پوشی روای اشکی کی
ہای ری پاس دیدۂ تر کا

صورتِ نقشِ پا ہون خاک نشین
شوق بالین کا ہے نہ بستر کا

برق لائی کہان ہی بیتابی
سب یہ صدقہ ہی جانِ مضطر کا

حالِ تسلیم کیون نہین سنتے
کیا کوئی شکوہ ہے مقدر کا

۴۵ ۱۱

اللہ ری احسان ستم ضبطِ زبان کا
ہوٹھون نی مری خواب بھی کہانہ بیان کا

کیون یاس ہی ٹکتا ہی تو منہ ضبطِ نہان کا
ای نالۂ بیتاب ارادہ ہی کہان کا

سرمستِ ازل کو نہین کھٹکا رمضان کا
کیا روزہ ہو پنبہ کسی شیشی کی دہان کا

جز نام نشانِ تنِ لاغر نہین کہتا
مجھپر بھی پڑا سایہ تری موئے میان کا

تصویرِ خیالی ہی نظر آئی گا کیونکر
تن نام رکھا ہی مری کاہش نی گمان کا

کیونکر مین شبِ وصل مین خوش ہو کے نہ دم صبح
دلپر ابھی ہونا ہی ستم شورِ اذان کا

چپکی ہی بیان کر خبرِ رخصتِ گل کو
گلچین کہین بلبلِ نسنی نام خزان کا

کیون ڈھونڈتی ہین ہست و عدم مجھے احباب
کونین ہی باہر ہی پتا میری مکان کا

محروم رکھا وصل سے تکرارِ عبث نی
لو صبح ہوئی آہی گیا وقت اذان کا

برباد مجھی رکھتی ہی کیون گردشِ تقدیر
عنصر مین مری دخل ہی کیا ریگِ روان کا

دم بھر بھی نہین ہی کبھی اک حال پہ تسلیم
چھری کا مری رنگ بنا رنگ جہان کا

۴۶ ۱۷

سنے ترے ماتمکدہ کا شن ہوا
خندۂ گل نالۂ شیون ہوا

ہو گیا صد چاک بی دستِ جنون
اپنا دامن صبح کا دامن ہوا

سر او تا راقید مین قاتل نی آہ
آج میرا طوق سے گردن ہوا

حیف ہے اونے وفا ناآشنا — تو بھی میرے جان کا دشمن ہوا
پھر نہ اوٹھی ضعف سی مانندِ اشک — ہم جہاں پر گر پڑی مسکن ہوا
کچھ نہ تھا جب تک وہ ہمسے صاف تھا — پیار جب کرنے لگے بدظن ہوا
دیکھتے ہی زخم دل کے کھل گئے — چشمِ بدبین دیدۂ سوزن ہوا
غیر کی ہے شعلہ رویوں کا مآل — شمع کے بجھنے سے یہ روشن ہوا
کیا مہین سوزِ محبت بعدِ مرگ — خاک جل کر سبزۂ مدفن ہوا
وقت گریہ اشک ٹپکی اس قدر — اپنا دامن ابر کا دامن ہوا
دیکھئے جب دیکھتا ہی یار کو — آنکھ میرے دیدۂ روزن ہوا
مثلِ طفلِ اشک عریاں ہی رہے — ہم پہ کب احسانِ پیراہن ہوا
ایک عالم ہے شہیدِ تیغِ ناز — آفتِ جانِ یار کا جوبن ہوا
اور بھڑکے کشتنی سی دل کی لگے — آب گریہ آگ پر روغن ہوا
جس جگہ عکسِ رخِ روشن پڑا — ذرہ ذرہ شعلۂ ایمن ہوا
کیوں نہ ہو ترکِ محبت غیر سے — تو بھلا کس کا بتِ پرفن ہوا

گر نہیں تسلیم عشقِ شعلہ رو
سوزِ غم ہی سینہ کیوں گلخن ہوا

جب بہار آئی گی بلبل کا وطن جل جائیگا — آتشِ گل بھڑکی گی سارا چمن جل جائیگا
گر یہی سوزِ محبت بعدِ مردن ہی رہا — جسم تک آنی نہ پائی گا کفن جل جائیگا
سوزِ دل میرا نہ کہنا شعلۂ سی نامہ بر — مفت میں تیری زبان تیرا دہن جل جائیگا
دستِ نازک کو ابھی تکلیفِ آرائش نہ دو — آتشِ رنگِ حنا سی جانِ من جل جائی گا

ضبط کرنا آہِ آتشناک کا اچھا نہیں
استخواں مانندِ شمعِ انجمن جل جاؤں گا

سوختہ قسمت ہے ای قاتل اگر بچ بھی گیا ابر
سبزہ گورِ شہیدِ خستہ تن جل جاوی گا

عکسِ روئے آتشیں ہے آئینہ ہی ایکدن
دیکھتی ہی دیکھتی ای سیم تن جل جاوی گا

سوزِ غم سی ہون پر اپا شعلہ ہاتھونکو باندہ
دم مین ظالم حلقۂ تارِ رسن جل جاوی گا

یہ تو کیا وہ سوختہ قسمت ہون پہونچونگا اگر
چاہ درِ آبِ روان کا پیرہن جل جاوی گا

کیون مین کرتا نوجوانی مین عبث یارا عیش
کیا خبر تھی دیکھکر چرخِ کہن جل جاوی گا

تابِ رخ سی شعلہ ہی محفل جو آئی گی قریب
صورتِ پروانہ شمعِ لگن جل جاوی گا

ان بتونکو بیروتِ بیوفا مین کیا کہون
آگ بنجائی گا سنکر برہمن جل جاوی گا

پردہ پوشی سی محبت کے یقین شیرین کو تہا
مثلِ شمعِ کشتہ خونِ کوہکن جل جاوی گا

اپنی خونگرم کی چیشین شرمی کہ نہین
کھینچ دامن کو نہ ای شمشیرزن جل جاوی گا

میری سوزِ عشق کی کہاتا تو بھی جھوٹی قسم
مُنہ ترا الکدن بتِ پیمان شکن جل جاوی گا

چمکی گا ہنگامِ پیری داغ سوزِ عشق کا
قد سراپا صورتِ نخلِ کہن جل جاوی گا

دیکھکر خندان لبِ تیری شرمور شک سی
پانی پانی ہوگا دُرِ لعل مین جل جاوی گا

ای جنون جس دشت مین گونجی دگا مین آتشِ قدم
جادہ مثلِ تارِ شمعِ انجمن جل جاوی گا

یکمہ تو آہ گرمی کم ہوتی ہی دل کی جلن
غم نہین فرقت مین گر بیتابی سے تن جل جاوی گا

لکھی ہی تسلیم ہمنی نوکِ شعلہ سی غزل
دیلکہ بدہین یہ اندازِ سخن جل جاوی گا

چارہ سازِ زخمِ دل وقتِ تو رونے لگا
جی بھر آیا دیدہ سوزن کو روتے لگا

بسکہ تہی رونی کی عادت دل مین ہے یار سی
کہکی اپنا آپ جا آنسو روتے لگا

ہجر مین اوس سرو قد کی جب گیا گلشن کو مین
بیٹھکر تنہا قریب آب جو رونے لگا

صدمۂ بیرحمیِ ساقی نہ اوٹھا بزم مین
جی بھر آیا دیکھکر خالی سبو رونے لگا

خندۂ زخم جگر نے دل کو کھایا اور بھی
جس گھڑی ٹوٹا کوئی تار رفو رونے لگا

آگیا زاہد کو بھی ریا ریائی کا خیال
سر سے اپنی توڑکر طرف وضو رونے لگا

نبض تک بیمار الفت کی ابھی دیکھی نہین
ای مسیحا جیتی جی کیون مجکو تو رونے لگا

تھا مصیبت آشنا بیغرض مطلب حشر مین
جاتی ہی فریاد کرکی روبرو رونے لگا

ہای کیون شرم وفا تاثیر بخش دل ہوئی
قتل کرکے مجکو یار جنگجو رونے لگا

کیا اثر اولٹا تمہاری سرگذشت عشق کا
دوستون نے ہنس دیا سنکر عدو رونے لگا

تھا عدم مین کیمیے لایا آب وادی جب یہان
دیکھکر بیچارگی ہی چار سو رونے لگا

کیا کہون انظارۂ سنبل نے کیا تکلیف دے
یاد آئی تیری زلف مشکبو رونے لگا

ہون ہوا خواہ اسیری جب نظر آیا ہلال
مین سمجھکر ایک طوق ہیکلو رونے لگا

آگیا کعبے مین جب محراب ابرو کا خیال
بیٹھکر تسلیم خستہ قبلہ رو رونے لگا

۴۹ ۱۶

آتی آتی آہ ہی دل سوی لب پہر گیا
لو وہی پہر کی وہین بیتاب ہوکر پہر گیا

گرچہ شرح قصہ یہی ہمراہ بیتابی رہے
شوق لایا بارہا محروم اکثر پہر گیا

اسقدر تکلیف بہر ہیچ کیا خضر نے
سنتی سنتی ناصحا جی پک گیا سر پہر گیا

سخت جانی کیا شرمندہ قاتل ہی مجھے
دم چرا کر رہ گئی شمشیر خنجر پہر گیا

بحث کرنی کو جو آیا بام پر وہ ماہ حسن
فرط غیرت سے رخ خورشید انور پہر گیا

کسقدر غفلت فزا تھا خواب آغوش مزار
ہم نہ چونکی آکی سر پہ شور محشر پہر گیا

مجھسے فیضِ عام مین ہی بخل ساقی ہی ہی
جب مے ہی نزدیک آیا لی کی ساغر پھر گیا

حوصلہ کیا کیا نہا عیسے کو لیکن شکر ہی
سنکے اعجازِ لبِ جان بخشِ دلبر پھر گیا

کھنچ رہی تقدیر سے توڑین جو مینی بیڑیان
میری پھرنی کی لیی مجھسی مقدر پھر گیا

گر پڑا نامہ کہین یا بھول آیا خطِ شوق
کیا کہون کیون دیکھکر مجکو کبوتر پھر گیا

میری ترسانی کو عہدِ وصل ہی چکہ کم نتہا
جب یقین آنے لگا مجکو ستمگر پھر گیا

فہم مین آتا نہین کیون آج میری خاکپر
چند قطری اشک کی ظالم بہاکر پھر گیا

جب ملی جھک کر گلی شمشیرِ قاتل رو دیا
آنکھ مین طرزِ تپاکِ اہلِ جوہر پھر گیا

بوسۂ لب تا کجا کچھ اور رخصت دیجئی
ذائقون سی شہد کی دل بند و پر پھر گیا

تہا فریبِ اشک نے تاثیر آبِ خضر مین
چشمۂ حیوان تلک آکر سکندر پھر گیا

رخصت ای دربان اگر آئی تو کہنا یار سے
آج بہی تسلیم کر تیرے در پر پھر گیا

سکوتِ غیر ہی سوزِ جگر بیان ہوگا
زبانہ شمع لحد کا مری زبان ہوگا

فریبِ عشق پسِ مرگ بہی عیان ہوگا
مرا فسانہ بنے گا تری زبان ہوگا

نہ مرنی دی گی تمنای وعدۂ جانان
فریبِ خضر مجھے عمرِ جاودان ہوگا

دکہائی گی سحر ہجرِ حشر کی سامان
صدای صور مجھے نالۂ اذان ہوگا

لحد مین داغ دکہائین گی جلوۂ مہتاب
مرا کفن مری آغوش مین کتان ہوگا

پسِ فنا یہ جفائین کبہے نمانوں گا
یہ زمینِ لحد کوئے آسمان ہوگا

گہڑی گہڑی نئی رولا چارہ گر کہ پھر مجکو
نصیب خندۂ زخمِ جگر کہان ہوگا

بلا نصیب ہون کیا مہر کی کہون امید
خلاف ہوگا فلک بخت بدگمان ہوگا

جرس کہان ہی بیابان مین ہی طرف نالان — مری طرح کوئی گم کردہ کاروان ہوگا
جلا کی شمع جلاؤ نہ بیکسے کو مری — کرو نہ غم کہ لب گور نوحہ خوان ہوگا
لگائین لاکھ فرشتی خدا سی ڈر کیا ہے — گواہ عذر مرا جلوۂ بتان ہوگا
گھڑی گھڑی نہ قسم لی کہ مجسبی او ظالم — مرا گمان بھی تری طرح بدگمان ہوگا
عدو نصیب ہے کیونکر کہون پہرائی گی — مری دعا کا مرا بخت پاسبان ہوگا
وہان بھی شوق مین پامالی طلب تکا دیکھین — بتادی عرصۂ محشر مین تو کہان ہوگا
صنمکدہ ہو کہ ہو کعبہ ہمتو عاشق ہین — کرینگی سجدہ ترا نقش پا جہان ہوگا
چھپاتی کیون ہو تہ خاک یونہین رہنے دو — کوئی تو لاش غریبان پہ نوحہ خوان ہوگا
لحد مین بہلی گا کیا خاک دل وحشے — نہ رازدان کوئی ہوگا نہ ہمزبان ہوگا
مجھی سپرد کیا ہی تو پھونک دی صیاد — جو مین نہونگا تو پھر کیا یہ آشیان ہوگا
مزار پہ مری لاؤ نہ پھول کی چادر — مرا چراغ لحد مجمہ گلفشان ہوگا

خبر کسی ہی جو دلپر گذر گئے تسلیم
مرا فسانہ مری بعد کیا بیان ہوگا
۵۱ ۵

غم نہین گر ستم کاوش خنجر دیکھا — آرزو رہ نہ گئی موت کو مر کر دیکھا
ایک صدمہ کے بہے دینی مین تامل اتنا — بس ترا حوصلہ او چرخ ستمگر دیکھا
ہجر مین ریزش می دیکھی ٹپکے آنسو — جی بہر آیا کوئی لبریز جو ساغر دیکھا
ان حسینون سی ہی ملنی کی تمنا بیکار — مین نہ کہتا تہا تجھی اول مضطر دیکھا

مجکو ندی یہ تری آتا ہے رونا تسلیم
سیکڑی مین عوض نقش قدم سر دیکھا
۵۲ ۱۱

کیا کیا فریب کریۂ بت رات بھر نہا — دیکھا تو صبح کو سرِ مژگان بھی تر نہا
بلبل نے بخیہ تارِ نفس سے کیا نہ کیون — چاکِ قبایِ گل کوئی زخمِ جگر نہا
باغِ جہان مین سرو چراغان کس طرح مین — وہ نخل تہا جو موسمِ گل مین بھی تر نہا
کیون سنکی شعلۂ غضب اتنا بھڑک اٹھا — ذکرِ وفا تو شکوۂ سوزِ جگر نہا
بھڑکا رہی ہی آتشِ غیرت کو بوی زلف — کیونکر کہون کہ زانوِ دشمن پہ سر نہا
آوارگی مین عمرِ دو روزہ گذر گئے — اپنا کہین غبار کی مانند گھر نہا
کیون سنکی رو دی مری آمد وہ بزم مین — مین کچھ نوید مرگِ عدو کی خبر نہا
طی کی ہر رنگِ شمع رہِ منزلِ عدم — کوئی سوایِ سوزِ جگر ہمسفر نہا
کاہش نے بی نشان سے مجھے کس لیے کیا — نقشِ دہن نہا رگِ موی کمر نہا
کیون زخمِ ہنس پڑے لبِ سوفار کی طرح — پیغامِ وصل یار خدنگِ نظر نہا

تسلیم بات بات پہ قول و قسم ہی کہین
ایسا تو بدگمان تو کبہی پیشتر نہا

۵۳ ۳۲

بی تعلق ستمِ دہر سے آزاد آیا — سنگِ طفلان نہ کبہی تا سرِ شمشاد آیا
بدگمانی یہ بڑہی ہی ستمِ دشمن سے — اپنی سایی کو سمجہتا ہون کہ جلاد آیا
تہا وہ آزاد کہ حسرت ہی اسیری کو رہی — دہوکی دی وی کی مجہی باغ مین صیاد آیا
تو ہی ای مرگِ عدو باعثِ احسان ہوجا — چہیڑتی پہر مجہی ہنگامۂ فریاد آیا
کیون پشیمان ہی مری نام کو سنکر ظالم — کیا کوئی عہد وفا ہی کہ تجہی یاد آیا
صحبتِ روح بہی تہی ننگِ تجرد مجکو — صورتِ قالبِ تصویر ہون آزاد آیا
مشادی مرگ سہی بہولا غمِ ہستی دل کو — نغمہ خوان مین طرفِ خانۂ جلاد آیا

کسقدر شوقِ شہادت نے کیا ہی بیہوش
آپ جلاد سی کہتا ہون کہ جلاد آیا

کیا عداوت تہی کہ جب دام مین لانی تہی قسمت
دیکھتا تر جہی نظر سی مجہی صیاد آیا

خندہ تہا وقتِ وداعت دمِ مردن گریہ
خوش عدم سی مین گیا دہر سی ناشاد آیا

بی سبب آنکہ نہین پڑتی ہی خنجر پہ تری
پھر کوئی آج فراموشیِ قضا یاد آیا

قدِ شعلہ کبہی منت کشِ پیراہن نہین
زیبِ ظاہر سی بری حسنِ خداداد آیا

سببِ مرگ ہوا چیر کی زخمِ دلِ زار
چارہ گر کا ہی کو آیا کوئی جلاد آیا

دعویِ خون بہی ادب سے نہ زبان تک لائی
کیا فسون حشر مین پڑہتا ہوا جلاد آیا

دہنِ زخم مین حسرت سے بہر آیا پانی
بوسۂ تیغِ ستم کا جو مزا یاد آیا

ماتمِ عاشقِ ناشاد کیا شیرین نی
کامِ آخر اثرِ تلخیِ فرہاد آیا

قید مین حوصلۂ آہ کو تا ہون نہین
تنگیِ کنجِ قفس دیکہہ کی دل یاد آیا

نیک طینت کو نہین صحبتِ بد سے چارہ
دامنِ روح سی لپٹا ہوا ہمزاد آیا

تو سنِ عمرِ رواں تیز قدم تہا کتنا
اک تراری مین تریبِ عدم آباد آیا

زحمتِ کشمکشِ جیبِ جنون کیا کہیی
ناصحِ اوٹہا نہین بالین سے کہ فصاد آیا

عہدِ پیری مین ہین آغازِ جوانی کی گلے
قصۂ شام مجہی وقتِ سحر یاد آیا

دہنِ زخم سی طعنے نہ سنون مین کیونکر
غیر کی ہنکی زبان نشترِ فصاد آیا

کیا بری ہوتی ہی مرنی کی تمنا ظالم
سر بکف آپ مری سامنی جلاد آیا

بی سبب شورشِ خیز نہین حشر کی دن
فلکِ پیر کو پھر کہنہ سر ایجاد آیا

کسقدر رنج فراموش ہی ہستی میری
ظلم جب تمنی کیے شکرِ خدا یاد آیا

نیند آئی نہ کبہی امنِ مدفن مین مجہے
تیری پہلو مین جو سونے کا مزا یاد آیا

وہ ہوا خواہِ قضا ہون کہ عدم سے بھیجے
سایۂ تیغ مین تا خانۂ جلاد آیا

ماتمِ عاشقِ ناشاد کی شادی دیکھو
سرخ پوشاک پہن کر ستم ایجاد آیا

بگڑی تقدیر کی تقدیر سی بنتی دیکھی
غیر کی ضد سی مری گھر وہ پری زاد آیا

تہی وہ آفتِ تری تصویر کہ چہرے کیعوض
آہ کھینچی جو کبھی ہوش مین بہزاد آیا

تیری محفل ہوئی تعلیم گہِ سوز مجھے
شعلۂ شمع نظر سیلیِ اُستاد آیا

نکہت گل کیطرح باغِ جہان مین سلیم
خانہ بردوش گیا صورتِ آزاد آیا

۵۴ ۱۴

سلامت کون پھر کر کوئی قاتل سی یہان آیا
کوئی بسمل کوئی مجروح کوئی بیجان آیا

وہ ہون وہ سوختہ جسدم قریبِ شمع جا نکلا
اوٹھا تعظیم کو شعلہ گلی ملنی ہوا ن آیا

کفن سے مجکو بُو پیراہنِ یوسف کے آتی ہی
طوافِ قبر کو کاغبارِ کاروان آیا

بتاؤن کیا شرر کیطرح گر پوچھی کوئی مجسے
غرض کیا کیا ہی جاتا ہون کہان آیا کہان آیا

خیالِ خاکساری عالمِ بالا سی بالا تھا
زمین سمجھا کیی زیرِ قدم جب آسمان آیا

باغ مین ای گل ہوا ہنسکر تو رسوا آپ سے

رنج ڈالا چاہتا ہی دو دلون مین پھر عدو
آپ کا مجسے گلہ کرتا ہی میرا آپ سے

بیزبان پیدا ہوا ہون ورنہ تیری بزم مین
صورت تصویر یون خاموش رہتا آپ سے

حضرت دل شام غم کا اسقدر دھڑکا ہی کیون
سچ کہو کیا کہہ گئے صبح تمنا آپ سے

اپنی ہستی نیستی شادی و غم کچھ نہیں
مٹ گئی خود بیخودی موجِ آبِ دریا آپ سے

۲۰۷ ای خدا تسلیم کو خاکِ رہِ سبطین کر
کیا کری گا لیسکے فردوسِ معلّٰی آپ سے
۱۲

تیری غفلت عقل سی پردہ ہنسائی مجھی
بیخودی ایسا نہو پہوش آجائی مجھی

چاہتا ہون پہلی خود بیہی ہوش آئی مجھی
آپکو دیکھون خدا وہ دن دکھلائی مجھی

حضرتِ واعظ ہون یا ناصح کوئی ہو انجمن
خوب سمجھون آج مین جو آکی سمجھائی مجھی

ہو نہین دیوانہ کسی نازک ادا کی عشق مین
بیڑیان موجِ نسیمِ صبح پہنائی مجھی

آس کیسا ابتو امیدِ نا امیدی بہی نہین
کون دی مجکو تسلی کون بہلائی مجھی

ہون نہ ہم زلفِ برہم پر بہی ہی دم کی ساتہ
آپ سی جاتا رہی جو آپ مین لائی مجھی

ملی نشان بنکر نشان پیدا کیا ہی ہر مین
جسقدر ڈہونڈی کوئی کہویا ہوا پائی مجھی

دل وہ ہر کتا ہی شبِ غم مین کہین ایسا نہو
مرگ بہی بنکر مزاجِ ماتم سائی مجھی

وقتِ آخر بہی یا غفلت سے اونکی لگو داغ
لوگ جب کفنا چکی تب دیکہنی آئی مجھی

لیچلو للہ کوئی خضرِ مینا کی حضور
عالمِ گم گشتگی کی راہ بتلائی مجھی

صورتِ نقشِ قدم ہون آب ہو یا باد ہو
خاک مین ضد سی ملادی جو کوئی پائی مجھی

ابتو جوشِ آرزو تسلیم کہتا ہی یہی
۲۰۸ روضۂ شاہِ نجف اللہ دکہلائی مجھے
۱۰

خاکِ آغوشِ لحد مین ہمین راحت ہوگی
آج مرجائین گی کل فکرِ قیامت ہوگی

پاسِ رندون کی بجا دیکہہ وگرنہ واعظ
ریشِ قاضی تری دستارِ فضیلت ہوگی

تم چلی جاؤگی اس نرم طرب سے افسوس
آج ہم ہونگی ہماری شبِ فرقت ہوگی

خوب گذری گی اگر مر کی لحد تک پہنچے
کہ نہ تکلیف وہان ہوگی نہ راحت ہوگی

رحم آتا نہین ظالم جو کسے بیکس پر
ملک الموت کے تیری سی طبیعت ہوگی

سر اوٹھایا جو مری شورِ جنون نی دمِ حشر
دیکھنا کیسی قیامت مین قیامت ہوگی

شمع کیون تربتِ بیکس کے بجھاتی صرصر
اوسی پر کا کہ اتش کی شرارت ہوگی

وصل مین کس لیی ای جان غمِ حسرت ہی
آملی گی جو تری طرح سلامت ہوگی

تم سلامت ہو خنجر نہ گلے پر رو کو
ورنہ کل ہی مجھ جینی ہی ندامت ہوگی

۲۰۹ | حشر مین یار سی کیا خاک ملی گا تسلیم
گر تری ساتھ وہان بھی یہی قسمت ہوگی | ۱۳۲

کیا گیی غیر کیے بار وہان کیا آئے
کچھ نہ کچھ میری طرف سے اونہین سمجھا آئے

زندگی والون نی کیا آنکھ چرائی پیر سے
خضر ہی آئی لحد پر نہ مسیحا آئے

کوئی ہمدم نہین ایسا جو شبِ فرقت مین
آرزو کو درِ امید پہ پونہچا آئے

ہون وہ مجنون جو کرون دشت نوردی کی ہوس
کوسون لینے کو بھی جادہ صحرا آئے

ہوگئی قطع رہ و رسمِ محبت باہم
اب دہر کا کوئی جائی نداو دہر کا آئے

مین تو خوگر بھی نہین ہون گلہ و شکوہ کا
کیا سنا آپ نے کیون جوش مین اتنا آئے

شکلِ تصویر ہون کہتا نہین کوئی ارمان
کیا کبھی لب پہ مری حرفِ تمنا آئے

بت بنایا ہی خموشی نی زبان پر میری
شکوہ آئی نہ کبھی شکر خدا کا آئے

گر کرون سیرِ چمن بے تری شبنم کی طرح
گل ہنسین دیکھیہ کی مجکو بھی رونا آئے

کب سی ہین کشمکشِ بیم و رجا مین مرغِ دل
محتسب جالے الٰہی کہین سے آئے

نکلون زندان سی جو پہنی ہوئی زنجیرِ جنون
شورِ محشر مری پابوس کو دوڑا آئے

صبح تک شمع جلی بات نہ پوچھی تو نے
او ستم گر تری محفل مین کوئی کیا آئے

صحبتِ دوست ہو یا محفلِ دشمن تسلیم

وہ نہین سم جو کہین ذکر ہمارا آئے

۲۱۰ ۱۲

ای دلِ اسا حت طلب شکوہ نکرنا چاہیے
جو دکھائی گردشِ ایام دیکھا چاہیے

پہلی ہی مرجاؤن گا مین رشکِ خنجرِ غیر سے
ذبح کرنی کو مری خنجر اچھوتا چاہیے

کرتی ہین رخصت تجھی اونا لۂ زنجیر ہم
عرصۂ محشر کو اک ہنگامہ آرا چاہیے

فاتحی کو بھی ذرا ئی بعدِ مرن قبر پہ
دوست تھی یکبارگی تکمونہ ایسا چاہیے

رند ہون مے خانہ مین وقتِ دفن قبلی کی عوض
جانبِ میخانہ میری منہ کو پھیرا چاہیے

داغ دینا ہی بھی ہنگامِ مزاجون کا سکوت
باغ مین بادِ صبا غنچی کو چھیڑا چاہیے

دی جلا ہی رات دن طعنی حسابِ ہجر نے
اسقدر بھی جلنی پر ای دل نہ مرنا چاہیے

غنچہ ہی چند ساعت صحبتِ لطفِ بہار
خندہ ہائے گل پہ ای شبنم نرونا چاہیے

ڈھونڈ لین گے ہم بھی کوئی شاہدِ ناز کا ادا
چاہتی ہین غیر کو گر آپ اچھا چاہیے

شوق مسترجون تمنائی تمنا ہے عدم
عالمِ اسباب مین عاشق کو کیا کیا چاہیے

لی چلا ہی جوشِ وحشت جانبِ صحرا مجھی
وسعت آبادِ جنون مین کار فرما چاہیے

حرفِ باطل کیطرح چندی رہی تو کیا رہی
صفحۂ ہستی سے ای تسلیم اوٹھنا چاہیے

۲۱۱ ۹

مثلِ دل اسوزانِ شمع سی جگہ بھی نہین ہے
دانۂ اسپند ہے جو دانہ اس خرمن مین نہیں ہے

بی سبب کیون ہجر مین شتاقِ خنجر ہی گلا
آج کسکا ہاتھ ای قاتل تری گردن مین نہیں ہے

رنگ لائی ہی مری رنگین مزاجی بعدِ قتل
سرخ جو ہر خون ہی تیغ و فا دشمن مین نہیں ہے

ہوگئی مشکلات اسقدر کہ مرے کمالِ ظلم سے
مین قفس آباد ہون نالہ مرا شین ہے

عارضی ہی حسن سی محرم دمکھی ہی بصر
میل سرمہ کہ نصیبِ دیدۂ سوزن ہین ہے

کسنی جہانکا ہی سو عاشق نگاہ و ناز سی
دیدۂ آہو کی شوخی دیدۂ روزن ہین ہے

رقص تیرا دیکھکر لاکھون ہین کے خاک مین
گردشِ چرخِ ستمگر گردشِ دامن ہین ہے

داغ تنہائے غم ہستی خیال سیکسے
وہ مصیبت کون سی ہے جو نہین مدفن ہین ہے

رحم کی بدلی ہوا سنکر خفا تسلیم یار
قسمت بد سے اثر اولٹا مری شیون مین ہے

۱۱۲ ۱۶

یارسائی اونکی جب یاد آئی گی
مجھسے میری آرزو شرمائی گی

دیکھہ مجھا پھر نہ ہمدم پائی گی
چھوڑکر ای بیکسی پچھتائی گی

گریے سے ہے پاس آدابِ سکوت
کس طرح فریاد لب تک آئے گی

یہ تو مانا دیکھہ آئین کو ے یار
پھر تمنا اور کچھہ فرمائی گی

کچھہ سکے ناصح کرین گی ہم وہے
خاطرِ افسردہ مین جو آئی گی

چھوڑکر ہستی یہی ہے غم مجھے
روح تنہا راہ مین گھبرائی گی

ہون وہ دشمن دوست میت کو مری
تیغ قاتل خون ہی نہلائی گی

غم ہی ہی کوی جانان دیکھکر
ناتوانی پاون پھر پھیلائی گی

انتہائے ضبط سے ظاہر ہوا
بیقراری منہ مرا کھلوائی گی

کچھہ تو کہہ جانر حصرت صبح امید
کیا بلا شام مصیبت لائی گی

کاٹ کر مرجاین گی لاکھون گلا
رنگ آفت کی یہ مہندی لائی گی

شیر ہی جبتک نہین ای دل عروج
خاکساری خاک مین مل جائی گی

جانے دی صبر و قرار و ہوش کو
تو کہان ای بیقراری جای گی

گریہ ہے بیاسے کے قسمت مین ہے
چشم تر روئے کو بہی ترسای گی

ہون سراپا شعلۂ ہجر یار مین
آگ آہ آتشین برسلے گی

ہجر کی شب گریہ ہے ہے اضطراب
نیند ای تسلیم کیونکر آے گی

۲۱۳ ۱۱۷

کچھہ نہ کچھہ میرے نظر ہو جای گی
ایک دن تیری کمر ہو جای گی

تو بہی تو ای مرگ بالین پر نہین
شام غم کیونکر سحر ہو جای گی

قبر مین رہنا پڑی گا حشر تک
منزل ویران بہی گہر ہو جای گی

گر سلامت ہے دل پامال ناز
خیر سے کیونکر بسر ہو جای گی

آج ہی زیر قدم کل ای فلک
یہ زمین بالای سر ہو جای گی

کچھہ نہو گا حشر مین جز بیخودی
جسطرف تیری نظر ہو جای گی

وصل مین بہی گریہی ہی انقلاب
شام سے پہلے سحر ہو جای گی

گو نصیب غیر ہو مر جاؤن گا
مرگ بہی تیری نظر ہو جای گی

فکر تنہائی عبث ہنگام نزع
مرگ خضر راہبر ہو جای گی

طول شب کا وصل مین ہیچا ہی عذر
آج بہی دیکہو سحر ہو جای گی

کیا خبر تہے ہجر کی شب ای اجل
مجسے ایسے بیخبر ہو جای گی

کوئے نو کر کوی جانان ہی سہی
کچھہ تو تسکین نامہ بر ہو جای گی

سنکے روئین گی وہ میری آہ کو
مرگ دشمن کے خبر ہو جای گی

اون بت بیرحم سے تسلیم صلح
گو نہین ابتک مگر ہو جای گی

۲۱۴ کمالِ ضعف سی اکثر یہ حال ہوتا ہی
کہ مجکو ناز اوٹھانا محال ہوتا ہی

ابھی وہ سن ہی کہ اٹکھیلیو نسی جاتی ہین
خبر نہین کہ کوئی پامال ہوتا ہی

کسی پر آئی طبیعت تو قدر معلوم
ابھی تو آپ کا میرا سا حال ہوتا ہی

کوئی گھڑی نہین فرقت مین لطف تمہارے
مرا ملال تمہارا خیال ہوتا ہی

بلای جان ہوئی مدتن ہین ہی سخندانے
کہ بات بات کا مجسی سوال ہوتا ہی

جو مرمٹی تو ہوئی عشق یار مین پورے
یہان کمال ہی پہلی زوال ہوتا ہی

بھری ہوئی ہین کچہ ایسی خیالی باتون پر
گھڑی گھڑی مری اونکی ملال ہوتا ہی

یہان تو بچ گئے محشر مین دیکھیی تسلیم
۲۱۵ خدا کے سامنے کیا اپنا حال ہوتا ہی ۹

خبر دیتا ہی کیا واعظ ہمین دوزخ جہنم کی
ہزارون دیکھی ہنگامی بہت ایسی سنی دہکی

لکہین کیا اوسکو وقت نزع حالت جان غم کی
سیاہی چاہیی دود چراغ صبح ماتم کی

لبون پر جان آئی ہی سفر ہی روح کا تن سی
اجل مہمان ہالیسے کوئی ساعت کوئی دم کی

اوٹھا ظالم قدم جلدی حرام نازسے باز آ
تقاضای تمنا ہی ہوای شوق ہی چمکی

ابھی ہی سیکڑون بستی ہین مانند حنا پیسے
جوانی رنگ کیا لاتی ہی اوس محبوب عالم کی

کنار گل کبھی صحرا کبھی خورشید کا پہلو
بسر ہوتی ہی کس راحت سے صبح و شام شبنم کی

ہزارون طرح کی جلوی ہین پیدا شکل انسان مین
ہوئی ہی خلق من نور ربنکر خاک آدم کی

زیارت کے بہانی گھر سی قاتل گور پر آیا
ہوئی صبح طرب مجکو شب ماتم محرم کی

نہ بہولی مرکی بہی تسلیم ہم لطف ہم آغوشی
۲۱۶ فشار قبر سی یاد آئی لذت وصل باہم کی ۹

نادم ہوا ہون کیچ کی مین کس نونہال سے
آتی ہی بوی گل عوض انفعال سے

حسرت زدون کی خاک پہ دامن لوٹھا کی چل
اظہار دوستی ہی عبث پایمال سے

خونین دلون کو عار کلام طلب سی ہی
لبہای غنچہ پاک ہین حرف سوال سے

پیری مین داغ عشق ہوا مشتعل فزون
چمکا یہ آفتاب زیادہ زوال سے

وہ جنس نارسا ہون کوئی پوچھتا نہین
نقصان ہی نصیب مین فیض کمال سے

مفتون ناز چشم فسون گر بنا ئی
دیوانہ کیجیے مجھی سحر حلال سے

وحشت کہا رہی ہی پس مرگ بھی اثر
خالی نہین مزار طواف غزال سے

اللہ ری آبیاری طوفان چشم تیس
پہولی شگوفی دشت مین شاخ غزال سے

تسلیہ ہجر یار مین حسرت یہی رہی
کہہ دیجیی کچھہ اور بھی پیک خیال سے

۲۱۷

خبر بھی لی نہ کبھی خاک جسم لاغر کی
گئی نہ ہم سی کدورت مزاج صرصر کی

فنا طلب ہین سبکدوش بار احسان سے
سر حباب کو حاجت نہین ہی خنجر کی

ہمیشہ رہتی ہی نفرت گدا سی شاہون کو
عجب ہے غصہ سی کیونکر بنہی سکندر کی

وطن کو چھوڑ کی ایسی ہوئی ہم آوارہ
نہ آئی یاد بسان شرر کبھی گھر کی

پس فنا بھی وہی بی نیازیان ہین مجھی
نہ آرزو ہی کفن کی نہ فکر چادر کی

وہ محو کاوش مژگان تھا گور پر اپنی
ہر ایک سبزی نی پیدا کی نوک نشتر کی

گلی کا ہار ہی سنکر خیال وصل صنم
مری گلو سی عداوت گئی نہ خنجر کی

بجھائین پیاس نہ اپنی کی بھی کبھی ظالم
کہ آب تیغ سی تر ہو زبان جوہر کی

ہزارون طرح کی دیتی ہی لحد دھڑکے
مری مزار مین شامت زمین تھی محشر کی

وطن مین جوہر فراتی کی چاہ کیا تسلیم
صدف مین قدر نہین آبروی گوہر کی

۲۱۸ ۹

ترکِ مطلب سے نہین مطلب حاصل خالی — یہی ارمان ہی کہ ارمان سہی دل خالی
پنبہ در گوش ہی ہر گل لبِ غنچہ خاموش — سرِ عبث کرتی ہی فریادِ عنادل خالی
صدمۂ فرقتِ یاران جنون اوٹھ نسکا — رو دیا دیکھکی آغوشِ سلاسل خالی
ہمت اے جوششِ گریہ کہ دمِ ریزش ہے — کب سہی دامن ہی بیشکلِ کفِ سائل خالی
گریہی ہی ہوسِ لطفِ اسیری صیاد — مرکی ہوگا قفسِ تنگ عنادل خالی
کیا عداوت ہے کہ خط مین بہی میری نام کی جا — چھوڑ دیتا ہی بتِ حور شمائل خالی
اونسی امیدِ وفا ہی مجہی وہ بہی بس مرگ — ہای مشکل سہی نہین ہی مری مشکل خالی
آرزو بنکی نکلجانی دی دم او قاتل — ابہی پہلو سہی نکر پہلوِ بسمل خالی

کوئی دم آمد و رفتِ بشری سی تسلیم
نر ہی عالم ایجاد کی منزل خالی

۲۱۹ ۱۸

جسم ہر دون کی زیرِ خاک گل کرہ گئی — ہوگئی رخصت یکین ٹوٹی ہوئی گہر رہگئی
انتظارِ مرگ بعدِ مرگ بہی باقی رہا — زخم کہل کہل کر بیشکل حلقۂ در رہگئی
نازِ معشوقی سکہایا دوست نے دشمن کو بہی — گردنِ عشاق پر چل چل کی خنجر رہگئی
وہ ہوا خواہِ اسیری ہون کہ میری آہ مین — ساری خلقی وام کی آنکہین بچہا کر رہگئی
مرکی بہی عالم مین ہی اپنی سبکروحی کا ذکر — صورتِ افسانہ یارون کی زبانپر رہگئی
شام کو آئی ہوئی رخصت جہانسے وقتِ صبح — مثلِ شبنم میہمانِ باغِ شب بہر رہگئی
ابتو حاجت بہی نہین جسمین خوابِ ناز کی — ہجر مین رونی کی قابل دیدۂ تر رہگئی

ہجر مین بانگی وعا جسدم طلوعِ صبح کی
آنکھین کھلا کر فلک پر مجکو اختر رہگئی

خط مین ایمای گرانجانی مصیبت ہوگیا
اپنی اپنی تولکر بازو کبوتر رہگئی

بخل گردون سی عجب ہے صورتِ نقشِ درم
داغہای دل مری سینی مین کیونکر رہگئی

کھل گیا مرقد مین جب آئے نظر سنگِ نکیر
غیر ہمخانہ ہوئی احباب باہر رہگئی

تشنہ جان دہون کہ طفلی مین مری تقدیر سے
خشک ہوکر قطرہای شیر مادر رہگئی

ہمرہی ابر رفعت کے بہت دشوار ہی
اوڑتی اوڑتی طائر سدرہ کی شہپر رہگئی

حون ولایا ہمت ساقی نی ہمکو آج بہی
ہاتہ پہیلا کر بشکل ورسا غر رہگئی

وجہ ناکامی فریب حسن آرائش ہوا
رات بہر ہم سونگہنی پہولونکی سیج پر رہگئی

کام آئی آپ اپنی پردہ پوشی کی لیی
کچہہ تو خاکستر ہوئے کچہہ مثل اخگر رہگئی

قلقل مینا نی ساقی طعنہ تقوی نتہی
کیون خفا زاہد ہوا کیون بند ہمنکر رہگئی

ہون وہ خلاق سخن تسلیم فیض فکر سی
یادگار طبع موزون چند دفتر رہگئے

۲۲۰ ۹

سوتا ہون عجب چین سی کیا خواب عدم ہے
آغوش لحد بہی مجہی آغوش صنم ہے

شاعر ہون سی سیر بہی مانند قلم ہے
صفحہ سر عالم ہی سخن نقش قدم ہے

کچہہ کم نہین قاتل سی مجہی عمر گریزان
جو دم ہی اثر مین کشش تیغ دو دم ہے

تکلیف جراحت سی پڑی ہمت احسان
ہر زخم شگفتہ مکلف ارباب کرم ہے

جز داغ جگر کچہہ نہ ملا سیم تنون سی
اختر مری طالع کا مگر شکل درم ہے

باقی نہا حوصلہ بوسہ افلاک
نالہ بہی مری طرح سی پامال سم ہے

للہا ہی کسی دیدہ بر آب کا مضمون
گرداب الم دائرہ حرف رقم ہے

سجدی کی بہانی ہی شما تا ہون شب و روز | کچھہ لوحِ جبین پہ گلۂ یار رقم ہے

کس بات سی امید سحر ہو مجھی تسلیم
ابتک وہی ظلمت وہی طول شب غم ہی

۲۲۱ | ۱۶

آج تک ہو لی نہین مجکو مری بیدادکے | اوستم ایجاد مین صدقی تری ایجاد کے
راز کیا ہمسے کہلین گے گلشن ایجاد کے | بلبل تصویر ہین قابل نہین فریاد کے
دام کیا روکین گے مجکو عالم ایجاد کے | حرف تک ہین قید سی آزاد مجد آزاد کے
کب جفاکش ہین سکندر و عالم ایجاد کے | راہ چلنی مین قدم تھکتے نہین ہمزاد کے
ہای کیا غفلت تہی وہ بھی جسکو ہی ہانڈلا | آگئی مبیا ختہ قابو مین ہم صیاد کے
کس تماشا دوست کو ہی پروگی منظور تے | کون آیا سیر کو قالب مین آدم زاد کے
ہجر کی شب یہ ہجوم جلوۂ اختر کہان | آسمان ہی لیٹی ہین شعلی مری فریاد کے
نوا سیری جوش محرومی ہجوم اضطراب | شب یہ عالم تہا کہ آنسو گر پڑی صیاد کے
یاد کس دہ نشین کی آگئی عصمت مجھی | آکی لبتک رک رہی نالی دل ناشاد کے
بند انکھین کین کبھی ظالم نی پر توڑی کبھی | کیسے کیسے ناز اوٹھائی ہمنی بھی صیاد کے
چارہ و درمان نی مجکو اور بھی سوا کیا | خندہای خم طعنے ہین مبارکباد کے
ہم شہیدان وفا کا دین و ایمان اور ہے | سجدی کرتی ہین ہمیشہ پاون پر جلاد کے
چہنٹے ہین پرورہ پہلو فراق یار مین | روز و شب گرم سفر ہین قافلی فریاد کے
پہر نہ دکہلائی کبھی صورت نکل کر جسم سے | طور تہی روح روان مین نکہت برباد کے
کون سنبہالے ہمایہ میوار نالی رات بھر | مُنہ سی نکلے قہقہے ہو کر مبارکباد کے
قامت و چشم بتان کی وصف لکہتی ہین جہم | مصرع موزون ہین ای تسلیم قابل داد کے

رنج سی صورتِ آرام عیان ہوتی ہے
عید دیکھو پسِ ماہِ رمضان ہوتی ہے

اپنی حضرت سے یہانتک ہون مین پاسِ خاطر
بات جو مُنہ سی نکلتی ہی گران ہوتی ہے

ناز کرتی ہی زیادہ طلبِ بیجا سے
زوالِ دنیا مری خواہش سی جوان ہوتی ہے

شبِ صلت مین نئی طرح سی ساتی ہین
مجسی کہتی ہین کہ لو واہ ٹھواذان ہوتی ہی

۲۲۳ — میری شعرون مین کہان معنیِ لفظی تسلیم
یہ تو کیفیتِ دل ہی کہ بیان ہوتی ہے — ۱۴

ہون وہ دیوانہ کہ دست کاوشِ تقدیر سے
خود بخود ہون چاک پیدا مین تدبیر سے

آنکھ کیا چمکے یہان خوابِ تصوّر بھی نہین
طرزِ بیخوابی ہی سیکھا دیدۂ تصویر سے

کسقدر دل مین بھرا تھا جوشِ ایذا دوستی
زخم مُنہ کر گڑا کئی سو لبِ شمشیر سے

مین وہ بلبل ہون کہ ننگِ دلِ شد دل کی لئی
دل لگایا اس چمن مین غنچۂ تصویر سے

ادراکِ آفتِ بیباکی بوئے گل فی چیڑکر
نالۂ بلبل ہی پیدا دانۂ زنجیر سے

وصل مین کیا باعثِ ایذا ہو شعلہ حسن کا
پوچھی لطفِ زبانِ شمع کو گلگیر سے

کی مسیحائی تہ خنجرِ لبِ جان بخش نی
قہقہہ بازی کا اثر پیدا ہوا تکبیر سے

آگ بھڑکائی تپِ سوز دروں نی اسقدر
پڑ گئی چھالی زبان مین شعلۂ تقریر سے

غنچۂ دل کو ہوئی پھر صحبتِ سر گشتگی
ای صبا آتی ہی کسکی گلشنِ تصویر سے

کیا گریبان سی اوٹھاؤن فرقتِ جانانہ مین
منفعل ہون امتحانِ آہِ بی تاثیر سے

ہو گیا آزاد قیدِ زیست سے وحشے ترا
آتی ہی آوازِ ماتم خانۂ زنجیر سے

سامنی قاتل کی کرتی ہی گرا انجانی خفیف
مُنہ چھپا لینی موکبو دامنِ شمشیر سے

رو رہا ہون جرمِ ناکردہ ندامت کے سبب
بین وان اشکِ ندامت پیشتر تقصیر سے

مدتین گذریں کہ زورِ ناتوانی کی سبب
۲۲۴ رہتی ہی تسلیم صحبت خارِ دامنگیر سے ۸

وحشی کو تیری شوکت و توقیر چاہیے
منصب جنون کا دشت کی جاگیر چاہیے

شوخی غضب ہے عشوہ بلا قہر ہی ادا
کیونکر نہ پھر تجھی بت نی پیر چاہیے

یمن شگفتہ فریب گلستانِ دہر ہون
پھولون مین بھی مزہ گلِ تصویر چاہیے

دیوانہ جمالِ بت پردہ پوش ہون
حدّاد بی صدا مجھی زنجیر چاہیے

پیری مین ذوق حسن پرستے ہو کیا مجھے
لڑکون کو دلفریب تصویر چاہیے

وحشی مزاج صحبتِ عاشق مین ہو گیا
پای خیالِ یار مین زنجیر چاہیے

غمخانۂ زمانہ مین تسلیم روز و شب
۲۲۵ عشرت بنا ہی غم شبگیر چاہیے ۱۳

کچھ دلمین اضطراب جو صبر آرمیدہ ہی
فریاد بدمزاج ہی نالہ کشیدہ ہی

بادہ نہین فراق مین خون چکیدہ ہی
شیشہ کہان کسی کا گلوی بریدہ ہی

دستِ جنون ہی پنجۂ خورشید کم نہین
میری طرح سحر بھی گریبان دیدہ ہی

دن کو بھی چاندنی مری ظلمت کدہ مین ہے
دیوار پر سفیدیِ رنگِ پریدہ ہی

زیور دیا ہین وحشت نے یہ فرطِ ضعف سے
گردن کا طوق حلقۂ کاہِ خمیدہ ہی

آنسو ہو یا لہو مجھی دونون عزیز ہین
وہ پارۂ جگر ہے ہی تو یہ نور دیدہ ہی

بلبل مقامِ نغمۂ عشرت نہین جہان
جو گل ہی اس چمن مین گریبان دیدہ ہی

اللہ ری ضبطِ رازِ محبت کہ آج تک
جو حرفِ مدعا ہی مرا نا شنیدہ ہی

برسون سے ہی امانتِ صحرا کی احتیاط
تلوؤن مین آج تک وہی خارِ خلیدہ ہی

کیا جانیے کلھا ہی ستمگر نی کیا جواب
قاصد مری امید پہ جو آبدیدہ ہی

پیری مین بھی ہی ہی تمنای وصل دوست
آغوش شوق حلقۂ قد خمیدہ ہے

تکلیف التماس سہی ہی پاک مدعا
غماز عاشقی مرا رنگ پریدہ ہی

۲۲۶ جب سی سنا کہ پڑہتی ہین تسلیم کچھہ عمل
سارا سی اپنی یار پر پریدہ رمیدہ ہی ۹

جھکا سر نقش پای یار پر ہے
نہال خاکساری بار ور ہے

یہان تک تیرہ بختی امج پر ہے
کہ ہمشکل فلک دود دل جگر ہے

بھلا مین اور ترک صحبت مے
خیال ناصح مشفق کدھر ہے

نجا ای خانہ برباد ے کہین اور
کہ آبادی سے ویران میرا گھر ہے

ہنسو بولو گر آئی ہو شب وصل
شکایت تو مری جان عمر بھر ہے

دکھانے آئی ہین صورت دم نزع
دعای صبح مقبول اثر ہے

جگر کاوی ہے شغل شعر گوئے
زبان اپنی زبان نیشتر ہے

عوض رونے کی وہ ہنستی ہین سنکر
مری فریاد کا اولٹا اثر ہے

۲۲۷ نبا ہے گا کہان تک توبہ تسلیم
فرشتہ کچھہ نہین آخر بشر ہے ۶

سایہ غیرون کی لیی شمع سر ہانی آئی
کیا جلن تہی کہ لحد پر بھی جلانی آئی

پہلی انکار تہا پہر نیند ہوئی مانع وصل
وہ حیا جنسے ہی یاد بہانے آئی

واہ ری حوصلۂ زیست عدم سی چھپکے
ملک الموت کی ہمنے ناز اوٹھانی آئی

چھیڑنا تہا نہین دل یار پس مرگ کہان
آنکھہ جب بند ہوئی شکل دکھانی آئی

گھر سی کچھہ کام نہین چھوڑ کی صحرا میرک | داغ بدنامی وحشت ہین مٹانے آئی

تسلیم
ہون وہ گمراہ بھی دشت جنون مین
غول بن ہنکی خضر راہ بتانے آئی

۲۲۸ | ۱۱

ہنس ہنسکی غنچہائی چمن کو ہنسائی | گلشن مین چل کی آج کوئی گل کھلائی
احسان چارہ گر کی حیا ہی اگر تمہین | اک بانہ اور بھی نہ مری جان لگائی
حسرت کو درد و یاس کو داغ فراق کو | کس کس کو ہجر یار مین چھاتے لگائی
گذری تمام رات نہ آیا وہ ماہرو | ہوتی ہی صبح شیشہ و ساغر اوٹھائی
ہر دم مین ہے ہزار طرح کے شکستگی | کبتک پھر ایسی زخم جگر کو سلائی
حد اوبعد مرگ بھی امید زیست ہے | آب بقا مین خضر نے تا تو بجھائی
آخر حصول صحبت دیوانہ کچھہ تو ہو | دربان کو نالہای سلاسل سنائی
فرصت اگر دی فتنہ آشوب روز حشر | دو چار ناز اور بحد کی اوٹھائی
رنگین مزاجیون کی نکھاوٹ بھی اثر | پای خیال یار مین مہندی رچائی
الحمد فی وفق لطف ستم کہ رہا ہی دل | کبھی نہ شکر لا کہہ اگر زخم کھائی

تسلیم
کیا پڑی ہی کسی بیوفا کو آپ
دل دی کی رونا تمنا اوٹھائیے

۲۲۹ | ۱۲

غیرون سے کہتی ہین نم حسرت کہان چلے | یوسف نہین جو ساتھ مری کارواں چلے
کیا پوچھتے ہو حسرت جانکا کی حسرتین | مشل صدا دائی تھی مانند جان چلے
ہنگام نزع بھی نہین تم غفلت مزا | ابتک خبر نہین کدھر آئی کہان چلے
حسرت ہی تھی سایہ رہی ہمکو وہان کی | اکدن سلام و نہا کی نہ آسمان چلے

بوسے تری وصل مین لب جان بخش کی کیی
سر چشمۂ حیات سی ہم تشنہ جان چلے

دیکھا نہ تجھ بن کہ ہوئی ہم اسیر دام
لے کر سوئے قفس ہوس بوستان چلے

بھولی نہ بعد مرگ بھی ہم سر کشون کی ظلم
لیکر نہ زمین گلہ آسمان چلے

دیکھا کبھی کسی نی نہ دیکھا کبھے ہمین
ہم اس جہان سی صورت عمر روان چلے

تنگی دل کو دیکھ کے کہتے ہی آرزو
بیٹھے کہان کوئی کہان اوٹھی کہان چلے

اب ہم ہین یا کنار لحد یا ہجوم یاس
احباب رو کی بیٹھ رہی نوحہ خوان چلے

موت آگئی مجھی و خفا ہو کی جب اوٹھی
گویا کمان کی طرح کھنچے تیر سان چلے

دنیا خراب گور پر آشوب وای بخت
آئی تو کس جہان مین چلی تو کہان چلے

کہتی ہین لاش کو مری کفنا کی یاس سے
تسلیم منہ چھپائی ہوئی تم کہان چلے

۲۳۰ ۱۲

خاکساری سی ہماری یہ زمین پیدا ہوئے
وہ دل ہی صورت چرخ برین پیدا ہوئے

ہجر کی شب آنے مین سو سو طرح کی ناز ہین
میری قسمت سے اجل بھی ناز نین پیدا ہوئے

پڑ گئی کس سن تق دش کی جانب پہلو نظر
پھر وہی بیتابی دل ہمنشین پیدا ہوئے

خاک مین مجکو ملاتا ہی جو مثل نقش پا
کیا عداوت تجکو ای چرخ برین پیدا ہوئے

آرزوون کی اوٹھائی ناز جو جو کیا کہین
نا امیدی لہین جبتک تو نہین پیدا ہوئے

ہو نصیب دشمنان تسکین تڑپنی دو مجھے
بیقراری تم سی بڑھکر دلنشین پیدا ہوئے

بسکہ تھا آغاز مین انجام ہستی کا خیال
نیستی کی پردی مین روح حزین پیدا ہوئے

نا امیدی ہیکسی حسرت کدورت بیدلی
اک نہین ہی تیر ظالم کیا نہین پیدا ہوئے

لوٹھاؤن خاک سنگ آستان دہر مین
تیری چوکھٹ کے لیی میری جبین پیدا ہوئے

ابتو جو عالم ہوا ای زندگی اچھا ہوا
پھر قیامت ہے جو مر کر تو کہین پیدا ہوئے

مین تو جو کچھ ہون سو ہون ای تمکیی رونا ہی یہ
تو تو مجھسے بھی سوا اندوہگین پیدا ہوئے

بخیہ گر تسلیم کیون کرتا ہے تکلیف رفو
۲۳۱ چاک ہی ہونے کو میری آستین پیدا ہوئے ۷

حباب آسا کہون ہمایگی کیا اپنی قسمت کے
کہ مین کتا نہین لبریز جلبہ تاک حسرت کے

گرفتار جنون عالم عشق و حسن و نون ہین
یہان طوق سری ہی ہان زنجیر منت کے

ہنسے زخم جگر کس حوصلہ کے تصور مین
کہ ہر دم دی رہا ہی بوسیم باغ جنت کے

زمین و آسمان دونون تہ و بالا ہین نالون سی
مری عنصر مین شامل ہی خاک شہر قیامت کے

مجھی کل ہوا ہی دم ہی لیتا لون کی تنگی سی
حباب آسا لیے پھرتا ہون حسرت اپنی وسعت کے

مصیبت سے ہوا پیدا ملا ہی خاک مین غم سی
مری ہستی تو ہستی ہی کو یا تہا خاک حسرت کے

پس مردن بھی ای تسلیم سر گردان ہون وحشت مین
۲۳۲ بگولا بنکی پھرتی ہی ہمیشہ خاک تربت کے ۸

وہ سر ہے آج ای قاتل تہ تیغ دو دم آگے
کہ جسکی نو نہ کہا تا تہا کبھی جو ٹھی قسم آگے

یہانتک مثل آواز جرس مشتاق منزل ہون
کہ چلتا ہون مین اپنی کاروان سی پیش قدم آگے

کوئی دم ٹھہرینگی محشر مین ملنا ہو تو آملنا
قضا کا سا یہ بھی عمر روان جلتی ہین ہم آگے

سکھائی تمکو معشوقی مری برہم مزاجی نے
نہ تہا ابرو مین بل پہلی نہ تہا زلفون مین خم آگے

بہی شاید زمین کوی قاتل ہی کہ یان آکر
نہ جی چلنی کو کہتا ہی اوٹھتی ہین قدم آگے

ہنسا دیتا ہی مثل زخم ابتو ناز کاوش بھی
نہ کہتا تہا یہ لطف نو تراذوق ستم آگے

مقرر آج کچھ ہونا ہی اپنی تیرہ بختی سے
کبھی ایسا نہ گہٹتا تہا شب فرقت مین دم آگے

۲۳۳ فریبِ سادگی تسلیم آفت ہو گیا دل کو
نہ ایسا بیوفا نا آشنا سمجھی تھے ہم آگے ۱۰

اُفسردی نفرت نامہ بر اوس فتنۂ ایام کے
چھوڑ دی خط مین جگہ خالی ہماری نام کے

دیکھیو باہم نیاز و ناز یہ کیونکر نبھے
مجکو چپ رہنے کی خو عادت اونہین دشنام کے

تو ہوالی ہے مین خیالِ عہدِ پیری خوب ہی
فکر کرنا چاہیی آغاز مین انجام کے

اک بہارِ تازہ کی فرقت مین رو تا ہون لہو
رنگ لائی ہی محبت عارضِ گلفام کے

کیا مقدر نی فشارِ قبر سی نا دم کیا
لائی تھی کنجِ لحد مین آرزو آرام کے

مر گئی ہین اک بتِ گل پیرہن کے عشق مین
چاہیی چادر ہماری قبر پہ پھولام کے

آج تک صحرو میان اپنی نہ دم بھر کم ہوئین
دیکھی تھی صبحِ ازل کو شکل کس نا کام کے

اسلیی کنجِ لحد کی آرزو ہی بعدِ مرگ
پھر کہین دیکھون نہ ہموت چرخِ ارزق فام کے

بخل سا آتی ہی کیونکر جی بھر آئی روزِ عید
ہائی کیونکون آج صورت مین خالی جام کے

۲۳۴ کیا کہون کیون آتی آتی پھر گیا وہ شکِ مہر
یہ بھی ای تسلیم خوبی گردشِ ایام کے ۲۳

قوتِ ضبطِ غم جو دکھائی ہوتی
آہ نی عرش کے زنجیر ہلائی ہوتی

کر بھی حسرتِ انگشتِ حنائی ہوتی
پاون پڑتا ہی تو وہ ہاتہ نہ آئی ہوتی

نگہِ شوق مین تی تیغ ہوائی ہوتے
خونِ بسمل مین نہا کر نکل آئی ہوتی

سانی اکدن تو می صبح پلائی ہوتی
آگ سی آگ لگی دل کی بجھائی ہوتی

نا تمامی لبِ اعجاز نمانے ورنہ
آج مسہ کی ہلاک الموت نی کہائی ہوتی

بیہ بہی ہتی اگر سوختہ قسمت تیری
صفتِ شمع یہی آبلہ پائے ہوتی

گر نہ تھی طاقتِ دیدار تو مجھ سے مشکل کلیم
تھی تمنی آرزو ہی پر وہی تھی سُنائی ہوتی

جستجو میں تری ہم پھرتی بگولی کیطرح
خاک بھی ہو کی سدا خاک اوڑائی ہوتی

کوئی صحرا نہ ملا جو شہ جہشت میں جہان
خار ہوتی کہ مری آبلہ پائے ہوتی

شورِ زنجیر جگانی ہی غرض تھی جو تجھی
بختِ خفتہ کی مری نیند اوڑائی ہوتی

نوحہ خوانی کو عنادل بس مرون آتی
عرقِ گل سی مری قبر سائی ہوتی

تھا وہ محرومِ تمنا جو تمنا کرتا
مرگِ دشمن بھی مری کام نہ آئی ہوتی

جاتی گلشن کو اگر تم تو پے استقبال
بوئے گل پردۂ گل سی نکل آئی ہوتی

فاتحہ پڑھتے جو وہ ہاتھ لحد پر رکھکر
شمعِ تربت مجھی انگشت حنائی ہوتی

تھا وہ بیکس کہ مری غم میں لحد تک ہمراہ
خاک اوڑائی ہوئی سر پہ اجل آئی ہوتی

دل کی حرفونکی طرح تھی مری اونکی الفت
ملتی باطن میں تو ظاہر میں جدائی ہوتی

میں جو سرگشتہ بیابانِ جنون میں مرتا
خاکِ غم سر پہ بگولون نی اوڑائی ہوتی

کیا نہ کہتی دلِ صد چاک کی حسرت بلبل
گوشِ گل کو جو میسر شنوائی ہوتی

ایسی بی کیف تو ہم پھر کبھی ساقی جاتی
تشنہ می درد کی تچھٹ ہی بلائی ہوتی

کسکو تھی تابِ قفس جان پہ ٹک کر دیتی
دو گھڑی میں نہ اسیری نہ رہائی ہوتی

دیکھتا چپ بھی تو صیاد ستمگر نی مجھی
کچھ نہ کچھ تہمتِ فریاد لگائی ہوتی

ہجر میں سب سہی تو وعدہ خلافی ظالم
وہ نہ آئی تھی مگر موت ہی آئی ہوتی

تم نی کیا حال کیا دل کو جلا کر تسلیم
آگ اس سوزِ محبت میں لگائی ہوتے

۲۳۵

کیا مجکو آفتابِ قیامت اثر کرے
دلسوختہ وہ ہون کہ جہنم حذر کرے

بت بنگیا کہ رازِ محبت عیان نہو
مین کیا کرون جو بیخبری ہی خود خبر کرے

کیا پوچھتی ہو حال مریضِ فراق کا
اللہ ہی جو شامِ جدائی سحر کرے

بیمایگی حباب کی روٹی مین کھل گئے
آنسو وہ کیا ہی جو سرِ مژگان نہ تر کرے

دیکھی نہ روسیاہ زمانی مین بالجمال
پیدا نہ مثلِ بدر ہلال اسپر کرے

یہ بھی لکھا نصیب کا ورنہ ہجومِ شوق
بدظن ہو مجھسے غیر کو پیغامبر کرے

ممکن نہین کہ ہو دلِ صد چاک کا جواب
غنچہ ہزار رنگ سی ٹکڑی جگر کرے

مرکر بھی رفعتین مری دل سی نہ کم ہوئین
وہ خاک ہون جو دیدۂ اختر مین گھر کرے

دو دن کی زندگی ہی اسیر مین عندلیب
فکرِ قفس کی کہ غمِ بال و پر کرے

سہولی ہوئی ہین کیون گل و بلبل بہار پر
کوئی تو نئی ثباتیِ شبنم نظر کرے

تسلیم اپنے حال مین ہر دم ہی مبتلا
فرصت کہان نصیب جو کسبِ ہنر کرے

۲۳۶ ۱۶

سوزِ دل کہہ کہلی تجھے خون رولاؤن تو سہے
باتون باتون آگ پانی مین لگاؤن تو سہے

آج ای قاتل مقرر تیرے کہاؤن تو سہے
آپ پیکان سی لگی دل کی بجھاؤن تو سہے

زہد کی لیتا ہی ہر دم فصلِ گل آئی ہوئی
آپ بگڑون تجھکو ای زاہد بناؤن تو سہے

اسنے ہنستے ہین ہنسیرے دین گے میری حال پر
بخت کے بگڑی ہوئی اک دن بناؤن تو سہے

وہ کرون تو ہو کی بدظن مجھسی لی عہدِ وفا
روز تیری سر کی جھوٹی قسمین کہاؤن تو سہے

تو بھی کہنی نہ کہیون مین کبھی صورت ترے
بنکی مثلِ خواب آنکھون مین سماؤن تو سہے

اسقدر رگڑون جبین سی پاؤن تو آکر پڑے
سر لوٹھاکر خاک مین تجھکو ملاؤن تو سہے

نیلا کردون بوسی لی لی کر رخِ گلرنگ یار
اغوا تجھکو وصل مین سوسن بناؤن تو سہے

جو مجھی دیکھی تری محفل مین وہ رونی لگی
بیٹھکر دل کیطرح طوفان اوٹھاؤن تو سہے

وہ کرون نالی کہ سنکر آنکھ سی اوڑجائی نیند
ہوش مین تجکو بت بیہوش لاؤن تو سہے

تو نہین ملتا نہ مل مین جانتا ہون وہ وجہ
تیری خنجر کو گلی اپنے لگاؤن تو سہے

ہی غرض ایسا یتون تو سو چکر رہا کرے
گوشۂ دل سی بہلا کر یاد آؤن تو سہے

تو نہین آتا نہ آمین بھی شب فرقت مین آج
داغ ناکامی کو سینے سی لگاؤن تو سہے

رات ہر پہر پون سونی مون گھڑی بھر وصل مین
بخت شوم کیطرح تجکو جگاؤن تو سہے

گر تو ہوتا ہی مری نقش قدم بدگمان
بوی گل بنکر تری کوچی مین آؤن تو سہے

کم طریقت سی نہین تسلیم گر ہی مرے
تم تو کیا ہو خضر کو رستا بتاؤن تو سہے

۲۳۷ ۱۱

ہر شعلہ مثل دود ہوای سفر مین ہے
دو فرخ کنار پنبۂ داغ جگر مین ہے

مین ہون جہان مین اور جہان سبھی ہین
میرا شمار حلقۂ بیرون در مین ہے

اللہ ری وسعت قفس تنگ بعد مرگ
تن سی نکل کی روح نہان بال و پر مین ہے

رونی سی قوت بصری اور بھی بڑہے
عینک کیطرح اشک مری چشم تر مین ہے

مین آینہ ہون ظاہر و باطن مرا ہی ایک
دلمین بھی جلوہ گر ہی وہی جو نظر مین ہے

دونون وصال یار مین آنکھین چرا گئے
حسرت نہ دل مین ہی نہ تمنا جگر مین ہے

عشرت بھی بی ثبات کی سامان مرگ ہے
خندہ دلیل گریۂ ماتم شرر مین ہے

جبتک ہی زندگی مجھی شہرت کہان نصیب
وہ زلف شام ہون جو کنار سحر مین ہے

جاؤن گا چھوڑ کر قفس تنگ مین کہان
صیاد کس لیی خلش بال و پر مین ہے

خالی نہین ہی زخم سی پہلوی لفظ بھی
پیدا شگاف غم جگر ہر جگر مین ہے

تسلیم کہ یہہ عجیب ہے قاصد کی گفتگو

۲۳۸ سو سو طرح کی بیخبری ہر خبر مین ہے ۱۰

احسانِ عشق مین نے لب کا لیا ہے — یہ داغ دل وہی ہی جو آپنے دیا ہے
خارانِ دشتِ غربت کیون چبھتی ہو ہر قدم — کس مصیبتون سی اک آبلہ پڑا ہے
گم کردہ کاروان ہون آوارگی پہ میری — گرد ہتا ہی واں جرس کا فریاد کر رہا ہے
مدت کے بعد دلمین ناصح کے رحم آیا — دیتا ہی مجکو تسکین اونکو منا رہا ہے
اب وہ نہین تمنا دم کسکو دی ہی ہو — جاؤ بتو حرم سے اب مین ہون اور خدا ہے
فصلِ بہار آئی واعظ کتاب کہہ دی — توبہ کی مہلت اب تو کچھہ اور حوصلا ہے
آئی قیامت آئی پروا یہان کسی ہی — خوابِ لحد سی اے دل کیون جاگتا ہے
رنج و نشاط باہم پیشِ نظر ہین ہر دم — ہر بخیہ گر ہی گریان ہر زخم ہنس رہا ہے
موسی ہی لن ترانی اور روپ ہے خود نمائی — گویا کلیم ہونا اقبال غیر کا ہے

تسلیم اب تو کو جانے دو بیوفا کو

۲۳۹ تکرارِ بے سبب کا کچھہ اور مدعا ہے ۱۴

کچھہ تو ہو تسکین دل سرو و سمن کے سامنے — دفن کر صیاد بلبل کو چمن کے سامنے
دی رہی گی کیسی مرگِ غریبان کی خبر — جائی گی سر پیٹتے اہلِ وطن کی سامنے
اپنی مرنی کی مین صدقی وہ رہی کچھہ بچپنا کی آج — منہ بنائی بیٹھی ہین گور و کفن کے سامنے
واہ کیا شوخی شہادت کی بھلی سوجھی تمہین — سر بکائی بیٹھی ہین شمشیر زن کے سامنے
وصل کی مانگی دعا آتی ہی اہل مرگ کے — ہاتھہ پھیلا یہ کیا جوخ کہن کے سامنے
مانع کاہش ہوئی اپنی ضعیفی ہمدم — منفعل کیا نہ مجھکو گورکن کی سامنے

آرزو کیا ابتو داغِ نامرادی بھی نہیں
جل گیا جو کچھ پڑا دل کی جلن کے سامنے

وای بیدردی نے پوچھا ایک نے بھی سوزِ دل
شمع کیا کیا روئی اہلِ انجمن کے سامنے

سُست پیمان میں نہیں الشیخ لیکن کیا کروں
کچھ نہیں چلتی بُتِ توبہ شکن کے سامنے

جی ہی میں ہوں اوشعلہ رو کو ضد ہے پروانے کی آج
دیکھیں بھالا کی شمعِ انجمن کے سامنے

حُسن کے حیرت ہے بھولی شوقِ می کی وہ لوے
بن گئی بت ساقیِ توبہ شکن کے سامنے

خاک جی بھلی تو خاکِ لحد اچھی بُری
ایک صحرا رہتے ہیں مجھ خستہ تن کے سامنے

گو بلا ہی ظلمتِ شامِ شبِ فرقت مگر
کیا حقیقت ہے مری بیت الحزن کے سامنے

بات کر سکتی نہیں ہم شعر کہنا تو کہاں
کہو لیں سُنہ تعلیم کیا اہلِ سخن کے سامنے

۲۴۰ ۱۴

جز ترکِ تمنا کے تمنا نہیں رکھتے
جو حوصلہ ہم رکھتی ہیں گویا نہیں رکھتے

جو چاہو کرو ظلم کبھی اُف نکریں گے
تصویر ہیں ہینی ہیں کلیجا نہیں رکھتے

نفرت ہی دورنگی کسی یہانتک کہ مریجان
ہم باغ میں اپنی گلِ رعنا نہیں رکھتے

ہر دم ہمہ تن گرمِ رو راہ طلب ہیں
آرام کبھی صورتِ دریا نہیں رکھتے

سجدے سہی غرض ہی ہیں کیا قیدِ مکاں کے
بتخانہ سہی پاس جو کعبا نہیں رکھتے

مرتی ہیں مگر ڈر ہی کسی کا ہمیں ایسا
جینے کی بھی اس دل میں تمنا نہیں رکھتے

ہم طائرِ تصویر ہیں کیا ذبح کرے گا
بیرحمی صیاد کا کھٹکا نہیں رکھتے

کہتی ہو جلادی کوئی بسمل کو ہمارے
کیا تم لبِ اعجازِ مسیحا نہیں رکھتے

دنیا کی طرح جوش میں آئی جدھر آئے
دل میں کبھی پھرنے کا ارادا نہیں رکھتے

وحشت میں بھی خاکِ نشینوں کا ادب ہے
پامال سرِ جادۂ صحرا نہیں رکھتے

تصویر بنایا ہوس ترک ہوس نے — ہم نام کو بھی کوئی تمنا نہین رکھتے
کہدیتی ہین چپٹنی کی لیی راز محبت — پردہ فقط اتنا ہی کہ پردا نہین رکھتے
سُنتے ہین غنان چھیڑ کی مجکو صفت سے — خاموش بھی رہنا وہ گوارا نہین رکھتے
دی عمر دو روزہ مین خدا موت بھی اے خضر — یہ بھی کوئی جینا ہی کہ مرنا نہین رکھتے
خنجر کی سنان کی خلش تیر نظر کے — کس کسکی ہم اس دل مین تمنا نہین رکھتے
ہم کشتہ سیماب ہین کیا خاک جینگے — اچھا ہی جو وہ لب دم عیسیٰ نہین رکھتے

برسات مین بھی بادہ کشی ہی کرین توبہ
۲۴۱ — تسلیم ہم اتنا بھی تقوٰی نہین رکھتے — ۱۹

قفس مین قابل جنبش جو کچھ بھی بال و پر ہوتے — تو ہم بھی پاون پھیلا کر بھری کی آج سیر ہوتے
قیامت ہے قفس مین دیکھکر بازو کو رہجانا — بلا سی صبر جاتا اگر نہی بال و پر ہوتے
اوٹھا لیتی کی فرصت اضطراب دل اگر دیتا — تو جیتے جی سی پامال کیون نخت جگر ہوتے
مجھی تو طعمۂ پرواز فصل گل مین کیون دیتا — اسی قابل اگر صیاد میری بال و پر ہوتے
چلو ہم مر گئی فرصت ملے جھگڑا مٹا و رنہ — یہی شکوی گلی باہم مرے جان عمر بھر ہوتے
کبھی تو آ نکلتا اوڑکی قدمون سے لپٹ جاتے — تمنا کچھ تو بر آتی جو خاک رہگذر ہوتے
سبب کچھ تھا کہ قیدیون کا وگرنہ لاکھ بھولی تھی — مری حال پریشان سی تم اتنی بیخبر ہوتے
ہم اپنی بال کا سی کیونکر نہ غفلت ہو — کہ اکثر آنکھ لگ جاتی ہی انسان کی سحر ہوتے
برنگ شمع مہمان شب کاہون روی جو رونا ہو — کہان پاگی تو ای ہمکسی مجکو سحر ہوتے
غنیمت ہے شب وعدہ بلا سی وہ نہین آتے — کہ یہ امید بھی لیکن نہ پائین گی سحر ہوتے
بنا کر عرش کا تارا مٹایا اور قسمت نے — پہونچتی کان تک اونکی اگر مشکل گہر ہوتے

نئی وحشت سے آتا ہی یہی لیں مہمان چلتی
کہ ویرانہ جہان ہوتا نہ آبادی کہر ہوتے

جہانین بے نشانی اپنی ہم پرواز عنقا تھی
چھپاتا آسمان جتنا ہم اوتنی نامور ہوتے

طلب رکھتی ہی کامل مثل شبنم اوڑ کی آملتی
اگر بالفرض تم ای مہر سیما چرخ پر ہوتے

نر ہتا کفر و دین کا ایک ہے پابند عالم مین
خدائی وطن فہوتے مرجان تم بہد ہر ہوتے

پس پردہ ہی یہ پردہ دری ہی جان مضطر کی
قیامت جلوہ گر ہوتی جو تم پیش نظر ہوتے

فقط آواز سن سنکر وہ رد دیتے ہین غیر مین
خدا معلوم کیا ہوتا جو نالی با اثر ہوتے

۲۴۲ امیر اس وقت کی تسلیم سب نا اہل و جاہل ہین
ہنر کی قدر جب تی کہ خود بہی باہنر ہوتی

گور تک شرمندہ یار ان وطن ہی جائین گے
منہ چھپائی دامن چاک کفن ہی جائین گے

دہونی دو بس ہر گواہ قتل دو بہی حشر مین
خون کی ذہبی کہانتک پیرہن سے جائین گے

منہ لگا ہی خون عاشق تیرای قاتل نہ کہینچ
اب کہان پیکان مژگان خم کہن سے جائین گے

بعد مردن بہی نہ کم ہوگا اسیرے کا مزا
تا قفس دو چار پر اوڑ کر چمن سے جائین گے

لاکہ دشمن پاسبان ہی ہم مقرر ایکدن
یار کی دستک کسی حیلی سی فن سے جائین گے

سوختہ قسمت ہین مثل شمع کشتہ بیفروغ
نور کی تڑکی تمہاری انجمن سے جائین گے

منہ نہ کملائین گے دیکہین گے نہ ہم شکل خزان
بوی گل کی طرح چپکے اس چمن سے جائین گے

ای دل دیوانہ امید رہائی کس لیے
پیچ و خم کاہی کو زلف پر شکن سے جائین گے

کاوش صیاد و جور باغبان خار خزان
کیسی کیسی داغ لیکر اس چمن سے جائین گے

۲۴۳ دیکہنا تسلیم اپنی اعتقاد پاک کو
خلد مین جسدن طفیل پنجتن ہی جائین گے

نازبرداری مین گذری شب دلِ ناشاد کی
تہی کبھی منت خموشی کی کبھی فریاد کی

آینی کی دلمین بھی جرینہ کرتی ہین جگہہ
پیاری پیاری صورتین آفت ہین آدم زاد کی

فوج ہو کر خون ہی بلبل نی پیدا کی بہار
بوی گل دیتی ہین کلیان دامن صیاد کی

اسقدر ہی جوہر عاشق کشی دل کو پسند
تیغ ہنواتا ہی قاتل تیشہ فرہاد کی

شور بیتابی تو رسوا کر چکا تہا شکر ہے
آبرو رکھہ لی خموشی نی مری فریاد کی

روح جب گہر کی نکلی مل گیا تن خاکمین
خانہ ویرانی نی کیا مٹی مری بنیاد کی

لوٹ مین گلچین ہے فکر دام مین صیاد ہے
کون وی بیکسی پر بلبل ناشاد کی

تیرہ روزی کیا گلہون وقت ولادت دیکہکر
اوڑ گئی رنگت رخ صبح مبارکباد کی

حشر کا وعدہ ہی زیر خاک چشم وا ہی مین
دیکہتا ہون راہ اپنی ہستی برباد کی

دم ہی جب تک چار دیوار عناصر ہی بیا
خاک اوڑتی ہوگی اکدن قصر بنیاد کی

تہی شریک حال ہونا قہر ہی
بن گئی تیشی ہی آخر جان پر فرہاد کی

رشک بیجا دیکہنا آیا جو حرف آہ بہی
ضبط سی کیا کیا لب خاموش نی فریاد کی

داغ دل کی ساتہ بی برگی بہی لالی نرم ہی مجہے
لالی کا سینہ ملا قسمت ملے شمشاد کی

اسقدر جینے سی تنگ آیا تہا مین جب مر گیا
شور ماتم نی ادا رسم مبارکباد کی

آج کیا ہی کس لیی ذکر وفا ہی بار بار
سچ کہو کس سی ملی کسکی طبیعت شاد کی

گردش خنجر سی پہلی مر گیا مین خستہ جان
رہ گئی منہ دیکہکر حسرت دل جلاد کی

خاک ہو کر بہی وہی باقی ہی ناز استخوان
جل رہی ہی شمع اپنی خانہ برباد کی

حسن مندش مین تلاش معنی نو خیز مین
چاہیی تسلیم تجکو پیروی استاد کی

یہی جو بوسے لبِ جام کی تمنا نے
لگائی قہقہی ہنس ہنس کے خوب مینا نے

نہ آشنا کو ہوا غم نہ غیر کو افسوس
دکھائی دل کی پھپھولی ہزار دریا نے

ہین وہ غریب تھا جب مر گیا تو ماتم ہین
اوڑائی حشر تلک سر پہ خاک صحرا نے

ابھی تو اور نہ مرتا ہین چارہ گر لیکن
مجھی جینی دیا روز کی مداوا نے

کہان وہ تابِ نظر تھی جو دیکھتا صد شکر
رکھا نہ حد سی قدم دیدۂ تماشا نے

قریب سی نہ رکھا امید پردہ داری کی
سیانہ چاکِ سحر سوزنِ مسیحا نے

سوائے نام و نشانِ دہن فسانہ ہے
یہ خواب وہ ہی کہ دیکھا نہ چشمِ عنقا نے

۲۴۵ تپِ فراق سی تسلیم کی یہ نوبت کی
کہ مُنہ کو ڈھانک دیا دیکھکر مسیحا نے ۶

عارتھی جنکو ہمیشہ مری بیخوابی سے
وہی جاتی ہین اوتر کر ابھی مہتابی سے

ولولی مین ہی زمین لحدی آٹھ پہر
مر کی بھی چین میسر نہین بیتابی سے

جاگنا بھی شبِ تکلیف مین اک دولت ہے
آنکھین یاقوت ہوئے ہین مری بیخوابی سے

ندیا جب کہ مہ و مہر کو دم بھر آرام
کیا توقع ہمین اس گنبدِ دولابی سے

بجھ گئی دل کی لگی داغ مین ٹھنڈک آئی
تر ہین نظرین گلِ رخسار کی شادابی سے

۲۴۶ رہ گئی آج بھی امید شہادت تسلیم
پھر گئی آکی اجل تیغ کی بے آبی سے ۱۷

رہا بھی ہون تو کیا پرواز کی دل ہی ہوس نکلے
کہ ہل سکتی نہین جو بال و پر زیرِ قفس نکلے

امیدِ فیصلہ محشر مین کیا ہو وہ جو بیٹھی ہین
وہان تو جان کی دشمن یہان فریاد رس نکلے

پرا رمان گردن و خنجر ہین دونون دیکھی کیا ہو
کسی نا کام کی کبھی آہ کس کی ہوس نکلے

اسیرِ بیضہ لائی گلشنِ ایجاد میں قسمت
وہ بلبل ہوں عدم سی ہم لیے اپنا قفس نکلے

میں کسکو غیر سمجھوں دونوں اپنی ہیں محبت میں
نہ غم نکلی نہ جیتے جی مری دل سی ہوس نکلے

لحد کی تختہ بندی جہر یاں کیا تنگی کھوئی گے
یہ وہ جامہ نہیں تدبیر سی جسکی چرس نکلے

بھلا یا صحبتِ ہمجنس نے رنجِ اسیری کو
ہزاروں آشنائی باغ مہمانِ قفس نکلے

تمنا تلخکامونسے عجب شیریں بیانی سی
نی قلیان سی ای ہمدم نہیں ممکن کہ رس نکلے

مٹیں گے خاک اپنی داغِ محرومی قیامتکو
وہاں کی خار تو لیسی یہاں بنکر ہوس نکلے

نہ روئیں آبلے پھوٹی ہوئی قسمت پہ کیونکر
کہ میری پاؤں مجھسی بھی سوا بی دسترس نکلے

نگہبانی گاکوئی کبتک دلِ بسمل سی ہیکاں کو
جو سوئیں ایک بھی نکلی تو یہ لاکھوں برس نکلے

متاعِ خانہ برباد تی بلبل اک تماشا تھی
جو دیکھا اشک گلگوں سی رنگی کچھ خار و خس نکلے

گذرتی خار خار غم سی دم بھر نی خلش اپنے
ہمیشہ سیبھی اوی بھی ہوئی تارِ نفس نکلے

عزیزو قافلہ وہ ہوں جو گم ہو کر میں یا دآؤں
درا چھاتی کو پیٹی ڈھونڈھنی بانگِ جرس نکلے

رونہیں لٹتی جھگڑتی عمرِ دو روزہ گذر جائے
نہ ہم نکلیں نہ میخانی سی ایسا ئی عسس نکلے

پڑا ہی آج سایہ بکی دامن کا کہ رفن سے
گریبانِ کفن کو پھاڑ کر دستِ ہوس نکلے

گلی مل ملکی ای تسلیم روئی خواب آپس میں
قفس سے چھوٹ کر جسدم اسیرانِ قفس نکلے

۲۴۷ ۱۳

عشقِ بت میں نہ فحط جور و جفا دیکھ چکے
ہمتوای چرخ کچھ اس سی بھی سوا دیکھ چکے

کھینچ لایا نہ کبھی اوسکو مری بالین تک
بس تجھی اوا ثرِ آہِ رسا دیکھ چکے

دل سی کہتی ہیں یہی حوصلہ بیتابی نے
آپ ایسا بھی کیا بھی تہی کیا دیکھ چکے

سیر تک دشت ہی رہ کر وہ وحشت اپنا
یہ بھی مدت ہوئی ہم آبلہ پا دیکھ چکے

ابتو رخصت دی رہ ملکِ عدم کی قاتل
خوب ہم گرمیِ بازارِ قضا دیکھہ چکے

نا امیدی یہ سناتی ہی شبِ فرقت مین
کیون فریبِ اثرِ دستِ دعا دیکھہ چکے

تشنہ کامی کی لیی کسکی نہین کی منت
تجکو بہی آب دمِ تیغِ جفا دیکھہ چکے

اب کسی اور کو پامالِ تسلی کیجے
دیکھنی تہی جو ہمین ناز و ادا دیکھہ چکے

دلِ اسیرانِ قفس کا نہ کسی دن پہلا
نکہت افشانیِ دامانِ صبا دیکھہ چکے

شوق در پردہ ہی وصلیں کبتاہی سوال
انتہای ستمِ رسمِ حیا دیکھہ چکے

نازک اندامیِ جانان کی خبر کیا لیکن
بارہا نقشِ رگِ تارِ قبا دیکھہ چکے

ہجرِ گیسو مین کوئی وجہ تسلی نہوا
مشکِ چین مشکِ ختن مشکِ ختا دیکھہ چکے

۲۴۸ شمع افروزیِ مضمون کے بدولت تسلیم
بارہا جلوہ بزمِ شعرا دیکھہ چکے

ہین نالہای چند غزل کا بہانہ ہے
عاشق ہون مین مزاج مرا شاعرانہ ہے

مرکر بہی اپنی تیرہ نصیبی ہی اوج پر
بالای قبر دودِ جگر شامیانہ ہے

خالی نہ بعدِ مرگ بہی محفل جہان ہوا
گو مین نہین ہون ہر مین مرا فسانہ ہے

نالہ کیجاہی دل ہی خفا شوق ہی اسپر
تو کیا بدل گیا ہی کہ بدلا زمانہ ہے

سر ہی کٹا کی خدمتِ دشمن ضرور ہے
قاتل کی ساتہ ساتہ مرا خون بہانہ ہے

مجہ سخت جان کے قتل سی جلدی ملا فراغ
قاتل پہ آج فرض نماز دوگانہ ہے

۲۴۹ استاد سیکڑون ہین فنِ شعر مین مگر
تسلیم اپنی طرز کا تو بہی یگانہ ہے

مرکی دل مضطر ہی ہاران جہان کیوا سطے
یہ جرس نالان ہی اپنی کارواں کیوا سطے

ہمنشین کہکر گیا مین ضبطِ سوزِ ہجر سے
ہوا اجازت نالۂ آتش فشان کیواسطے

سرخرو کرنا الٰہی آج مقتل مین مجھے
یاد قاتل نی کیا ہی امتحان کیواسطے

ہمصفیری سی ہوا ثابت مجھی صیاد کی
ہمزبان ہوتا ہی دشمن ہمزبان کیواسطے

غیر کا افسانہ سننی کو نہ تھی نازک مزاج
دردِ سر ہوتا ہی میری داستان کیواسطے

کم نہین زندان سی وہ بستہ مزاجون کو وطن
باعثِ وحشت ہے تن عمرِ روان کیواسطے

دفن کردینا مع زنجیر مجکو قبر مین
چاہیی سامان وحشت کچھہ وہان کیواسطے

دور مین تیری ہین محرومِ سماعت حیف ہی
کچھہ تو ساقی رحم کر یہ بیمغان کیواسطے

۲۵۰ فصلِ گل آئی خزان تسلیم گلشن سی گئے
چُن رہی ہی تنکی بلبل آشیان کیواسطے ۷

گر یہی ہی عادتِ تکرار ہنستے بولتے
منہ کی اکدن کہائینگے اغیار ہنستی بولتے

تھے تمنا باغ عالم مین گل و بلبل کیطرح
بیٹھکر ہم تم کہین ای یار ہنستی بولتے

ہاں کہتی ہین غضب لائینگے تیری مدعی
دیکھہ لینگی گر پسِ دیوار ہنستی بولتے

میری قسمت سے زبانِ تیر بہی گویا نہین
ورنہ کیا کیا زخمِ دندار ہنستی بولتے

دل لگی مین جس سرِ دل کچھہ نکل جاتی تو ہی
بوسی لی لیتی ہین ہمدم دچار ہنستی بولتے

کچھہ سبب ہوگا وگرنہ بی سبب ایسا نہ تہا
چھیڑکر یون آپ سی اغیار ہنستی بولتے

۲۵۱ آج عذرِ اتقا تسلیم کل تک یار سے
آپ کو دیکھا سرِ بازار ہنستے بولتے ۸

دل ہم آغوشِ خیالِ بت دلکش بہی ہے
ساتہ اس شیشی کی پہلو مین مری سنگ بہی ہے

چاک ہونی ہی اسی کو جو نہین ہی دامن
ننگِ وحشت ہے گریبان ہی جنون ننگ بہی ہے

ٹھہر جا اور بہی ای ہوش کہ تیری ہمراہ
شوقِ پرواز مین چہکا مری رنگ بہی ہے

تو کشیدہ نہوای گل چونہین کی تعظیم
طولِ قامت کے سوا سرو چمن لنگ بہی ہے

کچھہ نہ کچھہ رنگ جوانی تری لائی گی ضرور
سب سے جوبن ہی نرالا ہی نکالا ڈہنگ بہی ہے

۲۵۲
مہربان ہوین تو ہزارون ہین مگر ای شیم
دوستِ صادق بہی تو ہی شفیق یگانہ بہی ہے
۱۹

خالِ تیرہ دل تہ ابرو نظر آیا مجہے
کعبہ کی محراب مین ہندو نظر آیا مجہے

کسنی بلبل کو سنادی خصلتِ گل کی خبر
ہو خزان مین برنگ بو نظر آیا مجہے

چشمِ عبرت بین ہی جب شبنم کو دیکہا وقت صبح
دیدۂ نرگس مین بہی لبریز نظر آیا مجہے

پاون پہیلا کر جو سویا مہ چونکا مشترک
پہلوِ مدفن ترا پہلو نظر آیا مجہے

دیکہکر موئی تمہاری کان کا ثابت ہوا
انتہائے شامِ شب گیسو نظر آیا مجہے

چشمِ فتان نی ہمارا لب نی زندہ کر دیا
منفعل اعجاز سی جادو نظر آیا مجہے

کیا ازل سی صورتِ تصویر ہی ایل خلق تہا
عمر بہر خالی مرا پہلو نظر آیا مجہے

جب اِن حبشی کو تڑپایا خیالِ زلف نی
حلقہای دام مین آہو نظر آیا مجہے

غیر سے ایسا کیا پیدا کی بیتابی ہوئی
تیر ہماری مطلعِ ابرو نظر آیا مجہے

کیا عداوت تہی مری آرام جی بعدِ مرگ
ای فلک پر زمین بہی تو نظر آیا مجہے

آہ حسرت صبح تک بن بنکی نکلی شکلِ سرو
خواب مین کسکا قد و بجو نظر آیا مجہے

آج تو نی بڑہ سی اپنی پلائی جو شراب
جامِ جم ساقی مرا چلّو نظر آیا مجہے

بوسۂ ابرو لیا کرتی ہی اوڑہ کر زلفِ یار
سانپ کا مدنظر بچھو نظر آیا مجہے

اپنی سینی ہی لگا کر تیر کو دل نی کہا
بعدِ مدت قوتِ بازو نظر آیا مجہے

کیون مبارکباد دیتی ہو ہلالِ عید کے
دوستو کیا یار کا ابرو نظر آیا مجھے

مانعِ دیدار پایا واسطے کو عشق مین
بند کی جب آنکھ سب سے تو نظر آیا مجھے

ہے تری روزِ قیامت کسقدر تاریک تہا
آفتابِ حشر اک جگنو نظر آیا مجھے

آگ پانی مین لگائی کسنے ہو کر پایِ سرخ
شکلِ تیخالہ حبابِ جو نظر آیا مجھے

غیر کو ساغر دیا تسلیم اوسنے جسگھڑی
جام اپنی عمر کا مسلو نظر آیا مجھے

۱۹

یاد سفرِ ملکِ عدم دل سی لگے ہے
ہر دم مجھی لو گور کی منزل سی لگی ہے

اللہ ری نکہبانیِ صیاد کہ ہر آنکھہ
چاکِ قفسِ تنگ عنادل سی لگی ہے

گر نقشِ قدم ہون تو ہی مٹنی کی تمنا
ہون خاک تو اوڑنی کی مری دل سی لگی ہے

ہر عقدہ کشا عقدہ فسمت سے ہی ناچار
یہ بات مری ہاتہ انامل سی لگی ہے

کوسون ہے زمین خونِ شہیدان سہی شفق گون
یہ آگ نہی خنجرِ قاتل سے لگے ہے

مٹ جای کہین زندگی و مرگ کا جہگڑا
ای تیغِ جفا ابتو یہی دل سی لگی ہے

شاید نظر آجای جمالِ رخِ لیلی
ہر آنکھہ مری پردہ محمل سے لگی ہے

گل ہون تو جگر چاک ہون بو ہون تو پریشان
ہر رنگ مین اک آفتِ غم دل سی لگی ہے

ہر گل صفتِ شعلہ ہی غنچہ ہے اخگر
اک آگ تبِ آہِ عنادل سی لگی ہے

مین ہون صفتِ آینہ یکجان تری آگے
جو بات تو کہتا ہی مری دل سی لگی ہے

یون گرد سفر قیس ہے جو ہمرہِ لیلی
کیا شرطِ غبارِ پسِ محمل سی لگی ہے

کیونکر نہ ہنسین زخمِ دولہن ہنکی دمِ قتل
شمشیر تری سینہ بسمل سی لگی ہے

مرکز شبِ فرقت مین دمِ صبح جیا ہون
ڈوبی ہوئی کشتی مری ساحل سی لگی ہے

ایسا سر مجنون بھی نہتا ضعف سے پا بوس
یہ میری جبین ہی کہ سلا سل سی لگی ہے

دیتا ہی لپک داغ جگر بعد فنا بھے
اک آگ لحد مین تہ بتہ دل سی لگی ہے

دم لی خلش گور نہ کہل جای کہین آنکہہ
مشکل تو یہی ہی کہ جو مشکل سی لگی ہے

کیا کہتی ہو کیا بہول گیا مین دم رخصت
اک یاد تمہاری سو مری دل سی لگی ہے

سویا ہون شب وصل مین یا مر کی لحد مین
جب آنکہہ لگی ہی مری مشکل سی لگی ہے

۲۵۴ اللہ ری وحشت کہ پس مرگ بھی تسلیم
جنت مین طبیعت مری مشکل سی لگی ہے ۱۶

چاندنی پر ماہرو ہے ماہرو پر چاندنے
دیکہتا ہون وصل کی شب مین بکر چاندنے

داغ دیتی ہین چمن مین بی تہی دونون مجہی
پہول اخگر سی سو اشعلے سی بڑہ کر چاندنے

جلوہ گر ہی ماہ گردون پر لحد مین داغ دل
دہوپ ہے قسمت سے میری گہر مین باہر چاندنے

نیک و بد کی قید ارباب ضیا رکہتی نہین
خار و گل دونون سی ملتی ہی برابر چاندنے

ابتو تنہائی ہی ہم مین خانۂ تاریک ہی
دیکہین گے جسدن دکہائی گا مقدر چاندنے

کون سر گردان نہین ای ماہ تیری عشق مین
دہوپ دن بہر و ہوندہتی پہر رہی شب بہر چاندنے

لوگ کیون کہتی ہین تیرہ خاکدان دہر کو
دیکہتا ہون مین تو گہر گہر دہوپ گہر چاندنے

غیب سے میری سیہ خانہ کی آرائش ہوئی
پہر گئی مثل سفیدی ساری گہر پر چاندنے

کسنے لوٹی آج اپنی روی روشن سی نقاب
ماہ مثل آینہ حیران ہی شش در چاندنے

دیکہکر آئینی مین رنگ پریدہ خجلت ہون مین
لطف دیتی ہی کنار حوض کوثر چاندنے

شب کو آئی صبحکو تیری طرح رخصت ہوئی
تہی مقرر کوئی محبوب سمن بر چاندنے

مین بہی وہ محروم راحت ہون جسے سودون ہجر مین
خواب مخمل کو بنا دی نوک نشتر چاندنے

سینہ چاکان زخم شمن سی بہلاتی ہین دل
ہنس رہی ہین دیکھکر زخم گل تر چاندنے

آسمان ہی مدعی قاتل سی میری خون کا
ماہ ہی مہر گواہی فرد محضر چاندنے

ذبح وہ کرتی ہین ہین ہون مائل حسن صبیح
بخت کہلاتا ہی دن کو زیر خنجر چاندنے

ہون گدا اک بادشاہ حسن کا تسلیم مین
چاہیے کیا مجکو تکیہ فرش بستر چاندنے

۲۵۵ ۱۱

مرمٹے حسن جہان فزا کے لیے
مل گئی خاک مین شفا کے لیے

چاہا دشمن کو دوست کی خاطر
بندہ بت بنی خدا کے لیے

تیغ ابرو کو دیجیے جنبش
حیلہ درکار ہے قضا کے لیے

آپ آئین گے میری بالین پر
منہ نہ کہلوائیے خدا کے لیے

اتنے صدمے دیے کہ آخر کو
ہاتھ اوٹھانا پڑا دعا کے لیے

ہای رے شوق خاک مین مل کر
بوسے موج خرام پا کے لیے

کیا نبا ہوگے تم محبت کو
حوصلہ چاہیے وفا کے لیے

ہمتو خود کچھ نہین مرین گے کیا
زندگے چاہیے قضا کے لیے

منتظر ہون گے دیکھنے والے
جائیے جائیے خدا کے لیے

کچھ زبانے سے ہے نامہ کہنا
بت نہ بننا ذرا خدا کے لیے

کیا امید شفا رکھین تسلیم
پاس بیٹھا نہین دوا کے لیے

۲۵۶ ۵

منفعل کرتا ہی کیون ای ابر گریان تو بھی
رو چکی ہین جیتی جی سون مین آنسو بھی

ہونگے دیوانے کسی کے عارض گلرنگ کا
ای صبا درکار ہی زنجیر موج بو بھی

ملی سب بھے ابتو گھلجاتی ہین لب مانند زخم
ہنستے ہنستے ہوگئی ہنسنے کی آخر خو مجھے

خشت بالین سے نکیونکر سر کو پہوڑون بیخبون
یاد آتا ہے کسی کا تکیۂ زانو مجھے

۲۵۷ — میں وہی ہون ناز بردار وفا تسلیم نام
کیا نہین پہچانتا ای بیموت تو مجھے

جینا اجل سی کم نہین نیرنگیِ قفس مجھے
کرتی ہی فیح آمد و رفت نفس مجھے

آتا ہے کون قافلہ سالار اس طرف
پیچین کیون رہے ہے صدای جرس مجھے

ویرانہ آشیان چمن روزگار مین
گردون نہ دی سکا کبھی چار خس مجھے

فرصت طلب ہین دشت نوردی کی حوصلے
جوش جنون معاف کہان اب کی برس مجھے

مین بھی خستہ جان ان تہا کہ روز حشر
رو رو دیا ہی دیکھہ کی فریاد رس مجھے

کیا خاک دم لون بعد رہائی کہ آج تک
بھولی نہین ہی تنگیِ کنج قفس مجھے

۲۵۸ — دو گز زمین مانگ کی تسلیم چرخ سی
کیا خاک مین ملا گئی میری ہوس مجھے

کہون کیا ہمنشین تقدیر کا میری لکھا یہ ہے
کہ وہ سمجھی کہانی داستان قصہ گلا یہ ہے

ہوس کے تھی کہ مرجائین نہین مشکل ہوا یہ ہے
پہری آسمان سی رو کی قسمت کو دعا یہ ہے

وہ اپنی وعدہ دیدار قرار کو اوٹھا رکھین
مین صبر تا اپنی خوشی کے کہ دیتی ہی مزا یہ ہے

حجاب شیشہ مین بنت العنب ہی معتکف ہر دم
مری توبہ کی ضد سی آجکل ہی پارسا یہ ہے

یہان تک آرزو مین ہون کہ جب لکہتا ہون خط اونکو
مرا دل مجھسی کہتا ہی ذرا یہ بھی ذرا یہ ہے

اگر ہو طالب دیدار تو مین جہانگ کر دیکھو
کہ مشہور جہان ہی یار کی دولتسرا یہ ہے

کبھی آیا نہ ہونٹون سے زبان تک نام عشق کا
تجھی ای بیموت ہوگیا عہد وفا یہ ہے

حضور اپر وہ جانان مراد ہین کیون نہ مانگین ہم
کہ اپنی دین و ملت مین یہی محراب عایہ ہے

بہت کڑے ہتا ہی لیتا ہی جب کوئی حسین دلکو
دم بیگانگی دیتا ہی بوی آشنا یہ ہے

نہ لو ہاتھو نمین دلکو حلقہ گیسو مین رہنے دو
اوڑا ماری گا اکدن آپکا دزد حنا یہ ہے

خلافِ طرز کی خوگر نتھی تسلیم ہم لیکن
لحاظِ خاطرِ احباب سی کہنا پڑا یہ ہے

۲۵۹ ۱۹

تہو کا لہو مژہ کی جو پیاری ادا لگے
گویا سنانِ تیر کلیجے پر آ لگے

اوسکی شمیم زلف سی کرتی ہی ہمسری
گلشن کے ای نسیم تجھی بہی ہوا لگے

کہتی ہی تیری کوچہ جانان کو چھوڑ دے
ایسی نہین ہی دل کو مری ناصحا لگے

نیند اوڑ گئی تھی ہجر مین ایسی کہ بعد مرگ
زیر لحد بہی آنکھ نہ میری ذرا لگے

دو دن بہی زلف رہتی ہی کیون تا کمر پڑے
آگی تو یون نہ تھی کبہی پیچہی بلا لگے

بیمار دیکھتا ہون ہمیشہ مین چشم کو
کسکی نظر انہین بتِ نا آشنا لگے

ہمسایگی بہی سوختہ قسمت کے قہر ہے
بھڑکی جو دل کی آگ کلیجے کو جا لگے

ابتک پہرا نہین طرف کوی یار سے
حیرت ہے نامہ بر کو مری دیر کیا لگے

نیرنگیان حیات کی ایدل مین چند روز
رہتی ہی تیری گہات مین ہر دم قضا لگے

رکہتا قدم نہ عالم ہستی مین بہول کر
گر جانتا کہ آتی ہی پیچہی فنا لگے

مانند شمع نور فشان سادگی مین ہی
لو دی گی ساق پاون مین جسدن حنا لگے

اللہ ری ظلمت شب فرقت کہ خوف سی
بہاگی جو بیکسی مری سینی سی آ لگے

شانہ مٹا رہا ہی عبث حلقہای زلف
ان کافرون کی دل مین ہی مہر خدا لگے

مرغ سحر نے قتل کیا مجکو وصل مین
بنکر چہری کی نوک جگر پر صدا لگے

توبہ ہزار کی ہی مگر فصلِ گل ہے یہ
بہتر ہی تھوڑی می جو رہی ساقیا لگے

۲۶۰ تسلیم اوسنے کر دی روزن ہی کی بند
اب کیون ہی ٹکٹکی سو دو لبستر اسا لگے

کہبراتی ہی زندان مین طبیعت کئی دن سے
بھڑکاتی ہی کیا کیا مری وحشت کئی دن سے

ہر بات مین آنکہین تو چراتا ہی مین سمجھا
کچھہ اور ہی ظالم تری نیت کئی دن سے

مرنی کی تمنا مین ہون ہر گشتہ شب و روز
بہرتا ہی ایسی شوقِ شہادت کئی دن سے

کس تازہ خریدار سی بیرحم لڑی آنکہہ
پاتی نہین اگلی وہ مروت کئی دن سے

کیا خاک سنون ناصحِ مشفق تری باتین
کہتی مین نہین میری طبیعت کئی دن سے

کچھہ دل کی طرح بیٹہہ گئی ضعف سے یہ بہی
اوٹہتی نہین خاکِ سرِ تربت کئی دن سے

کیا آپ سے چپ ہون مجہی آدابِ خموشی
دیتا نہین فریاد کی رخصت کئی دن سے

ہر بات مین تکرار ہی ہر حال مین غصہ
برپا ہی مری گہر مین قیامت کئی دن سے

رونی کی ہی قابل نرکہا سوزِ جگر نی
آنکہون نہین اشکِ ندامت کئی دن سے

مُنہ پیر کی چلتی ہین جب آتے ہین مقابل
برگشتہ ہی مجہسی مری قسمت کئی دن سے

۲۶۱ انکار عبث دیکہہ چکی آپ کو تسلیم
چپ چپ کے جہان جاتی ہین حضرت کئی دن سے

کرتی ہین کئی دیدہ گریان کئی دن سے
تر بہی نہین ہوتا سرِ مژگان کئی دن سے

وحشت مین کہون کشمکشِ ضعف کا کیا حال
ہر بانہ ہی پیوندِ گریبان کئی دن سے

حاصل ہی مجہی ولتِ گریہ جو برابر
لبریز گہر ہین مری دامان کئی دن سے

تہا شورِ تبسم جو لبِ خم مین افسوس
وہ بہی نہین ہوتا نمک افشان کئی دن سے

لائی نہ کہین تاب مین پھر کاکل برہم
آتی ہین نظر خواب پریشان کئی دن سے

تو بھی تو کبھی سینہ سے لگا لا نہین پھر کیون
برہم ہی مزاج سگ جانان کئی دن سے

دیکھا ہو تو بتلا دی خدا دل پہ خون
وہ ڈھونڈتی ہین سینی مین پیکان کئی دن سے

کچھ تیری طرف سی جو کہی ہین گلی مین نے
کیا کیا ہین پشیمان مری ارمان کئی دن سے

۲۶۲ صیاد ہی کیا مانع فریاد بھی تسلیم
خاموش ہین مرغان گلستان کئی دن سے ۷

بڑھ گئی مے پینے سی دل کی تمنا اور بھی
صدقہ اپنا سا قیا اک جام صہبا اور بھی

ایک تو مین آپ ہون ناصح پریشان خستہ جان
دل کہا دیتی ہی تیری پند بیجا اور بھی

داستان شوق دل ایسی نہین تھی مختصر
جی لگا کر تم اگر سنتی مین کہتا اور بھی

دیکھکر وہ آینہ کہتی ہین کس کس ناز سے
کیون جی ہوگا کوئی مجسا مہر سیما اور بھی

درد بیتابی گھڑی بھر کم نہین لیتا کبھی
جان اب سیر کہائی جاتا ہی سیحا اور بھی

کچھ تو پہلی سی دل بیتاب تھا وحشی مزاج
پی تری بات گہبراتا ہی تنہا اور بھی

۲۶۳ دیکھتی ہی دیکھتی تسلیم وہ چھپنے لگے
بڑھ گیا بی پردگی مین محبسی پردا اور بھی ۱۸

کیا ضعف ہی سبک بھی ہوا ہی گران مجھے
بار فلک ہی ذرہ ریگ روان مجھے

باغ جہان مین بلبل تصویر کیطرح
صیاد کا خطر نہ غم باغبان مجھے

کیا خاک آئی نیند وہ عالم ہی ہجر مین
روتا ہی دیکھہ دیکھکی افسانہ خوان مجھے

دیوانہ وہ ہون سیر کو جاؤن جو باغ مین
پہنائی موج خندہ گل بیڑیان مجھے

مانند زخم درد مین خندہ نصیب ہون
رکھتا ہی سنج زیر فلک شادمان مجھے

مانگا ہی کسنی بوسہ لبونکا زبان روک — دیتا ہی بات بات پہ کیون گالیان مجھے

بزمِ جہان مین صورتِ شمعِ خموش ہون — مانندِ شعلہ کہنی کو دی ہی زبان مجھے

ہمدم چھوڑتا نہین دمِ بہرِ فراق مین — لپٹائی ہی کلیجی سی داغِ نہان مجھے

برباد بعدِ مرگ بھی شہرتِ جنون مین ہون — تقدیر نے بنایا ہی یگانۂ دوان مجھے

کیا پوچھتی ہو شوقِ اسیری کی مدتین — یاد قفس مین بھول گیا آشیان مجھے

ساقی نہ پارسا ہون نہ زاہد نہ محتسب — ترسا رہا ہی کس لیی پیرِ مغان مجھے

سر پہ سرشکِ دیدۂ گریان ہی ہجر مین — پامال کر رہا ہی مرا کاروان مجھے

ہر دم نظر کی طرح نظر سی نہان تو ہون — اب اور کیا کری گا فلک بی نشان مجھے

لائین نہ لائین تربتِ بیکس پہ ہار پھول — قسمت سے شمعِ گور ہی گلفشان مجھے

ہر آرزو کی ساتھ لیی جاتی ہے مدام — بی اعتبار سمجھی ہی عمرِ روان مجھے

مستی مین دخت زیست کرتا ہون گر بیان — ہنستا ہی دیکھ دیکھ کی پیرِ مغان مجھے

کہائی ہین کسکی ہاتہ سی ظالم گلوریان — کرتا ہی آج قتل ترا رنگِ پان مجھے

تسلیم باغِ دہر مین فیضِ نسیم سے
کہتی ہی اخلق بلبلِ ہندوستان مجھے

۲۶۴ — ۱۸

ہستی ہی بعدِ مرگ رہائی کہان مجھے — بننا پڑا ہی داغِ دلِ دوستان مجھے

مین خضر و مٹا ہوا ہون مٹانی کیو اطلی — کیون ڈہونڈہتا ہی چار طرف آسمان مجھے

آزاد ہون نشاط و الم سی برنگِ سرو — یکسان ہی اس چمن مین بہار و خزان مجھے

آغازِ عشق مین نہ ہوس کہہ رقیب کی — او بدگمان ابہی سی نکر بدگمان مجھے

سوزِ درون ہی گور بہی روشن ہی بعدِ مرگ — شمعین دکہا رہی ہین مرا استخوان مجھے

افسانہ کوئی اور سنے بیخواب کر دیا
ظالم سنا رہا ہی مری داستان مجھے

کیونکر نہ کہا کی تیرِ ہمسو نہیں برنگِ زخم
رہ رہ کے گدگداتی ہی نوکِ سنان مجھے

وہ گم شدہ ہون سعیِ عدم ضطراب مین
ڈھونڈھی گئی ہی ڈھونڈھنی عمرِ روان مجھے

دریا مین کیا رکھون دمِ دیوانگی قدم
زنجیر بنکی لپٹی گی موجِ روان مجھے

افتادگی مین ضعف سی کیا خاک اوٹھ سکون
سایہ بھی پای ہور کا بارِ گران مجھے

اتنا نہ دل کہا کہ خدا ہی کا ہو رہون
تو جانتا نہین بتِ نامہربان مجھے

صیاد نی غضب کے لگائی ہی آگ جہانگ
ڈرسی قفس ہو ہی مرا آشیان مجھے

پای جسے جستجو صفتِ نقشِ پای مور
اتنا بھی خاک مین نہ ملا آسمان مجھے

کاہش سی بے نشان ہون ڈھونڈھی ہو نقاہ کیطرح
پیدا ہو قدردان بھی تو ڈھونڈھی کہان مجھے

باغِ جہان مین طائرِ رنگ حنا کی طرح
آیا نظر نہ خواب مین بھی آشیان مجھے

مہمان ہون نیم دم کا لگائی جگر سی شمع
پائی گی پھر شرر کیطرح تو کہان مجھے

۲۶۵ تسلیم کیا عقوبتِ عقبی سی مین ڈرون
حاصل ہی یہ چین کو نسا آخر یہان مجھے ۹

عہد پھر کرتی ہین ترکِ ستم کی واسطے
کچھ بہانا چاہیے جھوٹی قسم کیواسطے

استقدر ای داغِ محرومی نہ پھیلا ہاتھ پاون
رہنی تھوڑی جگہ سینی مین غم کیواسطے

آرزو ہی مر کی بھی عشق کر باقی رہے
چاہیی اک ہمسفر ملکِ عدم کیواسطے

دہر آئینہ ہی مین تصویرِ حیرت بشنو
عیش کیخاطر نہ پیدا ہون نہ غم کیواسطے

ہمسفر خصت ہوئے دم دی کی مجکو دہر مین
چرخ نی ٹھہرالیا مشقِ ستم کی واسطے

بیخودی اہِ طلب مین بن گئی ہی غور اثر
چاہیی اک خضر مجکو ہر قدم کی واسطے

خاکسارِ دہر ہین جس جا تھکی ہم پڑ رہے
کیا تکلف چاہیی نقشِ قدم کیواسطے

حد سی افزون عیش کا سامان ہی ہی پیغامِ مرگ
بنگئی شدّاد کی دم پر ارم کی واسطے

۲۶۶ نزع مین تسلیم کیون تلقین سُناتی ہو مجھی
حاجتِ افسانہ کیا خوابِ عدم کیواسطے ۵

صوتِ لفظِ خموشی سخن آرائی ہے
بیزبانی جو مری ہی وہی گویائی ہے

در و دیوار سی کیون آج برستی ہی خوشی
کیا کہین ہے خبرِ مرگِ عدو آئی ہے

ای اجل آج تو موقع ہی اگر فرصت ہو
مین ہون بیتابیِ دل ہی شبِ تنہائی ہے

دشت گردی مین بھلا کیا اوی مجنون سی نسبت
قیس دیوانہ ہی مجنون ہی سودائی ہے

۲۶۷ قتلِ تسلیم ہی کیون لطف نظر او ظالم
کسطرف دھیان کبھی کیا دل مین تیری آئی ہی ۶

مرجائین کوئی ایسی بلا ہی نہین آتی
وہ جاتی ہین گھر ہمکو قضا ہی نہین آتی

بوی گل تر کیا کبھی بھولی ہی خبر کو
تا کنجِ قفس باد صبا سے نہین آتی

عشقِ بتِ کافر مین یہ غفلت ہی کہ مجکو
واللہ کبھی یادِ خدا سے نہین آتی

یہ فصلِ خزان یہ ہوس زمزمہ سنجی
ای مرغِ چمن تجکو حیا ہی نہین آتی

اب قافلہ رفتہ کہان اور کہان ہم
مدت ہوئی آوازِ درا سے نہین آتی

۲۶۸ کیا حال ہی کسکی لہی راتون کو سحر تک
تسلیم تجھے نیند ذرا ہی نہین آتی ۷

ہر کھڑی ہر گرمِ مطلب آرزو جاری ہی مین ہے
راست ہر پہلو مین یا شعلہ وہ جاری ہی مین ہے

باغ مین بلبل ہر گل و بلبل کہی کہیلیان
ای صبا کیون یان ہی پھرتی چار سو جاری ہی مین ہے

وصل کی شب آدم بہر لپٹ کر سو رہین — عذر گرمی کا عبث ایکیا ہو جاڑی ہین ہے
گرم کہتی ہی مزاج سرد پیری کو شراب — تطف مل بادہ و جام سبو جاڑی ہین ہے
سرد اعضا ہو چکی لب پر وہی ہی آہ گرم — آگ قسمت مین لگی ہی جلتی لو جاڑی ہین ہے
سینہ ہی اپنی لگائی رہتی ہین گل رات بھر — قطرۂ شبنم کی کیا کیا آبرو جاڑی ہین ہے

۲۶۹ — تہر تہراتا ہی جگر تسلیم پڑہی شعر کیا
سخت مشکل دم کا آنا تا گلو جاڑی ہین ہے — ۶

کیا کہون کی عندلیب چمن ہی نکل گئے — کیا سن لیا گلون نے کہ رنگت بدل گئے
ایسا کہان رفیق جو دیتا قلق مین ساتھ — اک جان تہی سو وقت یہ وہ ہی نکل گئے
ای جان شب فراق کا صدمہ نہ پوچہی — وہ حال تہا کہ موت بہی ہالین ہی ٹل گئے
مجکو دیا وصال نی ہی صدمہ فراق — سو سو طرح کی دل ہی تمنا نکل گئے
گہبرائی تہی فراق مین لیکن ہزار شکر — باتین دو دل نی کین کہ طبیعت بہل گئے

۲۷۰ — تسلیم آج تک ہے وہی شعر و شاعری
بڈہے ہی ہوگئے مگر نہ تمہاری نکل گئے — ۵

غیر سی ملیے مجہی نا کام رہنے دیجیے — آپ اپنی نامہ و پیغام رہنے دیجیے
وصل مین سنکر گلی تقدیر کے کہتے ہین وہ — آج ذکر گردش ایام رہنے دیجیے
تنگی کنج قفس شاید پہر کہنی دی ندی — کوئی دم بیتاب پر و بام رہنے دیجیے
کچہہ نہین تسکین تو ہی مجہ رند بادہ نوش کو — سامنی آنکہون کی خالی جام رہنے دیجیے

۲۷۱ — ہم نہین کہتی کی ای تسلیم پیغام وصال
یہ سنا یہ خیال خام رہنے دیجیے — ۱۱

وہ کہنے سننے سے گر ملے سنبھے گئی کدورت نہ خاک جی کی

وہی ہے دُودُو پہر لڑائے وہی ہی برخشر گھڑی گھڑی کی

وہ کم حقیقت ہین اس جہان مین کہ وقتِ عہد غلط اجل ہے

ہمیشہ کھاتی ہے جھوٹھی قسمین محمد سی اپنی ہی زندگی کی

ستم اوٹھائی وفا نباہی شکایت اسکی نہین ہی ای دل

مگر بھلائی کی تو نے اوسسے امید رکھی بہت بُری کی

نہ شامیانہ نہ شمع تربت نہ موج سبزہ نہ چادرِ گل

بلا نصیبون سے مل کی کیا کیا خراب مٹی ہی بیکسی کی

گئی نہ سوئے حرم کسی دن نہ کام دیرِ مغان سی رکھا

سلامتی بس اس شوق کی ہو یہین سے دونون کو بندگی کی

ہزار صدمے دئے فلک نے کبھی نہ ہنسنے سے باز آئے

ہمیشہ مثلِ لبِ جراحت خوشی نہونی کی بھی خوشی کی

فنا نصیبون سے ایک دم بھی کمال مشکل ہے ربطِ ہستی

شرار آتش سے کوئی پوچھو غلش ہوائی فسردگی کی

حسین مین جب تک ادا نہین ہی عبث ہین ظاہر کی رنگ و روغن

کہ حسنِ تصویر لاکھ رکھی طبیعت آتے نہین کسے کی

پسی جو برگِ حنا تو کیا کیا ہوئی بہبو کا وہ فرق پایا

عجب بیقدر نے رنگ بدلا کسی کی بگڑی بنی کسی کی

اوڑا کی آخر برنگِ نکہت سیرِ بلبل کیا قفس مین

گلون کی دل مین جگہہ نہیں صبا کی آشفتہ خاطری کی
کسی کو توقع ہے فصل گل تک ہمین کی تعلیم پارسا ہم ۱۶
ابھی سی عذر گناہ توبہ تلاش مین ہے شکستگی کی ۲۷۲
زمانون کا مین صبا چمن مین گلی سی اوسکو لگا گئی ہے
بسی ہی پوشاک بوی گل مین حیا سے بیتاب نازکی ہے
جو تمکو آنا ہو جلد آؤ کہ دم مین رخصت حیات کی ہے
گلی ہے حسرت لگا رہی ہی امید صورت کو تک رہی ہے
پیین نہ فصل بہار مین ہے خدا کی ڈر سی شراب گلگون
ہی ہی واعظ جو شرط توبہ تو ایسی توبہ کو بندگی ہے
ہوئین نہ گستاخ آرزو مین نہ سخت جانی نی دل دکھایا
کوئی یہ پوچھو کہ تیغ قاتل جو تصیبون سی کیون کھنچی ہے
مین ترک مطلب کے اپنی صورت کہ شکل تصویر اس جہان مین
نہ دوستی ہے کسی سے مجکو کسیکو مجہ سی نہ دشمنی ہے
لحد پر آئے ہو تم جوای جان نقاب اولٹو حجاب کیسا
کہ آج مین ہون کہ سایہ میرے شریک تنہائے بیکسی ہے
مین خاک دیکھون بہار گلشن غم جدائی سی پھک رہا ہون
یہ آگ بھڑکی ہوئی ہے جیسے مری طبیعت بجھی ہوئی ہے
حباب آسا مری گرہ مین سوائے بیتابی کچھ نہین ہے
مجھی تعجب ہی گہات مین کیون ازل سی ہر دم شکستگی ہے

برنگِ تصویرِ نیک و بد سے جہان کے مین ہون کشیدہ خاطر
ہوا ثابت کہ روح میری نہ دونے سے ہے نہ جنتے سے
گرا کے نظرون ہی سے سبب یون نہ بھولا احسان غمزہ دون کا
یہ دل وہی ہی کہ جس مین ظالم تری تمنا سدا رہے ہے
لبِ عنا دل ہین گرمِ شیون قبا ہی گل ہے ہزار ٹکڑے
خبر نہین کیا خبب چمن مین نسیم آکر اوڑا گئے ہے
نصیب واشد ہوئی نہ ہوگے عبث ہی تدبیر چارہ گر کی
مری مقدر مین مثلِ گوہر ازل سے دلبستگی لکھے ہے
بیانِ کیف و سرورِ مستی جب یہ دیتا ہی مجکو زاہد
بہت نہین تو ضرور تونی شراب دو چار گھونٹ پی ہے
وصال مین سے مری تمنا ہوئی نہ دلشاد وای قسمت
یقین نہو جسکو پوچھ دیکھے گواہ اوس گل کی نازکی ہے
ہزار پیری مٹا سکے ہے تپ محبت ہی دل مین باقے
ہنوز خاکستر کہن مین وہ آگ جو تھے دبی ہوئی ہے
شرابِ ساقی بیئین کہان تک کہ آج تسلیم کے طرح سے ۲۳
کیے ہین خالی ہزارون ساغر ابھی طبیعت بھری ہوئی ہے ۲۷۳

شہادت مین حیاتِ خضر کی تاثیر ہوتی ہے
دمِ عیسے ہوای دامنِ شمشیر ہوتی ہے
صدا دیتی نہین زنجیر زورِ ناتوانی سے
خموشی کی گرفتاری مین بھی تاثیر ہوتی ہے
لبِ جان بخشِ جاناں سی برابر ہو نہین سکتا
مسیحا کی مری دو وہر تقصیر ہوتی ہے

ملوں سے نہیں شرطِ وفا اک جہاں پر اب تک
کبھی تقریر ہوتی ہی کبھی تحریر ہوتی ہے

کیا شیریں نی کیونکر باتم فرہاد حیرت ہے
خداوندا جہان میں ایسی بھی تقدیر ہوتی ہے

وہ حیران تھی چھوٹا سا تحیرانی کا مرکز ہی
ہماری خاک صرفِ گردۂ تصویر ہوتی ہے

نظر آتی ہیں جب وہ خواب سے بیدار چونک اوٹھتا ہوں
وہاں بھی داغِ دل نا کامی تقدیر ہوتی ہے

عدم تو پیچھی چھٹ جاتا ہے تجھسے گامِ اول میں
سحر تجکو کہاں اونا شبگیر ہوتی ہے

وہی کرہی مل چلنی کی عادت ہے سرِ مدفن
کوئی آئی ہماری خاک دامنگیر ہوتی ہے

نسیمِ باغِ جنت کے تمنا ہو تو کافر ہون
ہوا کیوی جاناں کس لیی دلگیر ہوتی ہے

شبِ دلسوختہ جب دیکھتا ہون قطع کرتا ہی
بجھی کیا لاگ شمعِ بزم سی گلگیر ہوتی ہے

بچا کر چشمِ دربان خاک نکلون کنجِ زندان سے
کہ غمازِ رہائی پاون کی زنجیر ہوتی ہے

خبر کیا پوچھتی ہو اب بیضِ ہجر کی اپنی
کفن آیا ہوا غسل کی تدبیر ہوتی ہے

مقرر کچھہ صبا سی کہدیا ذوقِ اسیری نے
کہ موجِ بوی سبزہ پاون کی زنجیر ہوتی ہے

دلونکو اپنا کر لیتی ہی کافر وہی ہا تو نہین
عجب جادو بتانِ ہند کی تقریر ہوتی ہے

بگڑ جانی سی بنتی ہی بنانی سی بگڑتی ہی
تری ای خانہ ویرانی عجب تعمیر ہوتی ہے

مٹایا نوجوانونکو بہت اچھا کیا لیکن
کوئی اٹکھیلی ہمسی بھی بت بی پیر ہوتی ہے

کسی عالم مین ہو زن ہم مزاجی مجکو لازم ہے
مری ہستی پریشان خواب کی تعبیر ہوتی ہے

تعجب کیا خیالِ روی جاناں ہی اگر دل مین
کہ اکثر آینی کی سات تا اک تصویر ہوتی ہے

ستمگر کو ندیکھا پھولتی پھلتی زمانی مین
ہمیشہ بی ثمر شاخِ کمان و تیر ہوتی ہے

اگر بندِ حیا ہی دل مین قاتل کیون نہین آتا
کہ غم ہوتا ہی تیر ایسا سنان تیر ہوتی ہے

زمانی سی نرالا ہی عروسِ فکر کا جوبن
جوان ہوتی ہی ای تسلیم جب پیر ہوتی ہے

مخمسات

خمسہ بر غزلِ جناب فیض انتساب حضرت حکیم محمد مومن خان متخلص بہ مومن مغفور

رشکِ گلخن تنِ بیدل سے گلستان ہونگے
جل کی شمشادِ چمن سرو و چراغان ہونگے

جیتی جی شعلہ زنِ عالمِ امکان ہونگے
دفن جب خاک میں ہم سوختہ سامان ہونگے

فلس ماہی کی گلِ شمعِ شبستان ہونگے

شام سی وقتی ہی کیون تیرہ نصیبون کی لیے
پڑ رہینگے یہ کہیں خاک میں جیسی مرتے

بیخبر اپنی خبر لی کہ سحر ہوتے ہوئے
تو کہان جائی گی کچھ پینا ٹھکانا کر لے

ہمتو کل خوابِ عدم میں تہِ بیجان ہونگے

کیا ہوا بڑھ چلی کیون حسنسی زیادہ اپنا
کیون بلائین تو لیا کرتی ہی پاکر تنہا

دیکھہ اک روز بنائین گی چمن میں سیدھا
ہم نکالینگے سن ای موجِ ہوا بل تیرا

اوسکی زلفون کی اگر بال پریشان ہونگے

جان پر دیدہ و دانستہ بلا کیونکر لون
چپکی لگ جای سدا نیم ادا کو ترسون

کچھہ تو ہی میں جو اونہیں مانع خوبی ہوتی
تابِ نظارہ نہیں آینہ کیا دیکھنی دون

اور بنائین کی تصویر جو حیران ہونگے

جیتی جی گر سی آنکھین نہ چرائین گے کبھے
بھول کر چشمہ حیوان پہ نہ جائینگے کبھے

حشر تک خضر کی جیٹو نہیں آئینگے کبھے
منتِ حضرتِ عیسیٰ نہ اوٹھائینگے کبھے

زندگی کی لیی شرمندہ احسان ہونگے

پند بیجا سی ہی ناصح نہ کبھ تک برہم
کوئی کہتک سہی بیکار نصیحت کی ستم

کس لیے ہای لگائی ہی یک بک آہ و م ناصحا دل مین تو اتنا تو سمجھ اپنی کہ ہم
لاکھ نادان ہوئی کیا تجسی ہنی نادان ہونگے

شمع بالین ہے نہ تربت پہ اگر کی بتّے داغ کو دیتی ہین سینی سی مری مرکز بھی
بی نصیبون کے لیی پھول کی چادر کیسے غیر جھوٹا ہی لحد پہ تری دل تفتہ کی
گل نہونگی شرر آتش سوزان ہونگے

یہ بھی مین گے بی سیر و تماشا کہ نہین جیتی جی دیکھون گا پابند بلا یا کہ نہین
آخر انکا بھی کوئی ہوگا مداوا کہ نہین صبر یارب مری وحشت کا پڑیگا کہ نہین
چارہ فرما بھی کبھی قیدی زندان ہونگے

رات دن کہتی ہین کیا ہمنی سی تی ہوس یکھے پہ دل بیتاب کے آتا ہی تمس
کف افسوس ملا کرتی ہین یا ننگ کس ایک ہم ہین کہ ہوئی ایسی پشیمان کہ بس
ایک وہ ہین کہ جنہین چاہ کی ارمان ہونگے

ایک صورت یہ گھڑی بھر کبھی خلوت مین نہین گرم نظارہ کہین برق تبسم ہی کہین
سمجھون کیا ننگ جنون جامہ دریدہ مین حزین چاک پیرہ ہی تو ہی غمزی ہین تو ہی دہ نشین
ایک مین کیا کہ سبھی چاک گریبان ہونگے

ہتھکڑی ہوگی نہ دور و زمین بیڑی ہوگی توڑ کی سامنی صدا د کی پہینکی ہوگی
جوش مین راہ بیابان جنون لی ہوگی پھر بہار آئی وہی دشت نوردی ہوگی
پھر وہی پاؤن وہی خار بیابان ہونگے

مر کی بھی چین جگر ایک تماشا ہوگا دیکھنا آکی اگر دین کہی خصت اعدا
رنگ لائی گی بہار گل حسرت کیا کیا داغ دل نکلین گے تربت پہ مری جون لالا

یہ وہ اخگر نہیں جو خاک میں پنہاں ہونگے

کر چکی توبہ کہ توبہ کی ہوئی رخصت دن
مثل تسلیم نہیں دیر سے پھرنا ممکن
ہوگا فقرہ کوئی اے زاہد تیرہ باطن
عمر ساری تو کٹی عشق بتاں میں مومن
آخری وقت میں کیا خاک مسلمان ہونگے

خمسہ بر غزل مولانا استاد نامیر امحمد صفدر علیخان نسیم شاگرد حکیم مومن خان صاحب مرحوم

نوجوان ہیں او نہیں جو دسکڑوں ارمان ہونگے
نہ سہی شام کو مانا کہ ہراساں ہونگے
بیحجابی کی دم صبح تو ساماں ہونگے
وصل کے رات ہی آخر کبھی عریاں ہونگے
میں پشیماں ہوں تو کیا وہ نہ پشیماں ہونگے

دونوں کو ہٹ ہی نئی دیکھیے کیسی ٹھہرے
کون ناکام رہے کسکی تمنا نکلے
دو گھڑی دن سہی عجب طرح کا صدمہ مجھے
شوق کہتا ہی کہ لوٹینگے مزے صلبت کے
درد کہتا ہی نہ یک شب ہجراں ہونگے

اور مہمان نفس چند ہیں وحشت کے کرم
چیر دامن کو ہنسا جاک قبا کو پیہم
رنگ خون کف پا ہی سر جادہ ہر دم
شوخیاں کرتی جنوں آج کہاں پھر کل ہم
خاک اڑائی گی میں دشت یہ ویراں ہونگے

خواب غیر سہی تو باتیں بنا او ظالم
کس لیے آئی گا کیا کام ترا او ظالم
نسہی وعدہ بیداد وفا او ظالم
آپ جاؤں گا تو آ کہ نہ آ او ظالم
آج وہ دن ہی کہ مجھپر مری احسان ہونگے

پیار کرتا ہی کسی کسکی گلی لپٹا ہی
اب وہ میں ہوں نہ شوق جگر فرسا ہی

کیا ملون خاک مین جی اور ملا جاتا ہی
داغ رو ٹھا تو منائی سی کہین منتا ہی

بہ ستم باعث حسرت بھی یہ جان ہونگے

چشم عاشق کو نہ سمجھین کبھی تنہا خالے
یہ نہین مثل حباب لب دریا خالے
کہدو پھر جائین لیی جو تن تمنا خالے
یان نہین جلوہ جانان سی ذرا جا خالے

اشک آکر مری آنکھون مین پشیمان ہونگے

ہنس لے آتی ہی گھڑی اشک منی ہونی کے
کنج تنہائی مین چپ چپ کے مداروی کے
دھوم مچ جائی گی پیوند زمین ہونی کے
تجکو کر دین گی خبر زیر لحد سونی کے

سر ٹپکتے تری در پر مری ارمان ہونگے

غم نہین دی ہمین صیاد ستمگر صد داغ
چھوڑ کر کنج قفس جائین نہین اتنا دماغ
اب مبارک رہی مرغان نوا سنج کو باغ
خانہ زادونکو کہان قید محبت سے فراغ

ہم وہ بلبل ہین یہین خاک گلستان ہونگے

ابتو سنتے نہین التفوخ ادا عاشق کے
کہتے ہو شکل دکھائی نہ خدا عاشق کے
خون رو ذکی محبت مین سدا عاشق کے
یاد آئی گی اسی مرگ وفا عاشق کے

حال کہلجائی گا جب خاک مین پنہان ہونگے

صبر صبر کر خصلت ہے کوئی دم مین شباب
پھر کہان حسن کے بازار مین یہ نرخ و حساب
اور کچھ روز سہی قہر و غضب ناز و عتاب
تا جوانی ہی گرانی نہوای دل بیتاب

پھر تو بہی لب جان بخش کی ارزان ہونگے

قتل سی کیجیے بس انگیز ہی اتنا قاتل
ڈر ہی مجکو کہین شادی ہی نہو غم حاصل
کہدی ہمدرد ذرا جا کی پیام بسمل
گر یہ انجام تبسم ہی ہنسی او غافل

خون رُوئین گی وہی زخم جو خنداں ہونگے

شوقِ پابوسیِ صیاد اگر ہی تسلیم
کہہ گئی ہین دمِ رخصت جو صبا وقتِ مقیم

چل سو گل وہین ہونگی کسی عالم مین مقیم
طوفِ ہر نخل کرینگی صفتِ گردِ نسیم

ہم بسِ مرگ بہی قربانِ گلستان ہونگے

ایضاً

ہنسنا گہری گڑی کالسی بُھلا ہی دینگی
تنگ کی زندگی کا جھگڑا مٹا ہی دینگی

وہ بات ہم کرینگی تمکو رُلا ہی دینگی
رشکِ عدو مین دیکہو جانتک گنوا ہی دینگی

لو جہوٹ جانتی ہو اکدن دکہا ہی دینگی

یا مال کیا کرینگی وہ شوخ و شنگ ہوکر
ترسین گے دیکہنی کو حیرت سے دنگ ہوکر

لائین گے رنگ ایسا اک وز تنگ ہوکر
اوڑ جائین گے جہانہی عاشق کا رنگ ہوکر

نقشِ قدم نہین ہین جسکو مٹا ہی دینگی

فریاد بیکسی ہین روکین گے کسکو درمان
دیکہین گے رنگِ محفل سبکی نظر سی پنہان

آئین گے سر کہا کی حسرت نصیب و حیران
آواز کی طرحسے بیٹہین گے آج ہی جان

دیکہین تو آپ کیونکر ہلکو اوٹہا ہی دینگی

اک ہم ہین جس سے ہر دم نفرت کی گفتگو ہی
کہتی ہین بخت اسکو کیا دہم کو بکو ہی

رنجش گہڑی گہڑی ہی دشنام دو بدو ہی
غیرونکی جستجو ہی ہر وقت آرزو ہی

یہ یاد وہ نہین ہی جسکو بُھلا ہی دینگی

کیونکر خبر کرین ہم داغ نہان سی اپنے
مانندِ شمع روشن سب ہی عیان سی اپنے

پڑتی ہین لب پہ جا کے سوزِ نہان سی اپنے
شعلے نکل رہی ہین یہ استخوان سی اپنے

یہ اک وہ نہین ہی جسکو بجھا ہی دینگے

تصویر کیطرح ہم اوس بتکی رو برو ہین
حیرت سی لب پر اپنے کہتی سدا رفو ہین
کیون گدا کی ناحق احباب خندہ جو ہین
خاموش گفتگو ہین افسردہ آرزو ہین

وہ دل نہین ہمارا جسکو ہنسا ہی دینگے

تسلیم کیطرح ہون راحت نصیب منزل
رکھتی ہین دل مین اسدا بیجا خیال باطل
بیکار کا دماغون سی ہو نا ہی خاک حاصل
اونکی گلی سی جانا اب ہی تسیم مشکل

ہون اشک افتادہ کیونکر اوٹھا ہی دینگے

مخمس غزل ماہر فن نادرہ سخن ملک الشعرا جناب شیخ محمد ابراہیم ذوق دہلوی رح

اپنی ہمت پہ مغرور ہون ہمت والے
بیحقیقت مجھی سمجھین نہ حقیقت والے
کچھ مقدر تو نہین حشمت و شوکت والے
کیا غرض لا کہ خدائی مین ہون دولت والے

اونکا بندہ ہون جو بندی ہین محبت والے

تہمت دید سی فرصت کسی صورت نکلی
رفتہ رفتہ یہ مری شوق کی نوبت پونہچی
خط جو لکھوا تا ہون اس بت خطونکو مین کبھی
ہای حسرت دیدار مری ہای کو بھی

لکھتی ہین ہای دو چشمی سی کتابت والے

جستجو سی نہین یا کوگھڑی بھر فرصت
کوئی دم فکر طلب سے نہین حاصل راحت
غیر ممکن کہ ترقی سی بڑھی کم نیت
حرص کے پھیلتے ہین پاون بقدر وسعت

تنگ ہی رہتی ہین دنیا مین فراغت والے

جیتی جی سب تجھے شریک غم و محنت آزار
ہمدم و ہمسخن و مونس و یار و غمخوار
پس مرون یہ ہو اہبکس و تنہا نا چار
نہین جز شمع مجاور مری بالین مزار

نہین جز کثرتِ پروانہ زیارت والے

شکلِ تصویر مین کہتی نہین کوئی خواہش
حرص کہتی ہین کسی ہر مین کسی خواہش

اپنی مرضی ہی ہی جو تری مرضی خواہش
نہ ستم کا کبھی شکوہ نہ کرم کی خواہش

دیکھہ تو ہم بھی ہین کیا صبر و قناعت والے

لیلیٰ و قیس تھے برگشتہ مقدر دونون
نجد مین خاک اوڑاتی پھری اکثر دونون

نہوئی صاف کسی طرح گھڑی بھر دونون
رہی جون شیشۂ ساعت وہ مکدر دونون

کبھی مل بھی گئی دو دل جو کدورت والے

چشمِ بیمار تری دشمنِ آرام و شفا
لبِ جان بخش سی اعجاز مسیحا پیدا

کہائی جاتی ہین مری جان جنون بھر خدا
تجھہ آجای تو ای دردِ محبت کی دوا

میری ہمدرد ہون بیدرد نصیحت والے

اسقدر شعلہ فشان ہی اثرِ سوز و گداز
ہر سرِ مو سی ہو ید اہی شرر کا انداز

بھیجون کیا خط تجھی ای گرم ادا آفت ناز
چھوڑ دیتی ہین قلم جون قلم آتشباز

میری شرحِ تپشِ دل کی کتابت والے

خضر کا نام و نشان ہی نہ مسیحا کا پتا
سر بالین نہین اب ایک بھی جیتا مرتا

خوش رکھی انکو خدا جی تو بہلتا ہی مرا
کبھی افسوس ہی آتا کبھی رونا آتا

دلِ بیمار کی ہین دو ہی عیادت والے

نی تری بسترِ غم پر بتِ بیرحم و وفا
کیا کہین کرتی ہین کسطرح بسر صبح و مسا

کبھی افسانۂ حسرت کبھی غم کا قصا
دلسی کچھہ کہتی ہین ہم ہمسے ہی کچھہ دل کہتا

دونون اک حال مین ہین رنج و مصیبت والے

مثلِ سلیمان مدوہاتہ دہن میں اندیوق
کہنی وجو کہی گھر بیٹھی وطن میں اندیوق
کس لیے سنکے ہو تم رنج و محن میں اندیوق
نازہی گل کو نزاکت پہ چمن میں اندیوق
سنے دیکھے ہی نہیں ناز و نزاکت والے

مخمس غزل فخر شعرای روزگار مشہور مصار و یار جناب نواب اسد اللہ خاں غالب

بی اصل ہی نیرنگ جہانکاری آگی
دہوکا ہی طلسمات و بالا مری آگی
اک شعبدہ ہی دہر کا نقشا مری آگی
بازیچۂ اطفال ہی دنیا مری آگی
ہوتا ہی شب و روز تماشا مری آگے

رہتا ہی مجھی تحت سے شکواتری پیچھی
دیتا ہی مجھی اموت کا جینا تری پیچھی
وحشت سی نہیں آپمیں آتا تری پیچھی
مت پوچھہ کہ کیا حال ہی میرا تری پیچھی
تو دیکھہ کہ کیا رنگ ہی تیرا مری آگے

ہون خاک نہیں خاک کو رتبا مری ہوتی
سب کچھہ ہی مگر کچھہ نہیں چسپا مری ہوتے
کوئی ہو کبھی رخ نہیں کرتا مری ہوتے
ہوتا ہی نہان گرد میں صحرا مری ہوتے
کہستا ہی جبین خاک پہ دریا مری آگے

ہون شاہی میں فکر صبوحی میں گرفتار
کسکو سر معنی ہی کہان لذت اشعار
منگوائی شیشے می خوشرنگ کی دو چار
پھر دیکھئی انداز گل افشانی گفتار
کہدو کوئے پیمانۂ صہبا مری آگے

جز نام عدو اسلئی کہتا ہون کہ اچھا
منظور رہی جو چاہین کہین ذکر اجا
کچھہ اور سمجھتا ہی بگڑتا مری دل کا
نفرت کا گمان ہوتا ہی مین شک گنتی را
کیونکر کہون لو نام نہ اونکا مری آگے

اک تو ہی کہ اپنا نہیں ہوتا بُتِ خود کام ۔۔۔ ورنہ مری قائل ہیں زبانی کی دلارام
اعجاز کی باتیں ہیں کرامات کی پیغام ۔۔۔ عاشق ہوں مگر معشوق فریبی ہے مرا کام
مجنوں کو برا کہتی ہی لیلیٰ مری آگے

مرتا تو ہوں اب کیوں دمِ آخر یہ ستم ہے ۔۔۔ کس واسطے یارو یہ غضب جائی کرم ہے
تسکین تو کوئی دم عوض یاس و الم ہے ۔۔۔ گویا نہ کوئی جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے
رہنے دو ابھی ساغر و مینا مری آگے

ہذیان ہی سخندانیِ سحبان مری نزدیک ۔۔۔ سب ہیچ ہیں خاقانی و خاقان مری نزدیک
ہر مشکلِ دشوار ہی آسان مری نزدیک ۔۔۔ اک کھیل ہی اورنگِ سلیمان مری نزدیک
اک بات ہی اعجازِ مسیحا مری آگے

اے ابرِ بہاری نہ کہاں تک مجھی غصّا ۔۔۔ کب تک میں کروں صبر کہاں تک رہوں چپکا
مشہور ہی تسلیم کے مانند ہمیشا ۔۔۔ ہم پیشہ و ہم مشرب و ہمراز ہی میرا
غالب کو برا کیوں کہو اچھا مری آگے

مخمس غزل سرآمد شعرائے زمان مستند سخنورانِ جہان جناب شیخ امام بخش ناسخ

زندگی ہیں موت کا موجود سامان چاہیے ۔۔۔ تختۂ تابوت ہی تختِ سلیمان چاہیے
خود فراموشی نہ ایسی بہرِ مہمان چاہیے ۔۔۔ کچھ عدم کا بھی خیالِ ابدی تجھی یاں چاہیے
کوئے عزیز مصر ہی پر یا کنعان چاہیے

دیدۂ سرہیں جنوں میری ڈبونی کی لئے ۔۔۔ ہجر میں یا آبروی گریہ کیونی کی لئے
کیا کروں داغِ دلِ غمناک دھونی کی لئے ۔۔۔ کوچۂ دلدار کی حسرت میں رونی کی لئے
پانوں کو اب آبلی کی چشمِ گریان چاہیے

کیا کہوں کس واسطے میں ہوں پریشان مثلِ صبح
داغِ سوزاں کس لیے ہے لیں پنہاں مثلِ صبح

بی سبب سینے میں ہے اے چرخِ گرداں مثلِ صبح
چاک کہتا ہوں جو چشتیں کے بیاں مثلِ صبح

اک پریرو غیرتِ خورشیدِ تاباں چاہیے

چاہتی ہی ہو وہ دریا جس میں ہو نہ بیم موج
گردشِ گرداب و بیمِ موج و فکرِ بادبان

شوقِ ساحل میں نئی اٹھتی ہیں لہریں ہر زماں
دمبدم کہتی ہی میری کشتیِ عمر روان

مجکو آبِ خنجرِ قاتل کا طوفان چاہیے

وائے قسمت مرکے بھی ہو دل کی ارمان دل میں ہے
الفتِ افعیِ ہر آلودہ پنہان دل میں ہے

کیا کہوں کیا چاہتا ہوں کیا مرے جان دل میں ہے
حسرتِ نظارۂ زلفِ پریشان دل میں ہے

بہرِ تسکیں گور میں کچھ مارِ پیچان چاہیے

کیا بہارِ سازندگی کا عالمِ فانی میں ہے
صورتِ ہمزاد ہر دم مرگ ہمراہی میں ہے

کھینچ تیغِ ظلم کیوں تاخیر بیرحمی میں ہے
عمر گذری روتی ہنسنے ہی لو اب جی میں ہے

میری مُنہ پر کوئی قاتل زخمِ خندان چاہیے

کیا کروں فرصت میں نیرنگِ غمِ پنہاں کے وصف
عمر بھر رویا کیا جس عنوان کے وصف

وصف کے قابل ہیں آنسو دیدۂ گریاں کے وصف
وردِ مژگاں کے زبانی ہیں لبِ جاناں کے وصف

اشکِ خوں کی چشم کو تسبیحِ مرجان چاہیے

آج ہی منظور تکلیفِ جنوں کا امتحان
سنگ باراں کی ہوس ہے دل میں نے سر آسمان

شہر کی گلیوں میں ممکن اسقدر پتھر کہاں
سنگریزے لیچلو چن چنکی بھر کو دکان

عاریت اے کوہ مجھ وحشی کو دامان چاہیے

وہ اُمنگیں وہ جوانی وہ تقاضائے وصال
اب کہاں ممکن کہ سب خصمت ہوئے وقتِ وصال

ابتو یہ رونا پڑا ہی کیا کرون اے ذوالجلال — آگیا پیری مین اوسکی بوسہ لب کا خیال
ہونٹھہ کاٹون کس طرح حسرت سے دندان چاہیے

دیکھی کیونکر ہو زیر آسمان اپنی بسر — ہر گھڑی سو دا ترقی پر ہی وحشت اوج پر
ہمت دیوانگی پر کیون نہون مین چشم تر — پنجۂ خورشید کو کافی ہی اک جیب سحر
روزیان دست جنون کو سو گریبان چاہیے

برہمن ہو اسمین یا ہو زاہد بیت الحرام — طالب عقبی مخنث ہین نہ لی تسلیم نام
کیون نہ سمجھی صحبت ارباب دولت کو حرام — طالب دنیا مؤنث ہین بھلا کیا انسے کلام
مرد ہی ناسخ کو عشق شاہ مردان چاہیے

مخمس غزل موجد گرم بیانی یکہ تاز میدان شعلہ بانی جناب خواجہ حیدر علی آتش

سدا آتی ہین غیب دان کیسی کیسی — بیان کرتی ہین خوش بیان کیسی کیسی
تھکاتی ہین کام و زبان کیسی کیسی — دہن پر ہین اونکی گمان کیسی کیسی
کلام آتی ہین درمیان کیسی کیسی

بہار آکی جوبن دکھاتی ہی کیا کیا — خزان شرم سی منہ چھپاتی ہی کیا کیا
صبا ہوش بلبل اڑاتی ہی کیا کیا — زمین چمن گل کھلاتی ہی کیا کیا
بدلتا ہی رنگ آسمان کیسی کیسی

فتیلون کے جب سے سنے مرتبے ہین — ہزارون گلستان مین بسمل بنے ہین
لگا کر لہو پیرہن تر کئے ہین — تمہاری شہیدون مین داخل ہوئے ہین
گل ولالہ وار غوان کیسی کیسی

ارادی خرابا تیون کی بڑھی ہین — برابر می لالہ گون پی رہی ہین

اُمنگون پہ ہے جوشِ مستی مزی ہین | بہار آئی ہی نشہ مین جھومتی ہین
مریدانِ پیرِ مغان کیسے کیسے

بیان کیا کرون اوسکی بیرحمیونکا | رہی دل کی دل ہی مین سب دل تمنا
خدا جانی کیا دشمنون نی پڑھایا | نہ مڑکر بھی بیدرد قاتل نی دیکھا
تڑپتے رہے نیمجان کیسے کیسے

دمِ چند تھا دور دورا وہ سارا | کہان روم وایران کی پھر لشکر آرا
پسِ مرگ دیکھا ہوا آشکارا | نہ گورِ سکندر نہ ہی تختِ دارا
مٹے نامیون کی نشان کیسی کیسے

نہ ظلمت سفیدی نہ شام و سحر ہے | نہ شب کا اثر ہی نہ دن کا گذر ہے
نہ اپنا نہ بیگانہ پیشِ نظر ہے | دل و دیدۂ اہلِ عالم مین گھر ہے
تمہاری لیی ہین مکان کیسی کیسے

جدائی کی صدمے محبت کے قربان | رفیقونکی وفات کیا کیا ہین احسان
ذرا دیکھہ تو آکی او دشمنِ جان | غم و غصہ و درد و اندوہ و حرمان
ہماری بھی ہین مہربان کیسے کیسے

یہان ہی عدم تک ہزارون ہین رہزن | دل و جان و اسلام و ایمان کی دشمن
وطن کو گیا کون بی چاک دامن | عجب کیا چھٹا روح سے جامۂ تن
لٹے راہ مین کاروان کیسی کیسے

بشر کے لیے نا سپاسی ستم ہے | سکوت آگی منعم کی تسلیم سم ہے
بہت خوب ارشادِ آتش رقم ہے | کری جسقدر شکرِ نعمت وہ کم ہے
مزی لوٹتی ہی زبان کیسے کیسے

بعون صناع مکین ومکان فضل خلاق زمین وزمان

مطبع منشی نول کشور مین بطبع مرصع مین مقبول جہان ہوا



بسم اللہ الرحمن الرحیم

اجازت دو خیالِ قاصدِ دل — کہ آپونچا دمِ تکلیفِ مشکل
طبیعت پہر مری کچھہ نازپر ہے — کوئی مطلب مگر آغاز پر ہے
مضامین لیتے ہین فکرِ رساسی — زبان جنبش مین ہی حمدِ خداسی
بنایا جسنی کن سی دو جہان کو — کیا پیدا زمین و آسمان کو
مہ و خورشید و سایہ کو فلک وار — سکھایا بی قدم اندازِ رفتار
طلسمی کارخانہ اک بنا کے — نظر سی چھپ رہا صورت دکھا کے
بلند و پست سب اوسنے بنایا — عدم سی عالمِ ہستی مین لایا
جہان مین اہلِ بینش کی عجب کو — وصال و ہجر بخشا روز و شب کو
کیا پیدا نشان ہر بی نشان کا — دکھایا رنگ نیرنگِ جہان کا
دیا سامانِ شاہانہ کسیکو — بنایا خاکِ ویرانہ کسیکو
کسی کو عشق کی لذت عطا کی — مزا دیتی رہی اندوہنا کی
دکھائی جلوہای حسنِ خوبان — بنایا صورتِ آئینہ حیران

پہیائی سیکڑون جلوی دکھا کی | مٹائین صورتین کیا کیا بنا کے
نہ غافل ہی نہ ہی فرزانہ باتے | فقط عالم مین ہی افسانہ باتے
تماشا دوست یار خود نما ہے | تصور بن کے پہرتا جا بجا ہے
کہین شوکت ہی شان انبیا کی | کہین عظمت ہی ذکر اولیا کی
کہین ہی ہمت اخوان یوسف | کہین ہی عصمت دامان یوسف
شرار شعلہ افزا ہی کہین وہ | ادیب ہوش موسی ہی کہین وہ
کہین ہی التماس شوق دیدار | کہین ہی محرم اسرار انکار
کہین طالب کہین مطلوب ہی وہ | غرض ہر رنگ مین کچھہ خوب ہی وہ
سنبھل ای ہر خوش پیمانہ شوق | خراب بادہ خمخانہ شوق
زیادہ تر ندی رخصت قلم کو | می وحدت کی بدلی کھینچ دم کو
کہانتک ایک سی آہنگ فریاد | بدل اب اور کوئی رنگ فریاد
ملک مشتاق ہین حرف دعا کی | فلک پر بہیج تحفے التجا کے

مناجات عاشقانہ

الٰہی دی کوئی دل سر بسر جوش | برنگ زخم خندان غم فراموش
ہمیشہ سایہ خنجر مین تڑپی | اگر محشر بہی ہو محشر مین تڑپی
وہ دل ہو جو ستم کو ناز سمجھے | وہ دل ہو سوز کو جو ساز سمجھے
سدا ناکامیون ہی کام رکھے | جو نکلی کام کوئی نام رکھے
ہنسے رسوائی حال زبون پر | بہائی اشک تدبیر جنون پر

بنی موج ہوائی پا یمالے — سنی زنجیر کی ہر زہ خیالے
جنون انگیز وہ سامان کہاں سے — خیال پاک مجنون میں نہ آئے
نہو پامال غم کی سرکشی سے — اوٹھائی ناز دشمن بھی خوشی سے
رہی دنرات خود دیوانہ اپنا — برنگ شعلہ ہو پروانہ اپنا
نہ ہم آغوش ہو جانان سی اپنی — پشیمان ہی رہی ارمان سی اپنی
بڑھی گرد بدگمانی چشم تر کی — قسم کھائی سر داغ جگر کی
منائی شادیان رنج و محن سے — اوٹھائی عیش نو داغ کہن سے
نہو کامل مذاق تلخکامے — رہی ہر مدعا میں ناتمامے
حباب آسا طلسم یک نظر ہو — کہ اپنی جنبش دامان سی ڈر ہو
دکھائی اضطراب وقت مشکل — رہی سینہ سدا آغوش بسمل
ترقی خواہ تکلیف جفا ہو — بلا گردان سامان قضا ہو
نہیں بس آشنا اسپر بھی خاطر — لب مضمون سی ہی کچھ اور ظاہر
اجل ہو مہربان دشمن کی بدلی — کفن مجکو ملی دامن کی بدلی
برنگ شمع کشتہ بعد مردن — بنی فانوس تن آغوش مدفن
لحد سی اوٹھکی بھی مضطر بنون میں — غبار عرصۂ محشر بنون میں
نہ آنکھون میں نشان خواب دیکھون — اگر دیکھون کبھی پر آب دیکھون
رہی سر پر ہجوم منہ جبینان — سنون ہر دم تقاضای حسینان
نہون شاکی مری ہمراز مجسی — رہین راضی نیاز و ناز مجسی
رگ سودا جنون میں خون کو ترسی — سنے طعنے زبان نیشتر سے

کوئی فعلِ مرغوب ایسا نہیں ہے — عمل میں لے جو آتا نہیں ہے
گذرتے ہی عجب غفلت میں اوقات — دریغا حسرتا ہے ہیہات ہیہات
لحاظِ بندگی جاتا رہا ہے — سرِ نخوت فنی دل میں گھر کیا ہے
گمان و وہم و جانِ درد انگیز — یہ سب ہیں شانِ شیطانی سی لبریز
اگر چاہے یہ نفسِ کفر شیدا — مری سا بے سہی ہو ہیں پیدا
پشیمان خستہ آوارہ جگر خون — تری درگاہ میں حاضر ہوا ہوں
نگاہِ رحم سی فرما اشارا — دلِ مضطر کو ہو کچھ تو سہارا
لبِ یاس ہوں خنداں طرب سے — نہ گریاں دیدۂ پر خوں ہوں اب سے
تمناؤں کو دل میں شاد پاؤں — جگر کو جان کو آباد پاؤں
مجلل ہو دکھیکر مغفرت زاہد — مری محفل سی بیٹھی دورِ زاہد
سوا تیری مرا کوئی نہیں ہے — غلط ہے آسرا کوئی نہیں ہے
کری رحمت تری گر پردہ داری — مری بگڑی ہوئی بنجائی ساری
بہت کچھ آرزو رکھتا ہوں دل میں — ہزاروں گفتگو رکھتا ہوں دل میں
جو سُنلی ایک بھی تو رحم کھاکے — نکل جائیں سبھی ارمان مدعا کے
غمِ ہستی و مرگ و قبر و محشر — یہ سب ہوں ہیمۂ مضطر سی باہر
خلیل آسا جہنم باغ ہو جائے — گلِ فردوس داغ ہو جائے
ضعیفی میں شبابِ آرزو ہو — بہارِ ہشت جنت تنگِ بو ہو
اُمنگوں پر دلِ افسردہ آئے — جوانے کی مزے پیری دکھائے
بڑھی ارمان سنجی کی جیسی ہمت — گھٹی غم جسطرح ممسک کی نیت

سراپا عید بنجاؤن خوشی سے ۔۔۔ کہون ہر دم مبارکباد جی سے
مبادا تو اگر نامہربان ہو ۔۔۔ ہر اک ذرہ بلائے جسم و جان ہو
نوید عید ہون اہلِ ستم کو ۔۔۔ سدا ترسون پناہِ نیمدم کو
زبان و دست و پا سب دین گواہی ۔۔۔ اوٹھاؤن تا ابد نازِ تباہی
جہنم ہو عذابِ آتشین ہو ۔۔۔ گرفتارِ بلا جانِ حزین ہو
سُنے کوئی نہ فریاد و جگر کو ۔۔۔ نظر آئی نہ جز شعلہ نظر کو
عزیز و خویش و احباب و یگانہ ۔۔۔ کرین تیرِ ملامت کا نشانہ
نہ سمجھین اضطرابِ بیکسی کو ۔۔۔ دکھائین دین یہ اور جی کو
مین صدقے اوس بلائے ناگہان مین ۔۔۔ مرا ہو کون حامی دو جہان مین
کہون اوس وقت کس سے اپنی جی کی ۔۔۔ کسی پروا ہو میری بیکسی کی
سوا اسکی کہ تو ہی مہربان ہو ۔۔۔ تری کہنی سی کہنی مین زبان ہو
پکارون ای خداوندِ یگانہ ۔۔۔ کرم گستر خطا بخشِ زمانہ
تری رحمت پہ ہی ناز آرزو کو ۔۔۔ وفا کر وعدۂ لا تقنطو کو
سُنا ارباب محشر سی بصد ناز ۔۔۔ مبارکباد آنے کی آواز
بس ای تسلیم ترکِ التجا کر ۔۔۔ خموشی کو بیانِ مدعا کر
بہت کچھ کہہ چکا فریاد و ماتم ۔۔۔ کہان تک حسرتِ افسانۂ غم
بہا ہی جوشِ عرضِ نعت لب پر ۔۔۔ زبان ہو سوسنِ خوانِ ادب مین
طرب انگیز ذکرِ مصطفےٰ ہے ۔۔۔ دہن پر سمانۂ آبِ بقا ہے

شفاعت طلبی مدعا بہ نعت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سنبھل اے خامۂ مستانہ رفتار — یہ عالم اور ہی ہے ناخبردار
عوض لفظون کی سجدی کر جبین سے — ثنا کو لوب سکھلا یہون سے
نیا مژدہ ہے انداز سخن کا — مزہ کچھ اور ہے میری دہن کا
شرف افسانہ اخیال مدعا ہی — ہر اک مضمون رسالت آشنا ہی
ابھی آیا تھا کسکا نام لب پر — کہ دل جانا رہا قابو سے باہر
محبت نی کیا دیوانہ مجکو — ہنایا عاشق افسانہ مجکو
سو ادب نطق ہی گنج دہن مین — سکوت راز ہی پنہان سخن مین
نہایت اوج پر فکر رسا ہے — سر پر کلک شہ ر مرحبا ہے
عیان ہوتا ہی مضمون عجب سے — غرض ہی ذکر سلطان عرب سے
محمد نام پر ہنکی مین قربان — وا جان و جگر کی نور ایمان
ہوئی وہ جلبسی رونق بخش ہستی — بلندی چومتی ہی پای پستی
جمال پاک سی کیا قرب کیا دور — دو عالم پنگیا پیمانہ نور
کبھی گر سیر نزہت گاہ ہوتی — نسیم خلد فرش راہ ہوتی
گذرتی جس طرف نکہت کیصورت — مہکتی وہ گلی جنت کیصورت
وہ گیسو و معنبر تا بشانہ — سراپا شام صبح عید شانہ
عیان نور خدا حسن مبین سی — مشابہ لوح قرآن مبین سی
دو ابرو مثل دو شمشیر خونخوار — پی قتل و پناہ کبر و دیندار
ہم آغوش حیا آنکھین وہ بانکل — برنگ نکہت و گل نشا و مل
تو ابرو خط نیسنے ہو ید ا — ہمیشہ راست بینی جسپہ شیدا

خط و رخسار کا عالم نیا تھا — کہی تو رحل پہ قرآن رکھا تھا
دہن تھا گنج اسرار نہانی — زبان مفتاح قفل راز دانی
چمک دندان مین افزون مہر سے — یہ ثابت ہی جناب عائشہ سے
کہوا کیا سینۂ اقدس مین کیا تھا — سد اعلم لدنی سی بھرا تھا
سر موی جبین سی نقش پا تک — خدا کی شان تھا ہر عضو بیشک
سراپا تھے وہ منظور الٰہی — نظر پروردۂ نور الٰہی
دیا پیغام اعجاز قدم سے — سواد کفر کو شام عدم سے
سنا ہی جسنے شور کوس ہستے — خرابی زاہی لطف بت پرستے
یہ کیا ہمدم تری خاطر مین آیا — کہ پیدا کیون نہا حضرت کا سایا
وہ خود تھے سایۂ اللہ اکبر — نمایان سایی سی سایہ ہو کیونکر
ہوا مد نظر جسدم خدا کو — کہ دیکھون اپنی حسن جان فزا کو
بنا فی ذات احمد آینہ دار — ہوا خود عکس کی بدلے نمودار
یہان کچھ اور ہی رمز سخن ہے — کہون کیا مین ادب قفل دہن ہے
محمد مظہر نور خدا ہین — محمد راز دار کبریا ہین
محمد ہین سبب کون و مکان کے — محمد فخر ہین دونون جہان کے
گذرتے تھی جدہر وہ رشک شمشاد — ہر اک نقش قدم تھا جنت آباد
ہوئی جسسے وہ نور ایزد پاک — تجلی بخش روی عالم پاک
شرف است کو ہی روح الامین پر — زمین کو ناز ہے عرش برین پر
نہین اونکی محبت جسکی دل مین — پھنسا ہی صورت خر آب و گل مین

مین کیا ہون جو کرون الفت کا دعوی
ولی اب تک عقیدہ ہی یہ میرا

کہ اک نقشِ کفِ پای نبی ہون
غبارِ دامنِ حبِ علی ہون

بحمد اللہ طفیلِ حسنِ تقدیر
خطِ قسمت ہی حرفِ عشقِ شبیر

مین کوثر تک یہی جاؤن گا کہتا
کہ ہون کشتۂ غمِ آلِ عبا کا

صحابہ سی نہین انکار مجکو
زبان کیا دل سی ہی اقرار مجکو

سکۂ دون خاور اقلیم سخن یعنی مدحتِ حضرتِ ابو المنصور ناصر الدین سکندر جاہ عالم پناہ قیصر زمان سلطان عالم محمد واجد علی پادشاہ خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

کہان ہی ساقیِ میکش ادا آ
سبو شیشہ صراحی سامنی لا

نشاط افزا ہجومِ آرزو ہے
طرب انگیز لطفِ گفتگو ہے

زبان و لب کو الفاظ و معانی
سُناتے ہین نوید خوش بیانی

جگر مین جوشِ مضمون موجزن ہی
دہن گرداب دریایِ سخن ہی

رہی کب تک ہوس پیوشِ دل مین
خراشے لا رہا ہی جوشِ دل مین

جوانی مستیان دکھلا رہی ہی
اُمنگون پر طبیعت آ رہی ہی

اثر ہے جلوہ گر حسنِ امل مین
عروسِ کامرانی ہی بغل مین

لبِ ساغر ہین لب ساغر دہان ہی
زبانِ موجِ مے اپنی زبان ہی

بہارِ مدح پیدا ہی رقم سی
گلِ تعریف کھلتی ہین قلم سی

ادب فرمایِ قصدِ دل ہی ہر دم
خیالِ مدحتِ سلطانِ عالم

شہِ واجد علی ظلِ الٰہی
طرازِ مسندِ صاحب کلاہی

گلِ رنگین بہارِ افرینش — نسیمِ بہرہ زارِ افرینش
زیارتگاہِ چشمِ اہلِ ادراک — فرشتی کی طرح ہر عیب سی پاک
زمینِ لکھنؤ فیضِ قدم سے — زیادہ عیش پرور ہی ارم سے
جبین سا ہی جو سنگِ آستان پر — دماغ مدعا ہی آسمان پر
درِ دولت سرا وقفِ ملک ہے — زمین ہمپایہ صحنِ فلک ہے
شجاعت قبلۂ نخوت پرستان — سخاوت دستگیرِ تنگدستان
عدو گر بطنِ مادر مین جگہہ لے — بنی تابوت گہواری سی پہلے
تصور مین اگر ہو تیغ افگن — اجل کو خضر سمجھی روحِ دشمن
عتابِ آلودہ گر چینِ جبین ہو — پریدہ رنگِ وی شاہ چین ہو
یہانتک ریزشِ دستِ کرم ہی — گدا ہمرتبۂ فغفور و جم ہی
دمِ بخشش جو دیکھی صرفِ احسان — بڑہائی دستِ شل تصویر بیجان
جفا ایسی ہوا خواہِ عدم ہی — ستم کا نام ہی لینا ستم ہی
حضورِ خشمِ غم جوشِ غضب سی — زبانِ شعلہ ہی لرزان ادب سی
اگر شیشہ بہی گرتا ہے تو پہر — صدائے الامان دیتا ہی ڈر کر
کوئی گر نام لی چنگیز خان کا — اثر جاتا رہے تیغِ زبان کا
عدالت آشنا ہی طبعِ عالی — جہان ہی فتنۂ ظالم سی خالی
ہوئی رخصت دلون سی نامرادی — لبون پہ ہی مبارکبادِ شادی
طرب ہنگامہ آرائی جگہ ہے — تماشا وقفِ سامانِ نظر ہے
لیی پہرتا ہی ہر مست اس محل مین — صراحی ہاتہ مین شیشہ بغل مین

نہیں ہی کوئی دنیا میں جگر چاک — مگر ہیں کلک تسلیم المناک
ہوا مورد جفای دلفگارے — غبار کوچۂ علی اعتبارے
گرفتار بلا ہر چار سو ہے — شکستہ دل فریب آرزو ہے
بر نگ شمع رکھتا ہی زبان لال — سکوت مدعا ہی عرض احوال
ادب ای کلک محو خود فروشے — نہیں لازم یہ شوخی گر مجوشے
ادا کر سجدۂ خدمت گزاری — بہت اچھی نہیں گستاخکاری
سر آغاز ختم مدعا ہے — زبان مست کش حرف دعا ہے
خداوندا ہی جبتک ترتیب ہستی — زمین و آسمان کی اوج و پستی
تن دشمن رہی مدفون تہ خاک — رہے سلطان عالم سر بر افلاک

بوصف مقبول الدولہ میرزا محمد مہدی علیخان بہادر قبول یا سخن را باوج علیا رسانیدن

جمکا سا تھے سر جام و سبو کو — تسلی دون کہان تک آرزو کو
اجازت ہو چکی پیر مغان سے — چکان ہے ابر رحمت آسمان سے
سخن میرا نہو گر بار خاطر — سناؤن کچھہ تجھی اظہار خاطر
کہ اک دن حسرت پابوس استاد — ہوئی نشتر فروش جان ناشاد
سو دولت تھمارہ ہنما تھے — سعادت جلوہ بخش مدعا تھے
مسافت نی گوارا کی جو دوری — ہوا حاصل مجھی لطف حضوری
بجالایا میں آداب غلامے — ہوا ہم بزم استاد گرامے
تمامی جمع تھی احباب و اغیار — سخن کا ہر طرف تھا گرم بازار

کوئی حافظ تھا شعرِ مصحفی کا — کوئے دیوانہ دیوانِ سودا
کوئی پڑھتا تھا نظمِ شوق باشوق — کسی کو تھا کلامِ ذوق سے ذوق
کوئے لایا ہوا تھا با دل و جان — جنابِ حضرتِ مومن کا ایمان
کسی کے لب پہ ناسخ کا سخن تھا — کسی جا شعرِ آتش شعلہ زن تھا
کہ اسمین مہربان اشرف علی نے — ادا مفہمِ رموزِ شاعری نے
نکالی کچھہ بغل سے کہنہ اوراق — مشبک صورتِ دلہائے عشاق
تمام اوس مین خلافِ نکتہ دانی — لکھی تھی شاہِ غزنین کی کہانی
سوا موزون کے وہ نادر فسانہ — نہ کہتا تھا بیانِ شاعرانہ
نیا مضمون تھا دیرینہ زبان مین — نہان یوسف تھا گرد کارواں مین
مگر دیکھکر افسانۂ شوق — ہوا مین سر بسر دیوانۂ شوق
دیا تاثیر نے نشتر جگر مین — وہ سامان پھر گیا میری نظر مین
جلا دل آتشِ حالِ وفا سے — اوٹھی لو شعلۂ داغِ جفا سے
احبا محوِ بزمِ شعر خوانی — انیسِ جان بیان غم کی کہانی
اودھر تھا خندۂ اربابِ محفل — ادھر تھا گریۂ بیتابِ دل
اودھر تھا لب پہ ذکرِ عاشقانہ — ادھر دیتا تھا سوزِ دل زبانہ
فراموشی رہے کچھہ دیر دمساز — کہ ناگہ دی مجھی ہاتف نے آواز
کہ ای دلدادۂ نازک خیالے — شہیدِ شوخیِ مضمونِ عالے
تری دم سے سخن رفعت نشان ہے — زمین شعر تجھسے آسمان ہے
برنگِ نقشِ پا افتادہ کیون ہے — دل آزردہ جنون آمادہ کیون ہے

تجھے اب کاہشون سی کام کیا ہی — خیالِ گردشِ ایام کیا ہے
ملا ہی قدردان رشکِ سحبان — جنابِ میرزا مہدیعلیخان
سریر آرائی اقلیم معانی — خداوندِ جہانِ نکتہ دانی
سخن بخشِ جہان اُستاد جسکا — قبولِ عقلِ کل ارشاد جسکا
بلاغت زادۂ طبعِ رسا ہے — فصاحت گردِ راہِ مدعا ہے
جو نسبت دی زمین کو آسمان سے — بجا نکلے زبانِ دو جہان سے
لکھی گر وصفِ حسنِ ماہ پارہ — بنی ہر دائرہ چشمِ ستارہ
اگر فرصت تجھی چرخِ کہن دے — اسی کی نام سی داد سخن دے
یہ افسانہ جو تیری روبرو ہے — خلافِ اہلِ معنی گفتگو ہے
اسی حسنِ زبان دی پھر خدارا — نئی صورت سی رنگِ طبع دکھلا
بلندی دی ذرا اوجِ بیان کو — جلا دی جوہرِ تیغِ زبان کو
گزارش کی یہ مین نی سنکی ارشاد — کہ ای سرمایۂ لطفِ خداداد
تصوّر مین مری آتا ہی ایسا — شکوہِ دہلوی نی اسکو لکھا
پھر اسکے بعد با طرزِ دل آرا — ہوا بھی نی این خامہ فرسا
حیا سی وہ عروسانِ معانی — سدا مجسے ہین گرم لن تسانی
کبھی دیکھا نہین ہی سایہ اونکا — خدا جانے ہی کیا پیرایہ اونکا
یہی کچھہ عذر کا میری سبب ہے — نہین ارشاد سی انکار کب ہے
سوا اسکی ہو جو ایما نظر سے — بجا لاؤن دل و جان و جگر سے
کہا یہ فکر کیا ای بیخبر ہے — ہر اک کا طرز اپنے طرز پر ہے

جھکا شیشہ کہ چھلکی شوق کا جام
کسی کی پیروی ہی تجھکو کیا کام

مگر ہان اہلِ مطلب مین کسی جا
کمی بیشی روا رکھنا نہ اصلا

بھر صورت ہوا جسوقت ناچار
لکھی بحرِ ہزج مین چند اشعار

فغانِ دردجو کچھہ یاد آئے
مصیبت آشنا تھا کہہ سنائے

بس اب لازم ہی اربابِ سخن کو
کہ جب دیکھین مری نقشِ کہن کو

نظر جس جا لڑی سہوِ قلم سے
بنا دین خامۂ جادو رقم سے

تمنا ہی کہ جاے آفرین باد
کرین مجھکو دعاے خیر یکسی یاد

یہان سی ہی فسونِ عشق آغاز
زبان و خامہ ہین آپس مین ہمراز

شانہ کشی مشاطۂ زبان بار آرائش گیسوی داستان

کدہر او ساقیِ فرخندہ پے ہے
کہ پیمانہ مرا محتاجِ مے ہے

وہ دارودی کہ ہو افسردہ ماتم
تنزل پاے اوجِ نشۂ غم

رہے کبتک مےِ گلگون سی انکار
شکستِ توبہ ہو جاے نہ بیزار

مری ہی زندگی جام و سبو سے
مین گذرا آبروے آبرو سے

کہان پھر لطفِ کیفِ نوجوانی
غنیمت ہی کوئی دم زندگانی

کسی مژگانِ خفتہ طولِ بقا ہی
کمندِ عمر ہر دم نارسا ہی

ہر اک سو ہی فریبِ خوابِ صیاد
کمینگاہِ جہان ہی دام آباد

کبھی یکسان نہین حالِ زمانہ
برنگِ زلف برہم ہی فسانہ

کہانتک ضبطِ مضمون کی گرانی
طبیعت گدگداتی ہی کہانی

سُنا ہی یون کہ محمود جہاندار — بشکلِ بخت تہا اک رات بیدار
طبیعت پاک تہی فکرِ جہان سی — لڑی تہی آنکہہ سقفِ آسمان سی
پسندِ طبع تنویرِ قمر تہے — ہراک چشم کو اکب پہ نظر تہے
اوسی عالم مین وہ سرمایۂ ناز — ہوا یون دل کسی اپنی مشورت ساز
کہ سب مصروف ہین خوابِ عجب مین — بہرا ہی مدعا دامانِ شب مین
زمانی مین نہین کوئی خبردار — مگر ہان جاہجا دلہای بیدار
پہرون تنہا میانِ شہر و بازار — دلِ ہر بیخبر سی ہون خبردار
کہان ہی ماتمِ شامِ غریبی — کہان ہی شکرِ صبحِ خوش نصیبی
کہان گلبانگِ عشرت ہمنفس ہے — ہجومِ نالہ کسکا دسترس ہے
کہان ہی وقفِ لبِ خونابہ بوسل — کہان بیتابیِ دلِ رقصِ بسمل
کہان ہی اشک ریزی سی دامان — کہان ہی غم سی سہ وقفِ گریبان
کہان ہی زحمتِ پیہم سی ہر دم — رگِ جان پر خراشِ نشترِ غم
کہان لطفِ فغانِ فرصتِ طلب ہے — کہان راحت کہان جوشِ غضب ہے
سرود و ساز سی ہی کون ہمچنگ — کسی ہی طالعِ ناسازسی جنگ
سمجھکر دلمین کچہہ ایسی ہی باتین — بہت سی سوچ لین پوشیدہ گہاتین
کسی پر تا نہو یہ راز افشا — لباسِ مشکفامی بر مین پہنا
بدل کی شکلِ مطلب کی طلب مین — کہ جیسے ون چہپی دامانِ شب مین
نظر آیا شہِ محمود ذی ہوش — مہِ کامل مگر بدلے مین رو پوش
جوانب کی تماشی دیکہتا تہا — قدم سر گرمِ راہِ مدعا تہا

برنگِ بوئے گل جس جا گذرتا — معطر کوچہ و بازار کرتا
شبِ تاریک مین پھرتا تھا تنہا — خیالِ صبح و ہر دم تھا اجل کا
غرض ناگاہ شاہِ رشکِ فغفور — جب آ پونہچا قریبِ قصرِ دستور
لگا اطراف کی کرنے نظارے — کہ دیکھون کیا ہین قدرت کے اشارے
قضارا اک جوانِ شوخ و طناز — نظر آیا پریشانی سے دمساز
شرابِ عشق سے دل مست سرشار — نظر آشوب گاہِ شوقِ دیدار
سرِ شوریدہ ممنونِ جنون ہی — برنگِ لالہ دل لبریزِ خون ہی
زخود رفتہ ہے جوشِ آرزو مین — سراپا گم ہے راہِ جستجو مین
چھپائی ہی بغل مین صورتِ دل — کمندِ پُر گرہ استادِ کامل
زیادہ طول مین وہم بشر سے — رسائی مین سوا تارِ نظر سے
سراپا درہم و پیچیدہ و خم ہی — مگر دودِ چراغِ شامِ غم ہی
ہر اک حلقے سے اوسکی ہی ہویدا — کشایشہائے آغوشِ تمنا
بنائے آسمان سی خود فراموش — عذابِ این و آن سے بیخبر گوش
ترقیخواہِ عرضِ مدعا ہے — بہجومِ شوق مین کچھ بک رہا ہی
عیان ہی لب سے گلبانگِ ترانہ — کہ پڑھتا ہی شعرِ عاشقانہ
کہ شاید سنکے یارِ محوِ آرام — کری تکلیفِ جنبش تا لبِ بام
زیادہ مضطرب دلکو جو پایا — بغل مین رشتۂ جان یاد آیا
صلاحِ آرزو سے کام ناکام — کیا اوسکو قدمبوسِ سرِ بام
لیے جاتا تھا شوقِ اوسکو سویار — کہ رسوائی پکاری ہان خبردار

خلافِ اقتضائے آسمان ہے — کدھر جاتا ہی او غافل کہان ہے
کہ اتنے مین کیا شہ نی گرفتار — کہا اوس سی کہ ای بیباک و عیار
بتا تو کون ہی آیا کدھر سے — غرض رکھتا ہی کیا اس بام و در سے
پھرا کرتا ہی کیون راتون کو تنہا — کمندِ پُرگرہ سی واسطہ کیا
مقرر تو کوئی ہی وردِ شبگیر — تجھی لازم ہی کرنا پا برنجیر
نظر آتا ہے مجکو خلق آزار — سزائے ناسزا کا ہی سزاوار
طمانچے مار کر رویِ جوان پر — چُنی گلبرگِ سوسن ارغوان پر
کبودی یون ہوئی عارض سی پیدا — دھوان ہو جسطرح شعلی سی لپٹا
یہ عالم دیکھکر وہ نوگرفتار — رہا حیران برنگِ نقشِ دیوار
خموشی نی لبون پر زہر کھایا — ہجومِ بیخودی نی آستایا
الم ایسا اثر پاشِ جگر تھا — کہ ہر دم حالِ دل نوعِ دگر تھا
عوض اشکون کی خونِ دل بہایا — کمالِ ضبط کیا کیا رنگ لایا
کہا تو کون ہی ای فتنہ ایجاد — مجھی دیتا ہی کیون تکلیفِ بیداد
خطا کیا ہی ہوئی کیا مجسی تقصیر — مین ہون کسواسطی شایانِ تعزیر
غریب و بیکس و ناچار ہون مین — بلاکش ہون جگرافگار ہون مین
نظر آتا ہی کچھ بیرحم و بیدرد — ستمگاری مین ہی تو یکہ و فرد
ستم ایجاد ہے بیداد گر ہے — کسی کے بیکسے پر کب نظر ہے
نہ لب ہین آشنا طرزِ فغان سے — نہ واقف ہی جگر دردِ نہان سے
نہ دل لے نازِ بیتابی اوٹھایا — نہ رخسارون پر اشکِ گرم آیا

کہا شہ نی کہ ہون مین شحنۂ شہر — زمانے مین مرا مشہور ہے قہر
عدالت کا مری سنکر فسانہ — عدم آباد ہے جورِ زمانہ
نہین طاقت کہ حسبِ نازِ خوبان — دلِ عاشق سے ہون برگشتہ مژگان
نکلتا ہی زبان سی ہو کی شیرین — کلامِ تلخ معشوقانِ خود بین
چرائی رنگِ دستِ دلربا جو — کرون پامال مین وردِ حنا کو
اگر ہو چورِ ناسورِ جگر مین — لگا دون آگ آبِ نیشتر مین
بلائے جان ہوئی ہی تیری تقدیر — نہو گی کارگر اب کوئی تدبیر
مقرر صبحدم اوخانہ برباد — گلے تجھسے ملے گی تیغِ جلاد
یہ سنکر وہ اسیرِ دردِ حرمان — بجا لایا فلک کا شکرِ احسان
کہ تہا مین ننگِ مرگِ ناگہانی — مگر کی چرخِ تو نی مہربانی
مری بہی خمن ہی کل تک ای پرفسون — زمین قتل گہ ہو گی شفق گون

بیان سرد مہری یار بے وفا و بجا آوردنِ شرطِ یاری و دوستیِ صادق

بلا ساقی شرابِ آتشین جوش — کہ دل کو ہی ہوائے ماتمِ ہوش
رہے ہمدم لبِ پیمانہ اپنا — بلا سے ہو گیا بیگانہ اپنا
بہت کچھہ تہی تعلق جی کی جنجال — کیا الفت نی جسسے فارغ البال
کلامِ حضرتِ ناصح ہے بیجا — مین ہون رندِ خراباتی مجہی کیا
طبیعت پاک ہی ہر بیش و کم سے — نہین مطلب فریبِ عیش و غم سے
غرض جب دل مین سمجہا وہ پیمان — کہ ہون مثلِ شرر دم بہر کا مہمان

بھر آیا دل ہجوم درد و غم سے
بھکا سر بار احسان ستم سے

سنان درد نے چھیدا جگر کو
ہوا رونا ہنسے ہر چشم تر کو

یہانتک اشک غم مژگان سے ٹپکے
کہ چین کر رات بھر دامان سے ٹپکے

تصور مین یہی کہتا تھا دل پیش
کہین بدظن نہو یار وفا کیش

کہ ہوتا ہے گریبان سحر چاک
نہ آیا کیا سبب وہ عاشق پاک

بشکل بخت خفتہ سو گیا وہ
کہین یا صورت دل کھو گیا وہ

کوئے یا اور شمع حسن پائے
بنا پروانہ تازہ کو لگائے

اوسی کی قسمت آنی کی نہین ہے
کسی جا شرط جانی کی نہین ہے

نئی معشوق سی پہلو ہی آباد
مری بھولی سی ہی آتی نہین یاد

عجب ہین کشمکش کی درمیان ہم
گرفتار عذاب دو جہان ہون

کہ صد قے ہو یہان مشتاق دیدار
وہان زیب زبان ہو شکوۂ یار

یہان آخر ہو دم کی نوحہ خوانی
وہان ہو ابتدای بدگمانی

یہان ہو وجہ ماتم لطف ہستی
وہان ہو تہمت بادہ پرستی

پس مردن بھی اس داغ ابد سی
مین چونکا اٹھونگا آغوش لحد سی

یقین ہی سوزش دل سی مری جا
لحد سی حشر کو اوٹھے گا شعلا

ہزارون خفتہ ہین دل مین ارمان
نہین سینہ مگر گنج شہیدان

رہے گا تا ابد ماتم مین پرشور
لب نی سے زیادہ تر لب گور

نہ صورت کوئی دم دیکھی صنم کے
سحر ہونے نہ پائی شام غم کے

کسی کی ای فلک تقصیر کیا ہے
نصیبون سی مجھی اپنی گلا ہے

فرض وہ ناز بردارِ مصیبت — لگا کہنے کہ ای وجہِ صداقت
فنِ دُزدی ہی ننگِ طبعِ ناشاد — مین ہون اس تہمتِ بیجا سے آزاد
نہین مشتاق مین حُسنِ جفا کا — نہین پامال اندازِ بلا کا
مگر ہان یہ ہوئی ہی مجھسے تقصیر — کہ صحرا کو گیا تہا بہرِ نخچیر
پہرا دون بہر میانِ دشتِ پرخار — فریبِ شوقِ آہو مین گرفتار
کمندِ اسوا سطی لایا تہا ہمراہ — نہ بہروزی ای شبگردِ دزدِ بیجاہ
ہوئی جب چلتی چلتی شام مجکو — فراموشی ہوئے آرام مجکو
ہر اک نقشِ قدم کی گرد ہر بار — تصدق مین رہا مانندِ پرکار
پریشان پہرتی پہرتی چار سو ہی — دوچار آکر ہوا اس شہر کو سے
اجل نے رستہ ایسا بہلایا — کہ پابوسِ مبارک کو مین آیا
یہی کچھ مہ گذشتِ مدعا ہے — یہی آفت زدون کا ماجرا ہے
تہی آزاد کردے دو پہر کو — کرون گا ناصیہ سائی سحر کو
پہرا دو شہ کو جو منظور ہو — قبولِ دل ہو منظورِ جگر ہو
یہ سنکر ماجرای صلح پیوند — کہا شہ نے فسونِ حیلہ تا چند
عبث ہی آرزومندِ رہائے — مجھی ظاہر ہی تیری پارسائے
اگر تجکو ہوس ہے مخلصی کے — عوض اپنی ضمانت دی کسی کی
پتا پہلے بتا اپنے مکان کا — نشان پہردی کفیلِ مہربان کا
کہا جای مکونت حسب دستور — فلانی جا ہی اک مدت سے مشہور
یہان سے چل مری ہمراہ گہر کو — وہان ضامن تجھی دون گا پدر کو

برای امتحان شہ سایہ لیکر — جب آپونہچا قریب حلقہ در
ہلائے صورت دیوانہ زنجیر — کہا سوتا ہی یا بیدار او پیر
وہ نکلا اسکی صدر نج و محن سے — برنگ روح افسردہ بدن سے
گل رخ ہو رہا تہا زعفرانی — خزان دیدہ تہا گلزار جوانی
سر شت پاک تہی صبح ازل کے — ابد تہے ابتدا طول امل کے
ادب ہی اوسکو وقت خط کتابت — خضر لکہتی سدا حضرت سلامت
ولی تہا سر دہری مین وہ سالک — برادر خواندہ ضحاک و مالک
در دولتسرا کو جب کیا وا — زبان چرب سی آہستہ بولا
کہ ای یاران انداز وفائے — خداوندان شہ آشنائے
بہم تم کون ہو رکہتی ہو کیا نام — خلاف وقت تمکو مجسی کیا کام
مین اہدم محو تہا یاد خدا مین — جبین سا تہا جناب کبریا مین
تعلق سے طبیعت اکیسو تہے — خموشی ہمزبان گفتگو تہے
تجلی بخش دل نور قدم تہا — رک چشم کلیم اللہ دم تہا
بلایا کیون مجہی خلوتسرا سے — کروآگاہ غرض مدعا سے
کہا سلطان نی اوس شمع سحر سی — خبر کچہہ ہی تجہی حال پسر سے
کیا ہی مین نی دزدی مین گرفتار — سحر کو ہوگا قربان سردار
اگر ضامن ہو تو اسکا سحر تک — مبارک ہو تجہی بیا سحر تک
نہین لیجا کے رکہون پاپزنجیر — کرون گا صبح کو کچہہ اور تدبیر
یہ سنکر ہاجرا پیر کہن سال — لگا کہنے کہ ای مرد خوش اقبال

یہ طفلِ خانماں برباد کا شہ — نکل جاتا تھا شب کو گھر سی باہر
سدا رہتا تھا محوِ خود پرستے — جہان مین ایک ہی تھا ننگ ہستی
مری صحبت سی آتی تھی اسی عار — ہمیشہ پند سے رکھتا تھا انکار
ہوا ہی عاق یہ برگشتہ ایام — مجھے کیا اسکی قول و فعل ہی کام
کہی میتا ہون مین تم سی بہ تکرار — کہ رہنا اسکی عیاری سی ہشیار
نہین مطلق خیالِ پاسداری — کرو جو چاہو حدِ شرع جاری
سنی شہ نی حدیثِ پیر جسدم — ہوا تصویر کا حیرت سی عالم
کہ نفرت اسنی کی لختِ جگر سے — چرائی آنکھ یون نورِ نظر سے
چلا لاحول پڑہتا اک طرف شاہ — جوان بہی صورتِ سایہ تہا ہمراہ
ندامت نے دکھائے گر مجوشے — اوٹھائی لب نی احسانِ خموشے
لگے دامن کو تکنے دیدۂ تر — گریبان اشنا غم سے ہوا سر
نہ اسپر شوقِ دل نی اکتفا کے — بڑہی حسرت سوالِ مدعا کے
کشاکش سی ہوا اس دل کی ناچار — لگا کہنی کہ ای فرخندہ کردار
نگاہون مین پدر کی مین سراسر — بشکلِ طفلِ اشکِ تر ہون ابتر
مگر اک یار ہے دمساز میرا — انیس و ہمدم و ہمراز میرا
دلون مین صورتِ نقشِ تمنا — جگہہ رکہتا ہی الفت سی سراپا
شرافت مین بہت عالی حسب ہے — گدا مشرب اگرچہ زادہ نقیب ہے
اگر وہ مجکو یون دلگیر دیکہے — اسیرِ پنجۂ تقدیر دیکہے
عجب کیا ہی کہ وہ اہلِ مروت — بجا لائی بدل رسمِ ضمانت

جوان نی جو کہی اپنی ہوا مین — جگہ دی شہ نی آغوش رضا مین
کہا یہ بہی سہی ہی دزد عیار — نہین مجکو وہان چلنی مین انکار
اوسی ہمراہ لیکر شاہ نا چار — ہوا جب آستان بوس دریار
نظر آئی عجب عشرت کی سامان — رہا نیر نگی گردون سی حیران
کہ ہے اک یار محو نغمہ تار — گرفتار بلا ہے دوسرا یار
ادہر ہی غفلت جوش می ناب — ادہر نشتر زن دیدہ رگ خواب
وہان ہی ہاتہ وقف گردن دوست — یہان ہی آرزوی دیدن دوست
جوان نے حکم شاہ بدگمان سے — پکارا اوسکو صد شور و فغان سے
کہ ای یار جفا و شمن وفا دوست — شفیق لطف فرا آشنا دوست
ہوئی ہی آج مثل عقدہ دل — خلل انداز راحت ایک مشکل
نہین ممکن سوا تیری رہائے — خدارا جلد کر مشکلکشائے
شفاعت خواہ ہی بی اختیاری — بجالا ہو سکے جو شرط یاری
ملکزادہ صدای یار سنکر — چلا سیماب کی مانند مضطر
خمار می سی چہرہ ارغوانے — بہرا آنکہون مین کیف نوجوانے
او بجتا نشہ مین پاؤن سی دامان — بسا بوی عروسی مین گریبان
تقاضای تمنا وقف حاصل — می حسرت سی خالی شیشۂ دل
لیی اک ہاتہ مین شمشیر عریان — جواب جلوۂ سیمے زبانان
قریب آکر جوان کی رستمانہ — پکارا اوستمکار زمانہ
کیا کیون یار کو میری گرفتار — مکر سے زندگی سی اپنی بیزار

تجھی تقدیر یون لائی ہی تیرے — مری ہاتھون اجل آئی ہی تیرے
ابھی آزاد کر قیدِ گران سے — نہین ہوتا ہی تو رخصت جہان سے
کہا شہ نے کہ ای مردِ دلاور — عبث ہی قہر مین جامی ہی باہر
کہ مین ہون شحنۂ سرکارِ شاہے — مجھی ہی خدمتِ عالم پناہی
پھرا کرتا ہون شبکو تا سحر مین — ہر اک کوچی کی رکھتا ہون خبر مین
یہ ہی درد شب آہنگ و جہان گرد — تو ضامن ہو اگر آتا ہی کچھہ درد
سحر کو لونگا مین تجھسے اسی طرح — نمانون گا کوئی حیلہ کسی طرح
ہوئی جب جہل کے آپس مین تقریر — لگا کہنے جوانِ پاکِ نخجیر
کہ ای شمعِ شبستانِ محبت — ہوا کیون باعثِ تکلیفِ حجت
نکر تو گفتگو جوشِ غضب سی — حذر کر جرأتِ ترکِ ادب سی
یہ ہی فرمان روایِ کشورِ شاہ — اسی کا حکم ہی ماہی سی تا ماہ
ملکزادہ یہ سنکر با صد افسوس — تملق سی ہوا شہ کا قدمبوس
بجا لایا تمامے شرطِ آداب — بشکلِ خادمانِ خواجہ القاب
پسِ افسانۂ ابلہ فریبے — کہا ای چارہ سازِ بد نصیبے
یہ میرا یار ہے اسکو رہا کر — جو کچھہ ہو مجھسی پاداشِ خطا کر
کہا شہ نے نہین تجھسے سروکار — فقط سرکار کا یہ ہے گنہگار
اگر ہی تجکو پاسِ آشنائے — تو ضامن ہو کہ ہو جس مین سزائے
ضمانت سی لیا آخر جوان کو — کیا رخصت شہنشاہِ جہان کو
بٹھایا گوشۂ خاصے مکان مین — نگارستانِ چین پر رشکِ جنان مین

بچھا کر مسند و قالین و سنجاب | کیا آراستہ اک جا پنی خواب
بہر صورت وہ محو غمگسارے | رہا آمادہ خدمتگزارے
ملی جب رسم مہمانی سی فرصت | ہوئی آپس مین تنہائی کی صحبت
ملکزادی نی پوچھا ای برادر | پڑی افتاد کیا مجھسے بیان کر
ہوا کیونکر گرفتار عسس تو | کہان جاتا تہا پا بند ہوس تو
جوان نی روبروی یار دمساز | کیا یون نوحہ دل اپنا آغاز
کہ ای یار جوان فرخندہ اختر | وزیر شاہ اک رکھتا ہی دختر
جو دیکھی شکل اوس نور خدا کے | زبان مشتاق ہو وصل علی کی
اکیلی پاکی شب آغوش خالی | لپٹ جاتی ہی تصویر خیالی
زبان محو جواب لن ترانی | نظر نا آشنای مہربانی
ستارون کو سمجھکر چشم بینا | نہین شب کو نکلتی ماہ سیما
چھپے حسن صفا کیا پیرہن سے | نظر آتی ہی شکل روح تن سے
نیا ہی شوق ناز و دلبری کا | سراپا ہی ادا ہی عالم پری کا
لکھی گر خامہ وصف موی مشکین | ہر اک نقطہ ہو نافہ آہو چین
جبین لفون سی کب ہی نور افشان | قریب صبح ہی شام غریبان
خم ابروی پیوستہ سی ہر دم | کھچے ہے تیغ بہر قتل عالم
جو دیکھے رنگ چشم سرمہ سا کا | کہے گر درد آہو ہی پیدا
کہان مژگان برگشتہ نمودار | کف دست دعا ہی بہر بیمار
کنار چشم و نالہ کھچا ہے | لب آہو مین یا برگ گیا ہے

منور روز و شب رخسار دلخواہ — بشکل آفتاب و جلوۂ ماہ
کہون کیا سرخی یاقوت لب مین — خیال بوسہ لایا ہی غضب مین
زبان کو شکوۂ قید سخن ہے — نگہبان خال ہی زندان دہن ہے
صفای دُرِ دندان سی سراسر — زبان ہی آب گوہر مین شناور
اگر دیکھے گلوی جلوہ افگن — جھکالی ہر صراحی اپنی گردن
یہانتک ہین نزاکت آفرین وش — گران ہی اونکو عکس گوہر گوش
لکھون گر وصف دست سرخ جانان — قلم رنگین ہو مثل شاخ مرجان
دو پستان یا حباب بحر ہستی — شکم یا موج زن طوفان مستی
نہین ہی ناف ہنگام تماشا — نظر آتا ہی عکس چشم بینا
خیال نازکی سے بیچ کہایا — کمر تک سایۂ گیسو نہ آیا
حنا پہ پاون پر ایسی پسی ہی — اوسی جب دیکھو قد مونسی لگی ہی
مری اوسکی ہی ربط عاشقانہ — جگر ہی تیر مژگان کا نشانہ
نہین فرقت گوارا ایک دم کی — قسم ہی درمیان رنج والم کی
مگر رکھتے نہین مانند گوہر — غبار لوث روی مدعا پر
برنگ طفل اشک آرزو ہم — نگہ رکھتے ہین باہم باوضو ہم
کمند تاب دادہ شب کو اکثر — اوڑا لیجاتی تھی قصر پری پر
حضور حسن روی ماہ سیما — مین رہتا رات بھر محو تماشا
سوا اسکی ہو گر کچھ اور منظور — مری آنکھین ہون یارب چشم نابینا
نگاہ بد ہوئے ہو گر کبھی چار — سدا رکھہ مثل چشم یار بیمار

اگر سر کی چھوئی ہون شوق مین بال — رہون مین لف کی مانند پامال
ہوا ہو بی ادب دامن سی جو ہاتہ — برنگ شاخ بی بر قطع ہو ہاتہ
اگر بوسی کا لب کہتی ہون ہان — رہین مثل جرس تا حشر نالان
رکہا ہو اوسکی زانو پر اگر سر — نہ مجکو خشت بالین ہو میسر
ہوا ہون سایہ گر زیب نہالی — ہلال آسا رہی آغوش خالی
مگر ہان بہر لطف ہمزبانے — گوارا سب تہی جور آسمانے
پڑہا کرتی تہی وہ تا صبح قرآن — مرا تہا مصحف رخسار ایمان
جبین مین جب غبار سجدہ پایا — جگر کو خاک ہونا یاد آیا
وہ پڑہتی سورۂ واللیل جسدم — مین تکتا جانب گیسوی پرخم
قضارا آج مجکو شحنۂ شاہ — ملا قرب مکان غیرت ماہ
سمجہکر روز عیار و جفاکار — کیا بند سلاسل مین گرفتار

شعلہ افروز شوق و آتشکدہ سینۂ جوان و باز رفتن برای رخصت یک جانان

کہان ہی ساقی وعدہ فراموش — وداع صبر دل ہی رخصت ہوش
پڑی ہی میکدی مین وہ خرابی — گلے مل مل کی روتی ہی گلابی
جدائی مین تری لبریز ساغر — نظر آتا ہے مثل دیدۂ تر
وہ فور گریہ سی حالت روی ہی — گلوی شیشہ مین ہچکی بندہی ہی
تری فرقت مین دل خون ہو گیا ہی — کہان شیشہ بغل مین آبلا ہی
ملکزادی سی وہ دیوانہ عشق — بیان جب کر چکا افسانۂ عشق

کہا ای غمگسارِ عاشق زار — مرا کل خاتمہ ہی اخیر کار
حباب آسا ہی پر پیمانۂ عمر — فنا بر وقت ہی ہمخانۂ عمر
خبر دیتا ہی امروزِ مصیبت — مری فردا ہی فردائے قیامت
مجھی آواز مرغِ صبحدم کے — مبارکباد ہی شامِ عدم کے
کری گا عشق سر پر سایہ اپنا — دکھائی گی محبت پلیہ اپنا
ہوائے وصل مین میری بصد جوش — زمین مقتل کی ہی وا کردہ آغوش
کوئی دم مین عیان ہوگا سحرگاہ — طلب مجکو کری گا شحنۂ شاہ
میانِ قتل گہ تیغ دو دم سے — کری گا سر کو ہمصحبت قدم سے
مصیبت گریہ زاری مین ہوگی — تمنا سینہ افگاری مین ہوگی
فغان و آہ سب بالین پر آکر — مری ماتم مین ہونگی خاک بر سر
گھڑی بھر کی لیی گردی اجازت — مین اپنی یار سی ہوآؤن رخصت
نہین محشر مین اس شرمِ وفا سے — رہین گی نیچی آنکھین دلربا سے
کہا اوسنے کہ ای یارِ دل افگار — نہین ہون مانعِ دیدارِ دلدار
ولی ہی خوف چیزِ خیا جو سی — نہ جل جائی حصولِ آرزو سے
مبادا پھر کسے کا سامنا ہو — وہی زندان وہی زنجیر پا ہو
وہی ہو لطفِ ماتم رشکِ شادی — وہی جوشش مرادِ نامرادی
کہا پھر چارہ و تدبیر کیا ہے — علاجِ کاوشِ تقدیر کیا ہے
اجل سے کم نہین تاخیر مجکو — ہر اکدم ہی دمِ شمشیر مجکو
مرادون کو نہ اسدم روک دل کے — ابھی آتا ہون مین اوس گل سی مل کے

شہِ محمود زیرِ پشتِ دیوار — کھڑا سنتا تھا باہم قول و اقرار
چلا وہ جس گھڑی بانالہ و آہ — ہوا یہ بھی برنگِ سایہ ہمراہ
رہِ مطلب مین بس تھا گرم رفتار — کفِ پایِ صبا تھی آبلہ وار
ہوا جب کوئے جانان مین جبین سا — کیا بیتابیون نے حشر برپا
توکل کرکے سلطانِ ازل پر — کمندِ پرگرہ پھینکے محل پر
نہ فرصت دی ہجومِ آرزو نے — کیا خود گم خیالِ جستجو نے
رہے وہ حلقہای تاب دادہ — برنگِ زلفِ محبوبان فتادہ
شہنشہ بھی اوسی کی رہبری سی — ہوا لطف آشنا بامِ پری سی
ولیکن صورتِ تصویرِ بیجان — رہا اک گوشۂ خالی مین پنہان
میانِ شب پسِ دیوارِ خانہ — نظر کرتا ہی کیا شاہِ زمانہ
کہ تھا نے پہ ہی اک رشکِ مہتاب — خمار آلودہ کیفِ شکرِ خواب
نزاکت مانعِ تکلیفِ تن ہے — ردایِ نورِ مہ سایہ فگن ہے
نظر آتی ہین وہ خوابیدہ مژگان — بھم لپٹی ہون جیسی دو پُرارمان
نہین بکھری ہوئی رخسار پر بال — شبِ غم سی عیان ہی صبحِ اقبال
جوان آکر قریبِ ماہ سیما — برابر شمع کے بالین پہ ٹھہرا
تصوّر مین یہی کہتا تھا ہر بار — فدایِ چشمِ خفتہ بختِ بیدار
بھرا آنکھون مین کیفِ جوشِ شب ہے — جگانا ایسی فتنے کا غضب ہے
ہوا مانع جو آدابِ تمنا — رہا ہنگامہ آرایِ تماشا
ولی جب دیکھتا کوتاہیِ شب — ٹپکتا لب سی پیہم جوشِ مارب

یہ کہنا ای فلک وقتِ کرم ہے — فغانِ غم بہت ہی رات کم ہی
مصیبت میں شہ یک حلِ مشکل — ہوئی آخر جراحت کاریِ دل
کہ ٹپکی روئے گل پر مثلِ شبنم — سرشکِ گرم الفت زادۂ غم
اثر آکر دلِ پر دل پہ کارا — ہوئی تکلیفِ بیداری گوارا
کھلی جب آنکھ اوس شکتی کے — ادا غمزے نی رسمِ کافری کی
نہ لایا تابِ چشمِ جادو انہ — ہوا تیرِ ادا کا دل نشانہ
گریبانِ صبوری ہو گیا چاک — لیا بیہوش ہو کر بوسۂ خاک
جوان کو دیکھکر طاقت فراموش — اوٹھی گھبرا کی وہ غارتگرِ ہوش
جو دیکھی شکل پامالِ جفا کے — نظر آئی عجب قدرت خدا کے
کہ ہی مجموعۂ خاطر پریشان — کمر ہے برنگِ گردِ دامان
جنون اپنا اثر دکھلا رہا ہے — جو پیراہن ہی مشتاقِ قبا ہے
دلِ بیتاب ہی از خود رمیدہ — حواس و ہوش ہیں دامن کشیدہ
جو پائی اوسنی بوئے دامنِ یار — ہوا بیہوشی پیہم سے ہشیار
کھلیں آخر پئے دیدار آنکھیں — ہوئیں حسرت سی باہم چار آنکھیں
پری پیکر برائے پرسشِ حال — ہوئی یوں جلوہ بخشِ شاہدِ قال
کہ ای تارہ بہارِ کامرانے — گلِ خیارِ گلزارِ جوانے
یہ کیا عالم ہی تجکو کیا ہوا ہے — یہ کیوں ہیوجہ رنگ و ہوا ہے
ہجومِ غم سے دل ناشاد کیوں ہی — جگر آمادۂ فریاد کیوں ہی
تجھی دامن ہی کیوں نفرت ہوئی ہی — گریبان گیر کیوں وحشت ہوئی ہی

یہ کسکا طرزِ بیتابی نے خوش آیا — یہ کسنے طائرِ بسمل منایا
یہ کیسی داغ ہین سرخ پر نمودار — یہ پو نہچا کسکے ہاتھون تجکو آزار
خداوندا تری آگی ہی فریاد — تصدق یکسون کادی مری داد
یہ عارض جسکا دستِ جورِ یلجائی — برنگِ پنجۂ خورشید جلجائی
ہوا نیلا یہ جس سیتی وہی رنگین — وہ شل ہو یا نہ مثلِ پایِ چوبین
کہا ای غمگسار و یارِ جانے — کہون کیسا طول ہی میری کہانی
گرا ہی طشتِ بدنامی فلک سی — ملا ہی داغِ ناکامی فلک سی
ہوس مجکو نہ تہی تا بام لائے — عسس کی شکل بنکر مرگ آئے
کیا بیرحم و ظالم نے گرفتار — چلا لیکر مجھے مثلِ گنہکار
ضمانت سی ہوئی آخر رہائے — پیِ رخصت تمنا کھینچ لائے
بس آکر دیکھلو گر دیکھنا ہو — خدا جانی سحر کیو قت کیا ہو
چراغِ دامنِ صحرا بنا ہون — کوئی دم مین ہوا خواہِ فنا ہون
وہ قطرہ ہون کہ مثلِ اشکِ حسرت — سرِ مژگان سی ہو مشتاقِ رخصت
برنگِ رنگِ گل جورِ خزان سے — سفر کرتا ہون مین باغِ جہان سے
یہ سنکر اوسنے کاوا دائے — قیامت ایک برپا کی سرہانے
ہجومِ اشکِ نی دریا بہائے — فغان لب تک ہوا خواہی کو آئے
نظر آئی کدورت یارِ خاطر — اذیت ہوگئی غمخوارِ خاطر
ہزیمت لشکرِ عشرت نی پائی — الم کی پیر گئی دل مین دہائی
بڑہایا سلسلہ دیوانگی سے — کمی کی خدمتِ فرزانگی سے

کیا ہاتھون نے میل جیب و دامان
مصیبت کی ہوئی پروانگی ہان

کبھی گر التفات ہوش کرتے
پریشان سنبل گلپوش کرتے

جوان نے دیکھکر آمادۂ شوق
کہا اوس سے کہ ای دلدادۂ شوق

تامّل کر کہ مثل ابر تصویر
جہان ہی خواب دیدہ کی تعبیر

جو اس عالم مین ہی جزا و برزخ پاک
مقرر جائی گا اکدن تہ خاک

برنگ بوی گل محو فنا ہے
شرر کی طرح آتش زیر پا ہے

حباب آسا ہی اس بحر فنا مین
جگہہ پائی ہی آغوش بلا مین

ثبات بی ثباتی ہر کہین ہے
یہ منزل جای آسائش نہین ہے

یہی مدت سے ہی رسم زمانہ
کوئے آگے کوئے پیچھے روانہ

مرا بھی وقت رخصت جب کہ آیا
اجل کو اک بہانہ ڈھونڈلایا

شب ماتم کا میری غم نکرتو
خدای دو جہان پر رکھہ نظر تو

زہی قسمت کہ ننگ ہمت عشق
ہوا قربان کوی حضرت عشق

فراز دار ہی عاشق کو معراج
اسی کی رہتی ہین یہ لوگ محتاج

عروج پایۂ الفت یہے ہے
یہی ہی باعث عزت یہی ہے

اسی کی قصہ مجنون ہی مشہور
کیا گویا اسے نے خون منصور

پس دلداری یار وفا کار
ہوا یون حرف زن و سینہ افگار

کہ اوٹھہ او اخت برج نکوئے
فروغ مہر چرخ ماہروئے

پڑہین اب چند ساعت ہم جگہ چاک
سعادت زا کلام ایزد پاک

معاذ اللہ کہ ذکر این و آن سے
ہوئی غافل خداوند جہان سے

غرض خلوت مین وہ دونون پُرارمان
بہم بیٹھی ہوئی پڑھتی تھی قرآن

کہ اتنے مین بجی نوبت گجر کے
لگی ہونے ندا مرغِ سحر کے

قضا نے مثلِ اورانِ تمنا
حجابِ شب رخِ عالم سے اولٹا

موذن نی فغانہائے اذان سی
جگایا خلق کو خوابِ گران سی

نظر آئی نہ وہ شبکی سیاہی
ہوئی رخصت صدائے کوس شاہی

جوان وہ سنتی ہی نوبت کی آواز
ہوا یون شاہدِ مطلب سے دمساز

کہ ای نورِ نگاہِ چشمِ عالم
مری رخصت مبارک ہو بصد غم

بس اب مین چھوڑتا ہون آستانکو
تجھی سونپا خدائے مہربان کو

یہ سنکر گفتگو شوریدہ سر سے
برنگِ آرزو لپٹے جگر سے

لگی رونے وہ پامالِ تمنا
بنائی چینِ دامن موجِ دریا

کہا ای میہمانِ خوانِ بیداد
مرادِ خاطرِ چرخِ ستمزاد

شہادت تیری قسمت مین لکھی تھے
ندامت میری قسمت مین لکھی تھے

کہ مین زندہ رہون تو حیف مرجا
وفاداروں مین شہرت اپنی کرجا

ہوائے جانفشانی کی ہوا ہے
کردن کیا بلا بھی زنجیرِ پا ہے

نہ اسدم رازِ دل مجھسی نہان کر
جو کچھہ تجکو تمنا ہو بیان کر

بہر صورت مین ہون تیری پرستار
نہین ہی کچھہ بجالانی مین انکار

یہی غم ہی کہ میری روبروسی
چلا ہی تو پشیمان آرزو سی

عدم مین دیکھکر سب تجکو ناشاد
کہین سگے یہ کوئی ہی حسرت آباد

ہوائے وصل اگر عشرت طلب ہے
حجابِ آرزو دامانِ شب ہے

ولی ہی ننگِ وضعِ پاکبازے
کہ لین ہم تہمتِ عشقِ مجازے

قیامت کو اگر ایجان جیین گے
شرابِ وصل جنت مین پیین گے

کہا ای شاہدِ یکتائی عصمت
ضیائی دیدۂ لیلائی عصمت

خیال آتا ہی کیا اکدم کی خاطر
کرون مین پیروی نفس کافر

نہین اندیشہ چشمِ این و آن کا
مجھی ڈر ہی خداوندِ جہان کا

کہ آگے جسکے رازِ دل ہمارا
برابر ہی نہان و آشکارا

مگر ہان بہر تسکینِ دلِ زار
تجھی دیتا ہون اک تکلیف ای یار

کہ آخر بہرِ استقبالِ میلاد
سحر کو ہون گا مین پابوس جلاد

ہجومِ جن و انسان فوج ملک سی
زمین چھپ جائی گی چشمِ فلک سی

اگر تو بہی کسی صورت سی تنہا
وہان ہو ایک ساعت جلوہ فرما

عجب کیا شادیِ دیدار او سدم
بہلادی دل سی یادِ کاوشِ غم

بہل جاؤن تہِ خنجر مین ناشاد
ندیکہون بیکسانہ رویِ جلاد

مناسب ہی مگر ای یار جانے
بتادی کچھہ مجھی اپنی نشانے

کہا تن پر سیہ پوشاک ہوگے
الم سی شکل وحشت ناک ہوگے

شہنشہ بس نشان صبح پاکے
ہوا راہی طرف دولتسرا کے

جوان ہی بعدِ رخصت با دلِ زار
ہوا داخل مہیانِ خانۂ یار

جو کچھہ تہی سرگذشتِ غم وہان کی
ملکزادی سی سب سنی بیان کے

رفتنِ عاشقِ نیاز بہ قتلگاہ و کدخدا شدن بمحبوبۂ غیرت ماہ

پلا ساقی شرابِ جانفشانی | قریب شب ہی روزِ زندگانی
حدیثِ نوحہ افزا رو بر و ہے | عزا آمیز رمزِ گفتگو ہے
بھری ہین ولولی دل مین الم کی | بہت کچھہ حوصلی باقی ہین غم کی
پریشانی اثر ہی شادمانے | اجل تعبیر ہی خوابِ جوانے
خمارِ نشۂ وحشت ہی سر مین | جنون مین آتش ہی دردِ جگر مین
فراغِ جان ہوئی ہی پا مین زنجیر | سرِ آغاز ہی انجام تاثیر
گریبان کو تمنا چاک کے ہے | سرِ عریان کو رغبت خاک کی کے
رقم کرتا ہون حالِ رنج افزا | کہ قصہ ہی فراقِ جسم و جان کا
شبِ عشرت ہوئی روپوشِ جسدم | نمایان کی فلک نی صبحِ ماتم
سحر کو وہ شہِ ظلِّ الٰہی | ہوا زینت فزائے تختِ شاہی
ادب سی بخت و دولت سر جھکائی | حضوری مین قدمبوسی کو آئی
دعا عمرِ خضر کے دی فلک نے | کیا ورد زبان آمین ملک نے
کھڑی ہر چار سو تھی حسبِ دستور | امیر و بخشی و دیوان و دستور
کہ اس مین پاسبانِ شہر آیا | پی تسلیم سر اوسنی جھکایا
نگہ کی شہ نی چشمِ رمزداں سے | کیا آگہ اوسکے رازِ نہاں سے
کہ جا سمتِ ملک زادہ اسید م | مری جانب سی پونہچا حکمِ محکم
کہ حاضر دزدِ شبگو کرشتانے | نہین ہوگا گرفتارِ خرابے
یہ سنکر حکمِ سلطانِ یگانہ | ہوا شہرِ مطالب کو روانہ
لکھون کیا تیز رفتاری مین کیا تھا | سوارِ توسنِ بادِ صبا تھا

روار و مثلِ برقِ شعلہ رفتار — ہوا آخانۂ یارِ ضمانمدار
جو سودا گر پسر نے رات ساری — بسر کی تھی بیانِ آہ و زاری
کیا وا ماندگی نے دل کو بیتاب — ہوا وقتِ سحر شرمندۂ خواب
مگر بیدار یارِ مہربان تھا — بحسرت دیکھتا شکلِ جوان تھا
کہا ہاں واقعی میں ہوں گنہگار — مجھی پہچل جہان ہو حکمِ سرکار
یہ سنکر شحنۂ سلطانِ ذیجاہ — چلا لی کر ملکزادی کو ہمراہ
زبس تھا ازدحامِ خلقِ سر پر — ہر اک کوچہ ہوا آغوشِ محشر
یہانتک شور و غل نے سر اوٹھایا — جوان کو خوابِ راحت سی جگایا
ہوا معلوم اوسکو آخر کار — وہی ہی فتنۂ خوابیدہ بیدار
عسس کی روبرو آکر وہ ناشاد — لگا کہنی کہ امی سرمایۂ داد
پریشان دیکھکر یہ حال میرا — مروت سی فقط ضامن ہوا تھا
مقر ہوں آپ میں اپنی خطا کا — اسی کرتا ہی کیوں مورد جفا کا
عسس نے دیکھکر دونوں کو ہمدم — کیا وابستۂ زنجیر باہم
کہ بیتابی سی ہیں چلنی کو طیار — نہیں معلوم کیا باہم ہیں اسرار
ہوس کہتی ہیں کیوں دلمیں وہاں کی — غرض کیا انسی ہی شاہِ جہان کی
ادب ہے مانعِ انکار کسکا — عدوی صبر ہی اقرار کسکا
یہ کیوں دامن کشِ اہلِ جفا ہیں — الم سی کیوں یہ راحت آشنا ہیں
تقاضای دلِ ناشاد کیوں ہی — ہوای لذتِ فریاد کیوں ہی
غرض چرخ ستمگر کے ستائے — حضورِ حضرتِ سلطان جب آئے

حسن یون بہر حکم رسم تعزیر ہوا شاہ کش گیسوی تقدیر
کہ حاضر ہین یہ دونون خانہ برباد بجالاؤن ابھین جو کچھ ہو ارشاد
کہا یہ جاسوسون مقتل جوان کو رہا کر جلد یار ہمزبان کو
ملک زادہ ہوا آزاد خاطر چلا مقتل کو یہ ناشاد خاطر
ہر اک کو اسکی معصومی کا غم تہا جگر صد چاک دل محو الم تہا
یہی کرتی تہی باہم لوگ تکرار کہ یارب کون ہی تازہ گرفتار
یہ کس پر آسمان غم ہی ٹوٹا مصیبت نی یہ کسکی گھر کو لوٹا
کمی کی کسکی بخت نارسا نے چلی لی کر اجل کسکو مٹانے
نظر کے انتہا جسنے جفا کے اجابت آشنا رو کر دعا کے
کبھی کہتا کوئی چرخ کہن سے نہ آیا باز تو اپنے چلن سے
وہی رسم جفا اندیشگی کے وہی آخر عداوت پیشگی کے
کوئی کہتا گرفتاری بجا ہے خرد بیگانہ وحشت آشنا ہے
یہی تہی ہر طرف چرچی کہ ناگاہ ہوا پیدا جوان اک نیت راہ
سوار دلسپ خوش رو تیز رفتار بسان ہوش عاشق جلوہ یار
سمند شوق کی ہوتی ہوئی باگ محبت کی جگر مین شعلہ زن آگ
سیہ پوشاک پہنی ہی غل مین کہ جیسے زہرہ آغوش جبل مین
بڑہا کر اپنی زیبش خوشنمائی دکہائی شکل یار نوجوان کو
ملین جب حسرت آلودہ نگاہین ہوئین رخصت جگر سی مہرآہین
ترس تہا کار فرما شوق دیدار نگاہین تہین کشاکش مین گرفتار

بیان کرتی تھی رازِ دل اشارے — زبانِ حال تھی گویا نظارے
اُمنگین خاطرِ ناشاد مین تھین — تمنائین مبارکباد مین تھین
خوشی سی کیا کہون عالم جوان کا — سراپا نار بردارِ تمنا
عجب کچھہ محوِ دیدِ بی خلل تھا — نہ پاسِ جان نہ سودائے اجل تھا
ہوائے خاطرِ پر آرزو سے — کھڑا تھا لو لگائے شمعِ رو سے
کہ اسمین دیکھکر وہ شاہِ عالم — لگا کہنے کہ او دستورِ اعظم
نظر کرو وہ میانِ خلوتِ خاص — کھڑا ہی اک جوان ماتمی پوش
اسی قیدی کو ہر دم دیکھتا ہے — بتا یہ کون ہی کیا ماجرا ہے
یہ سنکر حکیمِ سلطان جہاندار — کیا پیکِ نظر کو گرمِ رفتار
نگہ بس دیکھتی ہی شوکتِ حسن — ہوئی محوِ فریبِ حیرتِ حسن
لباسِ مردمین دیکھا حسین کو — نہ پہچانا جوانِ نازنین کو
مگر کی عقل نے پیدا رسائی — جو کچھہ تھی شکلِ مطلب دیکھہ آئی
پسِ دل اک دستورِ یگانہ — لگا کہنے کہ ای شاہِ زمانہ
مقرر یہ جوانِ چست و چالاک — مری بیٹی ہی ننگ و گوہرِ پاک
یہ چھپکر دیدۂ مادر پدر سے — تماشا دیکھنے آئی ہی گھر سے
کہا شہ نے کہ ای دستورِ دیرینہ — حقیقت ہے مین ہون دونون کی آگاہ
یہ ہم رکھتے ہین یہ آشفتہ حالت — برنگِ بلبل و گل پاک الفت
میانِ سنبلِ عصیان مثلِ گوہر — سرِ رشتہ نہین ابتک ہوا تر
حیا سی گو نہ لائے مین کچھہ زبان تک — مگر یہ پاکدامانی کہان تک

تری وہ دخترِ حسن آفریدہ — مرا پیلفل جاے نورِ دیدہ
بہ طرزِ شوکتِ شاہانہ اسدم — شتابی عقد کردی انکا باہم
یہ سنکر گفتگوی شاہ والا — توقف ایکدم جائز نرکھا
اوسی ساعت بلاکر اہلِ تنجیم — دکھائی سعد و محل بلہِ تقویم
ملاکر زایچہ نیک اختری سے — کیا عقدِ جوان شکرِ پدری سے
گئی رہنی وہ دونون باول شلو — میانِ عیش و عشرت وصل آباد

در بیان خاتمہ کتاب و وجہ تسمیہ

پلا ساقی شرابِ جامِ حسرت — کہ ہون خمسہ سی ہب مشتاقِ رخصت
جو تونے شیشۂ دل سا نکاوٹھایا — مجھے قولِ غنیمت یاد آیا
بیا ساقی بیا اے قبلۂ شوق — کہ دور اخیر شد وقتیست ایں دوق
طبیعت جوش پر آئی نیا ئے — عروجِ فکر دکھلانی نبا ئے
سخن نے انتہاے صنعو کمکے — قلم کورہ گئی حسرت رقمکے
نہ نکلا حوصلہ اپنی زبان کا — قلق ہے دلکو انجامِ بیان کا
احبا نی کہا ہنگامِ اتمام — کہ اسکا نالہ بتسلیم رکھنام
یہانتک یہ پسندِ طبع آیا — کہ گویا دل سی میری نقل پایا
زیادہ تر نہ اسمین پیرہوس کے — اسی پر جستجوی شوق بس کے

ہوا ہاتف سی بہرِ سالِ ارشاد — قبولِ خاطرِ ارباب فن باد

قطعۂ تاریخ نمائی تصنیف از مولانا استاد جناب میرزا محمد اصغر علیخان نسیم دہلوی

چون نظم نمود این فسانہ — تازہ گلِ من زباغِ تعلیم
گفتم نسیم سالِ تصنیف — قربان بجمالِ فکرِ تسلیم
۱۲۶۹ھ

قطعۂ تاریخ اختتام طبعزاد منشی اشرف علی صاحب متخلص بہ اشرف

بتوفیقِ خدا چون این فسانہ — ز طرزِ نو بلند آوازگی یافت
بگفت اشرف پیِ تاریخ ختمش — کہن افسانہ ساز تازگی یافت
۱۲۶۹ھ

رشکِ گلزارِ ہمیشہ بہار مثنوی تاریخ ریختۂ خامۂ جانفزا عبد اللہ خانصاحب

بیا ساقی کہ فیضِ اوستادم — چشانند بادہ مضمون زادم
انیسِ خلوتِ معنی نگاران — جلیسِ مجلسِ شعری شعاران
شرابِ شوق پیما عشق تعلیم — خرابِ ذوق امیر اللہ تسلیم
رقم زد نالۂ تسلیم بشنو — کہن افسانہ دارد جلوۂ نو
بشوقِ دیدنش چشمم گہر چید — شنیدن ادلم تاراج گردید
بمضمونِ جگر خاکشت دل خون — چسان گویم فسانہ بلکہ افسون
سنِ تاریخِ تصنیفش تمنا — بدل افزود شوقِ خواندنش را
نوشت این سالِ ہجری جانِ پر درد — جگر زانالۂ تسلیم پر درد
۱۲۶۹ھ

تمت

بعون صناع مکین ومکان فضل خلاق زمان

مطبع منشی نول کشور مین بہ طبع مین مقبول جہان ہوا



بسم اللہ الرحمن الرحیم

اجازت دے خیالِ قاصدِ دل
کہ آپونچا دمِ تکلیفِ مشکل

طبیعت پھر مری کچھ نازپر ہے
کوئی مطلب مگر آغاز پر ہے

مضامین لیتے ہین فکرِ رسا سے
زبان جنبش مین ہی حمدِ خدا سے

بنایا جسنے کن سے دو جہان کو
کیا پیدا زمین و آسمان کو

مہ و خورشید و سایہ کو فلک دار
سکھایا بے قدم اندازِ رفتار

طلسمی کارخانہ اک بنا کے
نظر سے چھپ رہا صورت دکھا کے

بلند و پست سب اوسنے بنایا
عدم سے عالمِ ہستی مین لایا

جہان مین اہلِ بینش کی عجب کو
وصال و ہجر بخشا روز و شب کو

کیا پیدا نشان ہر بے نشان کا
دکھایا رنگ نیرنگِ جہان کا

دیا سامانِ شاہانہ کسیکو
بنایا خاکِ ویرانہ کسیکو

کسی کو عشق کی لذت عطا کی
مزا دیتی رہی اندوہنا کی

دکھائی جلوہائے حسنِ خوبان
بنایا صورتِ آئینہ حیران

پھیائی سیکڑون جلوی دکھا کی | مٹائین صورتین کیا کیا بنا کے
نہ غافل ہی نہ ہی فرزانہ باقے | فقط عالم مین ہی افسانہ باقے
تماشا دوست یار خود نما ہے | تصور بن کے پھرتا جا بجا ہے
کہین شوکت ہی شان انبیا کی | کہین عظمت ہی ذکر اولیا کی
کہین ہی ہمت اخوان یوسف | کہین ہی عصمت دامان یوسف
شرار شعلہ افزا ہی کہین وہ | ادیب ہوش موسی ہی کہین وہ
کہین ہی التماس شوق دیدار | کہین ہی محرم اسرار انکار
کہین طالب کہین مطلوب ہی وہ | غرض ہر رنگ مین کچھہ خوب ہی وہ
سنبھل ای ہر خوش پیمانہ شوق | خراب بادہ خمخانہ شوق
زیادہ تر ندی رخصت قلم کو | می وحدت کی بدلی کھینچ دم کو
کہان تک ایک سی آہنگ فریاد | بدل اب اور کوئی رنگ فریاد
ملک مشتاق ہین حرف دعا کی | فلک پر بھیج تحفے التجا کے

مناجات عاشقانہ

الٰہی دی کوئی دل سر بسر جوش | برنگ زخم خندان غم فراموش
ہمیشہ سایہ خنجر مین تڑپی | اگر محشر بھی ہو محشر مین تڑپی
وہ دل ہو جو ستم کو ناز سمجھے | وہ دل ہو سوز کو جو ساز سمجھے
سدا ناکامیون سی کام رکھے | جو نکلی کام کوئی نام رکھے
ہنسے رسوائی حال زبون پر | بہائی اشک تدبیر جنون پر

بنی موج ہوائی پائمالے | سنی زنجیر کی ہر زہ خیالے
جنون انگیز وہ سامان کہائے | خیال پاک مجنون مین نہ آئے
نہو پامال غم کی سرکشی سے | اوٹھائی ناز دشمن بہی خوشی سے
رہی دنرات خود دیوانہ اپنا | برنگ شعلہ ہو پروانہ اپنا
نہ ہم آغوش ہو جانان سہی اپنی | پشیمان ہی رہی ارمان سہی اپنی
بڑہی گرد بگہانی چشم تر کی | قسم کہائی سر داغ جگر کی
منائی شادیان رنج و محن سے | اوٹھائی عیش نو داغ کہن سے
نہو کامل مذاق تلخکامے | رہی ہر مدعا مین ناتمامے
حباب آسا طلسم یک نظر ہو | کہ اپنی جنبش دامان سہی ڈر ہو
دکہائی اضطراب وقت مشکل | رہی سینہ سدا آغوش بسمل
ترقیخواہ تکلیف جفا ہو | بلا گردان سامان قضا ہو
نہین بس آشنا اسپر بہی خاطر | لب مضمون سی ہی کچہہ اور ظاہر
اجل ہو مہربان دشمن کی بدلی | کفن مجکو ملی دامن کی بدلی
برنگ شمع کشتہ بعد مردن | بنی فانوس تن آغوش مدفن
لحد سی اوٹہکی بہی مضطر بنون مین | غبار عرصہ محشر بنون مین
نہ آنکہون مین نشان خواب دیکہون | اگر دیکہون کبہی پر آب دیکہون
رہی سر پر ہجوم منہ جبینان | سنون ہر دم تقاضای حسینان
نہون شاکی مری ہمراز مجسی | رہین راضی نیاز و ناز مجسی
رگ سودا جنون مین خون کو ترسی | سنے طعنے زبان نیشتر سے

گرین لختِ جگر آنکھون سی باہر
برنگِ اشکِ بلبل پھول ہوکر

نہ چھوٹی مجسی تا انجام ہستے
بشکلِ آئینہ صورت پرستے

نہ دیکھون شکل ارباب ریا کے
حریصِ خرقۂ مشتاقِ عبا کے

عمامہ قہر ہو جبہ بلا ہو
درازی ریش کی عرضِ دعا ہو

رہون زندہ تمنای قضا سے
امید یاس ہو حرفِ دعا سے

کبھی پیدا کرون ابرو کی صورت
پریشان دل رہون گیسو کی صورت

رہی مثلِ گریبان چاک دامن
پھرون تا عمرِ ہستی پاک دامن

کری دامانِ صحرا سر پہ ستی
دکھائی مستیان ویرانہ مستی

قیامت لائی سر پر داغ سودا
بنی خورشیدِ محشر داغِ سودا

مرون تیور اگر بدلین الم کے
رکی سینی مین دم رکنی سی غم کے

شفای دل ہو بیتابی کا آزار
شکیبائی رہی صورت سی بیمار

اجل سامانِ شادی کا سبب ہو
صفِ ماتم صفِ بزمِ طرب ہو

پشیمان چارہ گر بالین سی اوٹھی
مسیحا چشم تر بالین سی اوٹھی

نکل جائین سب ارمان روح و تن کے
اجل آئی مری معشوق بن کے

رہین نا آشنا لب مدعا سے
زبان ہو گنگ حرفِ التجا سے

بنون اپنی شکستِ دل کی آواز
رہی مجھ پر ہی میرا حشر تک ناز

بڑھین رتبی یہ جنس سرسری کی
اوٹھاؤن ناز قحطِ مشتری کے

یہانتک کاہش تن مہربان ہو
کہ میری یاد ہی خوابِ گمان ہو

کمالِ بی نشانی جب دکھاؤن
تصور کی تصور مین نہ آؤن

پھپھون جسوقت مثل نکہت گل — بنی مدفن زیارت گاہ بلبل
ہوا جنت کی دو منزل سے نظر سے — لپٹ کر دامن خیر البشر سے
نہون رسوای بازار قیامت — نہ لون احسان سودای ملامت
سیہ کاری قبول لم یزل ہو — لباس کعبہ طوماری عمل ہو
بس ای تسلیم کبتک جوش امتے — کہانتک شیوہ مطلب پرستی
کمی کر شوق عرض التجا مین — گرہ دی طول زلف مدعا مین
زبان نعت سلطان امم ہے — سر خامہ پہ تسلیم خم ہے
زبان ہی مائل ذکر پیمبر — دہن ہی حلقہ گرداب کوثر

نعت جناب سید المرسلین خاتم النبیین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

ادہر آ اد خیال پاک دامان — تکلف ہو چکا تکلیف احسان
ادب نے اور ہی جلوہ دکہایا — چراغ ہوش کو خاموش پایا
خدا را ریزش مضمون روشن — کہ پہیلائی ہوئی ہین حرف دامن
مبارکباد نعت مصطفے ہے — زبان پر نغمہ صل علے ہی
سکہایا جسنے ہمکو دین اسلام — سنائی امر و نہی حق کے پیغام
زمین و آسمان زیر قدم ہے — شب معراج سیر نیمدم ہے
یہانتک فرد یکتائی مین پایا — کہ سایہ بہی نہ پا بوسی کو آیا
ہوئی کافر سی جب اعجاز خواہی — ہتون نے دی نبوت کی گواہی
احد نے میم احمد کو ازل مین — عنایت کی جگہہ دل کی بغل مین

لکھون کیا فرق ذاتِ کبریائے | نہین گنجائش حرفِ جدائے
نہ کم ہون گی طفیلِ شوق بیحد | نیازِ کبریا نازِ محمد
بی بخشش اگر ایما فقط ہو | بلاغت نامۂ عصیان غلط ہو
فقیری مین دیا شاہون کو انعام | پڑہا ہر علم بی تفہیم و افہام
فدا ایسے سبب بے سبب کے | تصدق عالمِ اُمّی لقب کے
خدارا ای شہنشاہِ دل افروز | ادہر بہی ایک نگاہِ معصیت سوز
بہت کچہہ ہو چکی غفلت پناہی | بہت دیکہا عتابِ کم نگاہی
یہانتک جوشِ محرومی عیان ہے | کہ مجہسے بدگمان میرا گمان ہے
سوادِ مردمِ چشمِ بتان ہون | سویدای دلِ ہندوستان ہون
عروسِ یاس ہم آغوشِ دل ہے | سری امید مجہسے منفعل ہے
ہوس ہی روضۂ انور کو دیکہون | جبینِ آستان پر سر کو دیکہون
طوافِ مرقدِ شاہِ نجف ہو | غمِ ناکامیِ دل برطرف ہو
بناؤن تو تیای چشمِ بیخواب | غبارِ آستانِ پاکِ اصحاب
خصوصاً جانِ نثارانِ پیمبر | ابوبکر و عمر عثمان و حیدر

سببِ تالیفِ کتاب

پہونچ ساقی کہ وقتِ نوش آیا | تری غفلت سی مجکو ہوش آیا
سبو ساغر اوٹہا بہر تلافی | زبانِ شکوہ دہوئی آب صافی
سنبہالون خاطرِ پرجوش کو مین | کرون گویا لبِ خاموش کو مین
کہ اکدن اتفاقاتِ جہان سے | ملی فرصت جفای آسمان سے

تسلی کا ہوا جھرمٹ جگر پر ہوا ہر اشک صد قی چشم تر پر
عدم کی راہ لی رنج و تعب نی مبارکباد دی عیش و طرب نی
دل آسودہ مثل اہل ادراک ہوا صروف سیر عالم پاک
بشکل روح ادریس و مسیحا تماشائے ہوا نور قدم کا
ہوئی پیدا اثر حسن شگون کے کھلے دروازی قصر نیلگون کے
کبھی جبریل کا ہم آشیان تہا کبھے عنقای دشت لامکان تہا
کبھے روحانیون سی ساز کرتا کبھے قسمت پر اپنی ناز کرتا
کبھے تہا عالم حیرت مین خاموش بشکل طوطی دستان فراموش
در معنے پر آیا جب بہ تکریم ادب سی کی سخن نی عرض تسلیم
جگہہ دی مسند عزت اثر پر قدم چومی ہوا فرمان بر پر
پس عرض نیاز دستانہ لگا کہنے کہ ای فخر زمانہ
گل تازہ بہار نکتہ دانے چمن پیرای فردوس معانے
اجازت ہو تو خدمت مین زبانی کرون ظاہر کچہہ اپنی خستہ جانی
کہون افسانۂ بیتابی دل سناؤن داستان رقص بسمل
سراپا مثل نے درد آشنا ہون تہی ہون آپ سی تم سی بہرا ہون
کہا دل نی مری تقصیر کیا ہے جو کہتے ہو کہو تاخیر کیا ہے
کہا جو اہل فن گذرا جہان مین کیا سکہ روان اپنا جہان مین
لکہا ہر ایک نے مدح و فسانہ بنایا مجکو ممتاز زمانہ
مگر قربان اس بخل زبان کے کہ تم قارون ہی نقد بیان کے

لگا کر قفلِ خاموشی دہن مین — چھپایا جیتی جی مجکو کفن مین
کہا دل نی سخن سی سچ ہی یہ بات — مگر مین کیا کرون ہیہات ہیہات
زمانی مین یہ قحطِ قدردان ہے — کہ مجکو بات بہی کرنا گران ہے
طبیعت ہٹ گئی شعر و سخن سے — تنفر ہو گیا اظہارِ فن سے
بنا کر حُسنِ مطلب این و آن کو — کرون آلودہ کیا اپنی زبان کو
ملی گا جب کوئی ممدوح ذیجاہ — بخوبی دون گا دادِ نظمِ دلخواہ
سخن نے سنکے دل سی یہ فسانہ — کہا اب بہی نہین خالی زمانہ
ہزارون اہلِ فن کی قدردان ہین — خریدارِ گہر ہای بیان ہین
خصوصًا صاحبِ اقبالِ جاوید — دو عالم مین یگانہ مثلِ خورشید
رہی دل جانبِ تو شیخ شیدا — اشارون مین ہی شکلِ نام پیدا
معزز محترم ہندوستان مین — حریفِ ہمتِ حاتم جہان مین
مئی خمخانۂ وحدت سے مدہوش — دلِ پُر معرفت پیمانۂ جوش
علوِّ مرتبہ پیدا جبین سے — لیا قت جلوہ گر عقلِ متین سے
یہ عالم ہے کفِ گوہر فشان کا — بنا فرشِ زمین صحنِ آسمان کا
خمِ تیغِ دو دم گر خون فشان ہو — شفق گون دامنِ کون و مکان ہو
جراماں ہو خضر آسا جدہر سے — ارم آئی قدم لینی کو سر سے
نظر محوِ رضای سینہ چاکان — صفا طینت بشکلِ روحِ پاکان
اثر ہمت مین ابرِ دُر فشان کا — حقیقت مین جمین پیرِ جہان کا
بہارِ خُلق بسن نکہت فشان ہے — دماغِ اہلِ عالم عطر دان ہے

ارادون مین اثر جوشِ نہان کا | مرا ساحوصلہ طبعِ جوان کا
ازل ہی صبح روز افزونی جاہ | قیامت زلفِ شامِ بختِ بدخواہ
بزرگی بوسہ زن حسنِ جبین پر | اجازت فخر کی روح الامین پر
لبِ بحری پہر تا ہی در پہ چرخِ اخضر | ہمیشہ کاسۂ خورشید انور
شرف دی نام سی اسکی زبان کو | دکھا اعجازِ فن اہلِ جہان کو
مری شہرت ہوا طرافِ جہانمین | تری عزت ہوا رابِ بیانمین
یہ مژدہ سُنکی دلکو جوش آیا | طبیعت مین مزا کچھ اور پایا
ہوائی نظم خاطر مین سمائے | جگر سی آہ موزون لب تک آئی
بڑہا اندیشہ بھر سیرِ افلاک | کیا مضمون نی استقبالِ ادراک
زبان کرنی لگے گوہر فشانے | قلم لکھنے لگا رازِ نہانے
کہلی غنچی گلستانِ سخن کے | یہی سنبل نی بوسی یاسمن کے

داستان بیچ بیان خوبی و ترغیب محبت کی اور رجوع کرنا طرف آغازِ حالِ عشق کے

سنبہل ای ساقیِ میخانۂ راز | کہ پہر ہی رغبتِ تکلیفِ آغاز
ہر اک دم ہو رہا ہی نشترِ دل | خراش نالۂ اُستادِ کامل
لحاظِ توبہ و اعظا اوٹہادے | اچہوتی دونون عالم سی پلادے
کہانتک اضطرابِ جوشِ مستے | کہانتک فرصتِ کوتاہ دستے
لبِ ساغر ملادی میری لب سے | سمجہہ لون آج مین نیت العنب سے
میسر پہر کہان یہ ساز و سامان | زمانِ عیش ہی دم بہر کا مہمان

کہین عشرت کہین ماتم سرا ہے | دورنگی آسمان کی کھلا رہا ہے
کہین ہے صبح عید زندگانی | کہین ہے شام مرگ ناگہانی
کہین ہے نغمۂ یاران محفل | کہین ہی شکوۂ ہیر حمی دل
کہین ہی جاوۂ لبہای خندان | کہین اشک ہنسی ہی لبریزدامان
کہین لطف بہار بوستان ہے | کہین اندیشۂ خار خزان ہے
کہین گل تاب رخسار چمن ہے | کہین منقار بلبل نعرہ زن ہے
اکڑتا ہی کہین شمشاد گلشن | کہین قمری اسیر طوق گردن
کہین راحت کہین جوش بلا ہی | غرض دنیا عجب حیرت کی جا ہے
فریب افزا ہے نیرنگ زمانہ | طلسمے ہی یہان کا کارخانہ
زمین و آسمان کی پست و عالی | یہ سب ہین شکل تصویر خیالی
ثبات بی ثباتی گہات مین ہے | فریب مدعا ہر بات مین ہے
نہین تاخیر احسان اجل مین | عروس مرگ ہی ہر دم بغل مین
خوشی سی غم کی ہی تاثیر پہلی | عیان ہی خواب سی تعبیر پہلی
تجھے حرص جہان ابدیل عبث ہے | غبار آسا پس محمل عبث ہی
ازل سی زال دنیا ہی ستمگار | لیی پہلو مین ہی پہلوی اغیار
نئی جادوگری ہی اسکی دم مین | کہ دانا دام مین آتا ہی دم مین
ہزارون زہر کہاتی ہین اسی پر | نہین ہی بندیہ قحبہ کسے پر
خردنا آشنا فرزانہ اسکا | فسون ہی کم نہین افسانہ اسکا
یہان دولت وہان تکلیف آرام | بُرا آغاز ہے بدتر ہی انجام

ہوائے عشق باقی مین فنا ہو — برنگِ قطرہ دریا آشنا ہو
تہِ تیغِ محبت رکھہ گلو کو — حیاتِ بی اجل دی آرزو کو
محبت مین لہو پانے اگر ہو — ابہی وہ ماہِ تابان جلوہ گر ہو
محبت سی ہی روزِ عیش پر جوش — محبت سی شبِ غم ہی سیہ پوش
محبت سی یہ الفاظ و معانے — بہم چسپان ہین مثلِ یار جانے
محبت سی دلِ لالہ لہو ہے — محبت سی پریشان موجِ بو ہے
محبت سی گلِ تر ہی جگر چاک — محبت سی دلِ بلبل ہی غمناک
محبت ہو جو گرمِ جلوہ سازی — بنی پروانہ داغِ شعلہ بازی
محبت سی ہین روح و تن ہم آغوش — محبت سی گلِ آدم مین ہی جوش
محبت سی جگر سوزی مزا دی — محبت لذتِ راحت بہلا دی
محبت کیمیای ہر جگر ہے — محبت جلوہ پردازِ نظر ہے
محبت سی ہی لبریزِ فغان نی — محبت سی نہین خالی کوئی شی
محبت سی دلون مین ساز دیکہا — محبت سی نیاز و ناز دیکہا
محبت ہی عجب دریای پرجوش — کہ ہر قطرہ ہی طوفان سی ہم آغوش
یہان کا ذرہ ذرہ پر بلا ہے — دو عالم اک سراب کم نما ہے
دمِ تیغِ اجل ہی ساحل اسکا — فنا ہے سہل کار مشکل اسکا
بحسرت جان دینی زندگی ہی — قضا اسمین ادای بندگی ہی
گواہِ حالِ جوشِ عاشقانہ — سپر و خامہ ہوتا ہے فسانہ
نہین تصنیف طبعِ نکتہ دان کا — بیان ہی ہمدمِ صادق بیان کا

کہانتک دل مین داغ قدردانی — کرون بی پردہ راز خوش بیانی
دکھاؤن حسن اعجاز بیان کے — زبان بوسی لی حرف داستان کے
ہر اک سود و ہوم ہو فکر جان کے — ہوا کیا کیا بند ہی طبع روان کے
جلائی گرمی مضمون عدو کو — کری بندش پشیمان عیب جو کو
حصول مدعای دوستان ہو — سخن آویزۂ گوش جہان ہو

آغاز داستان

ادہر آسا قے غار تگر ہوش — وفا نا آشنا عاشق فراموش
چھلکتی لامی گلگون کہین سی — زبان ہو موج آب آتشین سی
کہ پہر ہون سرخوش پیمانۂ عشق — بیان کرتا ہون مین افسانۂ عشق
کہ تہا اک نوجوان مست مدہوش — برنگ آرزو پہ وردۂ جوش
ترقیخواہ آشوب جوانی — دعاگوی بلای ناگہانی
تجرد مین بشکل سرو آزاد — برنگ نکہت گل خانہ برباد
سر پر شور پا مال جنون تہا — حنا کی طرح دل لبریز خون تہا
جبین مشتاق اوس تصویر غم کے — غبار سجدۂ پای صنم کے
خم ابرو نیاز آباد حاجات — برنگ مصرع بیت مناجات
جگر محو فریب بیقراری — سر مژگان شہید اشکباری
عیان رخسار سی جوش نہانی — خط نوسبز شرح نوجوانی
لہون سی شور بیتابی بہم تہا — دہن پیمانۂ فریاد غم تہا

زبان مثلِ زبانِ عاشقِ زار ہمیشہ قصہ خوانِ شکوۂ یار
ازل ہی عشق ربطِ آب و گل مین خلش کے گدگدی پہلوئے دل مین
سدا اندر نظر تھا حسن و نزاکت حسینون مین بسر کرتا تھا اوقات
پیِ تسکینِ خاطر کوبکو مین پھرا کرتا تھا شہرِ لکھنؤ مین
قضا را ایکدن وہ ناشکیبا چلا گھر سے پیِ سیر و تماشا
قریبِ شام سوئے چوک آیا دلِ مضطر کو جو راضی بنایا
تمنا خیز ہر جانب نظر کے ہوئی راحت فزا حسرت جگر کے
جہانِ حسن پُر شور انگیز دیکھا طلسمِ ناز محشر خیز دیکھا
ہوئی پیدا نگہ کو رغبتِ دور نظر آنے لگے سامان کچھ اور
کوئے کافر ادا ہی نغمہ پرداز کوئے رشکِ پری ہی شعلہ پرواز
کوئے بیباک ہی گرمِ اشارہ کوئے چالاک ہی محوِ نظارہ
کوئے نازک ادا مسند نشین ہے کوئے آئینہ رو آئینہ بین ہے
کوئے خنداں بہ رنگِ صبحِ نوروز کوئے برقِ تبسم سی جہان سوز
یہ عالم دیکھتا اپنے ہوا مین بڑھا کچھ دور راہِ مدعا مین
کہ ناگہ جوشِ مستی رنگ لایا قضا نے اور ہی سامان دکھایا
بُتِ بیرحم عصمت نام جسکا ستم پیشہ عداوت کام جسکا
کھڑی ہی ناز سی کل قربِ بام نگاہِ خنجر گر ہی مرگ پیغام
زمانہ ہو رہا ہے محوِ دیدار عیان ہین وعدۂ فردا کے آثار
وہان جو ہی تحیر آشنا ہے بہ رنگِ ہوشِ عاشق کھو گیا ہے

وہ کافر حسن پر اپنی ہی مغرور — سراپا مثل برقِ شعلۂ طور
بھرا سینہ مین جوشِ نوجوانی — زبان مصروفِ لفظِ لن ترانی
قدِ موزون سراپا نور مین غرق — برنگِ مصرعِ برجستہ برق
عیان ہر عضو سے شانِ قیامت — سراپا جان و ایمان قیامت
دمِ رفتار گرِ تاہی قدم پر — بجائے سایہ رنگِ وے محشر
وہ کافر زلف یا دودِ جگر ہے — دلِ زاہد سے بھی تاریک تر ہے
غضب ہے جا کی پھر آنا ادھر کا — اثر ہی زلف مین دامِ نظر کا
وہ پیشانی کہ جسکا بدر مشتاق — درخشان کوکبِ اقبالِ عشاق
ہمیشہ دیکھکر شام و سحر کو — کہی ای ساجدین شمس و قمر کو
ہر اک ابرو ہی تیغِ خوش نظارہ — سراپا جوہرِ موجِ اشارہ
دمِ جنبش وہ اوس فتنہ گر کے — مبارکباد ہی زخمِ جگر کے
خمار آلودگی آنکھون سے پیدا — نظر سے کیفِ مستانہ ہویدا
نگاہِ مست پھرتی ہی جدھر کو — غشی آتے ہی بوسِ نظر کو
وہ مژگان و قتِ آرایش کہ بین گھر — دلِ آئینہ مین مانندِ جوہر
کنارِ بام و وہ رخسارِ پر نور — نظر آتی ہین جیسی شعلۂ طور
یہی اک ہی ہر مشتاقِ مضطر — سوا نیزی پہ ہی خورشیدِ محشر
دہن گرداب صہبای معانے — زبان موجِ شرابِ لن ترانے
تبسم بنکے ہر لب سے ہویدا — تقاضا شوخیِ طبعِ جوان کا
زنخدان جلوہ گر مانند گرداب — برنگِ آب گوہر خشک و سیراب

صفت گردن کی افزون حوصلی سے — وہی جانی لگائی جو گلے سے
ہر اک شانہ بر زلف دستۂ گل — زیارتگاہِ صبحِ عیدِ بلبل
عیان سینی سی آغازِ جوانی — نمو پستان کی غمازِ جوانی
نزاکت سی عجب عالم کمر کا — گمان سبکو رگِ تارِ نظر کا
کسی صورت نہین آتی نظر ناف — مگر ہی حلقۂ میمِ کمر ناف
یہ نقشہ لطفِ صحبت نی دکھایا — کہ ثابت نی عدم کا لطف پایا
لکھون کیا جسمِ مخفے کا اشارہ — عیان مہ و ماہ نو مین اک ستارہ
ہر اک زانو طرب انگیزِ عشاق — بظاہر جفت خوبی مین مگر طاق
نمایان پاپچی سی ساقِ پر نور — تہِ فانوس جیسے شمعِ کافور
دو بالا حسن ہی جوشِ صفا سے — عیان رنگِ حنا ہی پشتِ پا سے
غرض اس طرح وہ خورشید سیما — ہر اک جانب سے سرگرمِ تماشا
جوان نی بہی نگاہِ شوق ڈالی — تمنایِ دلِ مضطر نکالی
کشیدِ شوق نی جادوگری کی — پہری چتون ادہر شکنِ پری کی
کہلین دو پردہ عرضِ دل کی اہین — ملین باہم گلی دونون نگاہین
لیی سینی مین اوس شوریدہ سر کے — خدنگِ نازنی بوسے جگر کے
رہی کچہہ دیر مثلِ نوخریدار — نیاز و ناز باہم گرمِ بازار
پہر آخر جذبۂ دل نی کمی کے — ہوئی تاثیر پیدا رہی کے
اداسی صورتِ ابرو کیے وہ — طبیعت کیطرح سے ہٹ گئی وہ
چہپائی شکل اپنی دل کی صورت — گرا پہ خاک پر بسمل کی صورت

ہجوم شور بیتابی نے آکر | کیا دل کو ستم آباد محشر
حواس و ہوش و عقل و صبر و آرام | ہوئی سب نذر ایسا کی دلارام
دعاوی جسکھڑی حال بدی نے | کیا رخصت ہجوم بیخودی نے
غبار آسا اوٹھا فرش زمین سے | ہٹا پہلوی کوی نازنین سے
مگر حیران کہ یہ سامان کیا تھا | یہ کس برق بلا کا سامنا تھا
یہ کس بیرحم قاتل سی لڑی آنکھ | یہ کسکو دیکھتی تھی ہر گھڑی آنکھ
لبون مین کس لیی فضل حیا تھا | سکوت مدعا کیون مدعا تھا
ہوا یہ کون غائب روبرو سے | کیا کسنے پشیمان آرزو سے
متاع صبر و طاقت لی گیا کون | یہ داغ نامرادی دی گیا کون
اوسی دہن مین وہ پامال تمنا | رہا سر گرم راہ جوش سودا
جب آدہی رات نی انجام پایا | بلای تازہ لے کر گھر مین آیا

بیان درد و محنت و فراق کلاوتنگ آکر نکلنا جوان کا شہر مینو بہر لکھنو سے

پلا ساقی مے خونابہ دل | کہ ہون حیرت فروش چشم بسمل
قرار بیقراری جوش پر ہے | ہجوم کیف مستی ہوش پر ہے
زبان ہی گفتگو سی پہر ہم آغوش | طبیعت مین ہی یون ہا دفراموش
کہ تا وقت سحر وہ نوگرفتار | رہا مانند چشم نجم بیدار
بسر کی جل کی مثل شمع ماتم | اوٹھاوہ داغ جگر کے طرح برہم
نہ پہلو مین دل آفتد سیدہ | نہ دل مین صبر وحشت آرمیدہ

پریشان خاطری پیدا نظر سے — چکان ابر مصیبت چشم تر سے
فغان بے اثر لب سی ہویدا — امید یاس ہر مطلب کی پیدا
نہایت بیخودی نی جب ستایا — اوسی کوچی مین مثل ہوش آیا
ہوای جلوۂ جانان مین شب شد — برنگ نقش پا بیٹھا زمین پر
مبرا دہر کے ہر شور و شر سے — لڑی چشم ہوس دیوار و در سے
خیال یار کو ٹھہرا کے ہمراز — کیا یون شکوۂ تکلیف آغاز
کہ ای محرومی تقدیر تا چند — کرونگی چاکہای دل کو پیوند
اوٹھاون ناز بیتابی کہان تک — رہون پابند بیخوابی کہان تک
کہان تک گلفشانی چشم تر کے — کہانتک چاک دامانی جگر کے
لحاظ شکوۂ بیداد کب تک — خیال عصمت فریاد کب تک
کہانتک پاس شرم پردہ داری — کہان تک شرط ضبط دلفگاری
اوٹھین شعلی کہان تک داغ تن مین — رکی کبتک رہین نالی دہن مین
خلشہای سر مژگان کہان تک — غم بیرحمی جانان کہان تک
تقاضای دل مضطر کی حد ہی — جفاہای بت خودسر کی صد ہی
یہان لب پر یہ تقریر خیالی — وہان مشق غرور بیمثالی
یہان خصلت طلب صبر و تحمل — وہان اغماز آغاز تجاہل
یہان دل شعلہ زار شوق دیدار — وہان برق تغافل گرم بازار
یہان ہر دم تقاضای تمنا — وہان صبر آزمائی کار فرما
یہان شور جنون محشر در آغوش — وہان حکم عدو خاموش خاموش

یہاں شامِ مصیبت جلوہ افروز — وہاں سامانِ صبحِ روزِ نوروز
یہاں سو رنگ نگ و بدلتا — وہاں ہاتھوں میں مہندی غیر ملتا
یہاں احسانِ مرگ ناگہانے — وہاں کیفِ شبابِ کامرانے
یہاں ہنگامہ آرائی پہ نالہ — وہاں دورِ شرابِ بیرسالہ
یہاں سستی وہاں شوخی و شنگی — غرض ہر رنگ میں رنگِ دورنگی
اسی صورت سے گذری جب کئے سال — فلک نے اور پہینکا قرعۂ فال
غبارِ دشتِ رسوائے بنایا — برنگِ قیس سودائی بنایا
ہوئی بیگانگی اپنے سے پیدا — رمِ آہو ہوا سایی سی پیدا
لگا فرقِ آنی وضعِ خلل میں — لگا رہنے مزاجِ زیست بل میں
بڑھی بر ہم مزاجی مثلِ سنبل — ہوا نے قید شکلِ نکہتِ گل
برنگِ شورِ رسوائی جہان میں — لگا پھرنی ہر اک شہر و مکان میں
کشاکش سے جنون کی تنگ آکر — ہوا آمادہ ترکِ لکھنؤ پر
یہ سوچے عالمِ بیچارگی میں — کہ ہو چندی بسر آوارگی میں
تمنایِ وفا عصمت سے معلوم — یہ ارمان خوبیِ قسمت سی معلوم
یہاں رہکر جدا اوس شعلہ رو سے — جلائی کون دل داغِ عدو سے
غرض اکدن سرِ دیوانگی میں — بگڑ کر شیوۂ بیگانگی میں
چلا گھر سے برنگِ نبضِ مضطر — ہوا قربانِ خاکِ کوئی دلبر
تڑپ سی کچھ دلِ پرجوش ٹھہرا — وہاں دم بھر برنگِ ہوش ٹھہرا
کہا ای کوچۂ دلدار قربان — تصدق ای غبارِ کوئی جانان

عدو سمجھا ہی چرخِ مہ پیر مجکو — جدا کرنا ہے نے تقصیر مجکو
سمی مضمون فلک سمجھا رہا ہی — بلائی جان فریب مدعا ہی
قدم جمتی نہین مجبور ہون مین — یہ رنگِ دستِ شل معذور ہون مین
جنون کا حکم ہی گھر سی نکلیے — گریبان گیر ہی وحشت کہ چلیے
ترقی پر ہی احسانِ خرابی — اُمنگون پر ہی جوشِ اضطرابی
کہان مہلت ہی تکلیفِ درون سے — خبر کیا دون دلِ لبریز خون سے
نہایت مختصر ہی طولِ حسرت — خدا حافظ بس اب تکلیفِ خصمت
یہ کہکر مثلِ عہدِ نوجوانی — بڑہا وہ سروِ باغِ زندگانی
طپش دل مین برنگِ نبضِ مضطر — رواں اشکِ ندامت ہر قدم پر
زبان دلداریِ ضبطِ سخن مین — فغان خوابیدہ آغوشِ دہن مین
تحیر ہمتِ دیوانگی پر — تاسف رخصتِ فرزانگی پر
اسی صورت خیالِ این و آن مین — رہا سرگشتہ اطرافِ جہان مین
کبھی شہر و سکی دم سی جنت آباد — کبھی صحرا ہجوم آبادِ فریاد
کبھی گردِ رمِ وحشی غزالان — کبھی ہم صحبتِ نازک نہالان
کبھی ریگِ بیابان غازۂ رو — سوادِ شہر گاہے شامِ گیسو
غرض کچھ روز وہ مایوس امید — پھرا مثلِ نگاہِ یار سے قید
قضا را حسبِ حکمِ بخت ناکام — ہوا اک شہر مین داخل سرِ شام
عجب وہ شہر شہرِ دلبری تہا — طلسم آبادِ حسنِ کافری تہا
برنگِ عملِ اک فردوسِ ثانی — نہ کہتا داغ جورِ آسمانی

ہوا میں سحر دمِ عیسی کی تاثیر — نوازن ہر طرف مرغانِ تصویر
ظہورِ شانِ قدرت ہر مکاں سے — ملک کرتی زیارت آسماں سے
جوان ہر سمت مثلِ ہوشِ دانا — نظر کرتا تھا قدرت کا تماشا
کہ آیا سامنے اک مردِ درویش — برنگِ غنچۂ نورستہ دلریش
سراپا نے طمعِ صورت گدا کے — بھری دل میں ہوس یادِ خدا کے
حقیقت آشنا و معرفت کا — مقاماتِ ولایت سے خبردار
شرابِ ذوق سے دل مست و سرشار — سدا یادِ فراموشی میں ہشیار
نہ کہتا کچھ تعلق پاس باقی — مگر باقی کی دل میں آس باقی
شریف و پارسا و مرد دان تھا — لباسِ فقر میں سلطان نہاں تھا
کہا اوسنے کہ تو آیا کہاں سے — کہا آبادیِ ہندوستاں سے
کہا گھر کس دیار و نام مجھ میں — کہا جنت نظیرِ لکھنؤ میں
کہا مقصود اس غربت سے کیا ہی — کہا ترکِ تمنا مدعا ہی
کہا کافر ہی یا پابندِ اسلام — کہا بے قید کو مذہب سے کیا کام
کہا کس شغل میں رہتا ہی سرشار — کہا نفیِ عدد اثباتِ دلدار
کہا کچھ تو مصیبت آشنا ہی — کہا دل میں غمِ الفت بھرا ہے
کہا پھر کس لیئے محنت سفر کے — کہا ہون بوئے گل عادت سفر کے
کہا جائی گا آخر اب کہاں کو — کہا تقدیر لی جائی جہاں کو
کہا کیا یار سے اپنے خفا ہے — کہا یہ وہم بیجا آپ کا ہے
یہ سنکر رحم آیا نوجوان پر — لی آیا پیر سالہ اپنی مکان پر

رہا مصروفِ خدمت روز و شب وہ — کٹی راحت سی دل افروز شب وہ
سحر کو بعد مشقِ ورد و اشغال — ہوا پابوسِ مہمان وہ کمسال
وہی آغاز کی مہمان نوازے — وہی دی داد لطفِ سرفرازے
کہا کچھ دن یہین آرام کر تو — ٹھہر چندی بسر ایام کر تو
نہین حکمت سی خالی نکتہ ساز — کچھ اس مین مصلحت ہی مصلحت ساز
یہ سنکر مثلِ زلفِ خانہ بردوش — رہا وہ نوجوانِ خود فراموش
کشش دلکش کا دل مین جو پائے — طبیعت اسکی سوی فقر آئے
کیا قطع تعلق این و آن سے — ہوا برخاستہ خاطر جہان سے
ہوس پیدا ہوئی طاعت کے درپے — زبان رہنی لگی صرف مناجات
اکیلا بیشتر خلوت مین رہتا — مراقب کثرت وحدت مین رہتا
قصارا بعد چندی شیخ فانی — ہوا داغِ وفایِ زندگانی
جوانے پر کچھ آیا عہدِ پیری — ہوئی پیدا ہوایِ دستگیری
لگا ہر موی تن کرنے گرانے — پڑے ہی تکلیفِ زور نا توانے
ہوا عمرِ فنا کا مختصر طول — سدھارا سوی جنت مرد مقبول
رہا وہ بوریایِ فقر خالی — ہوئی تجویز اعیان و اہالی
رہے جاروب کش شام و سحر یہ — کری اوقات طاعت مین بسر یہ

داستان جانا جوان کا طرف باغ سلطانے کی اور عاشق ہونا دختر پیکر پادشاہ کا

خدا راہان کوئی انداز سا تھے — ادہر بہی اک نگاہِ ناز سا تھے

جمالِ دخترِ رز روبرو ہے — نظر محشر فروشِ آرزو ہے
برنگِ رنگِ نیرنگِ زمانہ — بدلتا ہی نئی صورت فسانہ
کہ اکدن وہ جوانِ پیکرِ غم — اوٹھا گھر سے برنگِ شورِ ماتم
بڑھا مثلِ نسیمِ صبحگاہی — سوے بستانسرایِ پادشاہی
کہ شاید کچھ تسلی ہو جگر کو — قرار آئی دلِ وحشت اثر کو
ہوا کھاتا ہوا باغِ جہان کے — ہوا خدمت مین حاضر باغبان کے
کہا ای نونہالِ دلربائے — چمن پیرایِ باغِ آشنائے
یہان مین بلبلِ بی آشیان ہون — ابھی نادیدہ لطفِ بوستان ہون
تمنا ہی کہ رویِ گل کو دیکھون — ہوس ہی اک نظر سنبل کو دیکھون
لگاؤن سرو کو دم بھر گلے مین — نکالون یاسمین ہی حوصلے مین
سوے نرگس نگاہِ شوق ڈالون — گلِ لالہ کو چھاتی سی لگالون
زبانِ برگِ سوسن لون دہن مین — لبِ رنگینِ گل چوسون چمن مین
نہ گذرون شوخیِ طبعِ رسا سے — کرون اٹکھیلیان بادِ صبا سے
مزاجِ گل جو پاؤن ہمزبان مین — عنادل سی کرون بحثِ فغان مین
دکھاؤن گرمیِ فریاد کیا کیا — جلاؤن خاطرِ صیاد کیا کیا
جماؤن رنگ یہ اپنے سخن کا — کہ ہو دم بند مرغانِ چمن کا
کہا گلچین نے ختمِ گفتگو پر — چمن صدقے کیا اس آرزو پر
یہ گلشن کیا اگر باغِ ارم ہو — فدایِ بوسۂ خاکِ قدم ہو
اجازت باغبان نی راہ کی دی — صدا غنچون نی بسم اللہ کی دی

چمن مین آمد آمد کا ہوا غل — کلی ملنے کو دوڑی نکہتِ گل
ہوئی جب باغ کی در تک رسائی — قدم لینے ہوائے جنت آئی
نظر جس نخل پر پونہچی نہ سر کے — نہ پائی شوق نی فرصت سفر کی
گلون کی عارضِ رنگین جو بہائی — پکارا دل کہ ٹھہرو ہم بہی آئی
ثمر کو سبجدی مین افتادگی تہی — درختون مین مسلمانی دگی تہی
بہرا دامانِ گل پاکیزگے سے — دلِ غنچہ لہو دوشیزگی سے
نظر آیا عجب سامانِ گلشن — ہوئی ہوش خرد قربانِ گلشن
جلایا گرمیِ گلہای تر نے — لپک دی شعلۂ داغِ جگر نے
کبہے بیرحمیِ دل یاد کرتا — کبہے بیساختہ فریاد کرتا
کبہے مستانہ دل مین جوش آتا — کبہے مانندِ سبزہ لوٹ جاتا
کبہے کرتا طوافِ عارضِ گل — کبہے سنتا فغانِ دردِ بلبل
کبہے مثلِ صبا پہرتا چمن مین — کبہے بوہو کی چہپتا یاسمن مین
کبہے نرگس سی آنکہین چار کرتا — کبہے سوسن سی شوق اظہار کرتا
غرض محوِ چمن تہا مثلِ بلبل — کہ قسمت نے کہلایا اور بے گل
رئیسِ شہر کی دختر قضا را — کسی غرفی سی تہی ہنگامہ آرا
بلا بالا قیامت چال اوسکی — جفا اک عادتِ پامال اوسکی
طبیعت مین مزا عاشق کشی کا — ترحم خاص موجب ناخوشی کا
بسوے تو جوان وہ ماہ پارہ — ہوئی منت کشِ لطفِ نظارہ
دلِ مشتاق مین اک جوش آیا — محبت نی جگر کو گدگدایا

ہوا عالم دگرگون ماہ وش کا
لیا احسان آہِ نیم کش کا

اوٹھایا سر فغانِ بی صدا نے
زبان چوسی سکوتِ مدعا نے

ہوئی قفلِ دہن رسمِ خموشی
حیا کرنے لگے نشتر فروشی

جگہہ کرنے لگی کاوش جگر مین
لگی بڑہنی تراوش چشمِ تر مین

جوان راہے ہوا جسم چمن سے
ہوا غم آشنا رشکِ سمن سے

اوٹھی یہ مثلِ موجِ شعلہ بیتاب
گری مانندِ اشکِ چشمِ پر آب

اوا کیسی ضعف نی رسمین وفا کے
خبر دی غش نی تکلیفِ قضا کے

زمین پر وہ بتِ پیچیدہ گیسو
سراپا صورتِ تصویرِ جادو

نہ ابرو مین وہ سامانِ اشارہ
نہ آنکھون مین وہ آشوبِ نظارہ

نہ وہ لب آشنا حرفِ سخن سے
نہ وہ حرفِ سخن پیدا دہن سے

نہ وہ عشوہ نہ وہ غمزہ پری کا
نہ وہ عالم مزاجِ دلبری کا

کوئی رشکِ چمن تہی اوسکی ہمراز
بشکلِ روح و تن ہر وقت دمساز

ہجومِ جوشِ غم سی جی بہرایا
زمین سی اوسکو مثلِ ناز اوٹھایا

لیا آغوش مین دلبر کیصورت
سنبہالا خاطرِ مضطر کیصورت

افاقہ جب ہوا وہ رشکِ تصویر
چلی کہنی ہوئی ای وای تقدیر

اوسی کیفیتِ جوشِ بلا مین
ہوا رونق فزا دولتسرا مین

چھپایا رازِ دل ہر فتنہ جوسی
رکہا محروم لب کو گفتگو سے

بظاہر خندہ زن دلشاد رہتے
جگر مین حسرتِ فرہاد رہتے

سحر سی شام تک وہ سرو آزاد
بسر کرتی تہی یون ہین شاد نا شاد

جب آئی رات یعنی پردۂ راز — نقابِ چہرۂ یارانِ دمساز
اکیلی گوشۂ خلوت مین آتی — وہ کثرت چھوڑ کر وحدت مین آتے
خیالے کھینچے شکلِ جوان کو — صنمخانہ بناتے اوس مکان کو
برنگِ شمعِ بزمِ جانگدازے — کیا کرتی سحر تک عشقبازے
کبھے حالِ دلِ پرداغ کہتے — کبھے افسانہای باغ کہتے
کبھے کہتے کہ ای دلدارِ جانے — عروجِ نشۂ جوشِ جوانے
نہ کیونکر دل مین تیری آرزو ہو — تصدق اوس بغل کی جسمین تو ہو
کبھے کرتے بیانِ سوزِ درون کا — کبھے شکوہ دلِ لبریز خونکا
کہ فرقت سے تری مین خستہ جان ہون — صدایِ خندۂ زخمِ نہان ہون
لگی ہی آگ ہر داغِ کہن مین — زبان مانندِ شعلہ ہی دہن مین
نہ کوئی چارہ گر میرا نہ غمخوار — مین ہون مانندِ چشمِ یارِ بیمار
سدا آنچل ہی منہ پر درد دل کا — مرا چہرہ ہی چہرہ منفعل کا
یہ آنکھین یا بہارِ بوستان ہین — برنگِ چشمِ بلبل گلفشان ہین
ہمیشہ تیرہ بختی اوج پر ہے — فلک کا ہی کو ہی دودِ جگر ہے
بہر ہر آنکھہ مین جوشِ بلا ہے — شبِ غم تو تیایِ چشمِ وا ہے
وہ ہون بیدار مثلِ چشمِ کوکب — مری ہر آنکھہ ہی پیمانۂ شب
ذرا فرقت مین دیکھہ ای یار آنکھین — عوض طالع کی ہین بیمار آنکھین
یہان تک ناتوانی زور پر ہے — کہ بارِ آسمان تارِ نظر ہے
جگر سے لب تک آنا آہِ غم کا — سفر ہی منزلِ ملکِ عدم کا

خموشی سے ہمیشہ گفتگو ہے — نفس بہر دہن تار رفو ہے
غرض تا صبح وہ مہر دل افروز — بیان کرتی تھی احوال جگر سوز
شب غم جس گھڑی روپوش ہوتے — برنگ شمع یہ خاموش ہوتی
بساط خواب سی غمناک اوٹھتی — سحر آسا گریبان چاک اوٹھتی
برنگ خندہای عیش و آرام — جلیسون مین بسر کرتی تھی تا شام

داستان بر ملا ہونا راز عشق کا اور جانا دخت کا قید خانی مین

پلا ساقی مے پر جوش مجکو — بنا اپنی طرح بیہوش مجکو
کہ جس سی پردہ اوٹہ جائی حیا کا — بنون آئینہ عشق خود نما کا
اوٹھاؤن ناز سوائی جہان مین — لقب میرا ہو سودائی جہان مین
اسیری مین رہون دلگیر کچھ دن — سنون مین نالہ زنجیر کچھ دن
چمن پیرا بہار داستان کا — دکھاتا یون ہی رنگ اپنی بیان کا
کہ مدت تک بت راحت فراموش — رہی مثل زبان شمع خاموش
بسر کی زندگی ضبط نفس مین — چھپایا شعلے کو دامان خس مین
ہوا آخر یہ عشق فتنہ سامان — برنگ بوی گل چھپ کر نمایان
حجاب شیشہ لبریز بادہ — ہوا غماز قلقل سی زیادہ
وہ رخ یعنی بہار نوجوانے — ہوا ہم جلوہ برگ خزانے
قلق مین وہ مثال ہیتالے — ہوئی ہمرنگ تصویر خیالے
نہ وہ ارمان رہا سیر چمن کا — نہ وہ عالم بہار یاسمن کا

نہی وحشت مین زلفِ عنبر افشان | برنگِ عاشقِ مفلس پریشان
انیسون نے جو دیکھا غم سی پامال | کہا قربان صدقے کیا ہی یہ حال
تردد کس لیے دنرات کا ہے | ابھی ہی غم تمہین کس بات کا ہے
ہجومِ ضبط و استغنا کیون ہے | خموشی صورتِ تصویر کیون ہے
ہر اک دم کیون ہی دم کی نوحہ خوانی | اجل مشتاق کیون ہی زندگانی
یہ کاہش ہی دلِ غمناک مین کیون | ملائی ہو جوانی خاک مین کیون
یہ پہلے نالہ شبگیر کب تھا | زبان پر شکوۂ تقدیر کب تھا
جگر کو آہ کی رخصت کہان تہی | نظر ہمصحبتِ حسرت کہان تہی
پُر ارمان تہا دلِ ناشاد کس دن | بڑہی تہی ہمتِ فرہاد کس دن
خدا کے واسطے دل کو سنبہالو | خیالِ این و آن پر خاک ڈالو
ہمین عرضِ خبر تہی شرط یکبار | اب آگے تم ہو اپنی دل کی مختار
یہ سنکر محرمانِ باوفا سے | جہکایا سر کو احسانِ حیا سے
اوٹہی کہنچی ہوئی وہ غم کی تصویر | ابھی کیا کیا نہ سنوائی کی تقدیر
اکیلی گوشۂ خلوت مین آکے | گری فرشِ زمین پر جوش کہا کے
بہر آیا غم سی جی خالی مکان مین | لگے رونی خیالِ نوجوان مین
ہوا گرمِ سفر شعلہ جگر سے | اوٹہا طوفانِ گریہ چشمِ تر سے
ہوئی مصروفِ شیون دل رباوہ | بنی ماتم سرا خلوت سراوہ
بڑہی جب انتہا شورِ فغان کے | ہوئی بی پردگی رازِ نہان کے
جہلیسونمین لگا ہونی یہ چرچا | کہ اس شکِ پری کو غم ہے کیسا

جب سے ہے نشان سب ہین ہویدا — مقرر ہے کسی خوشرو پہ شیدا
وہی حسرت بھری ارمان جگر مین — وہی الماس ریزی چشمِ تر مین
وہی کاہش وہی بیتابیِ دل — وہے ہر دم غبارِ رقصِ بسمل
وہے پیمانہ لب آہ و نالہ — وہے سینہ بھارِ داغِ لالہ
وہے تکلیفِ دل خسے ہویدا — وہی رازِ نہان ظاہر سی پیدا
وہے آنکھون سی ہنگامِ نظارہ — عیان بیخوابیِ چشمِ ستارہ
وہے مہرِ خموشی نقطۂ خال — وہی ابر و زبانِ شکوۂ حال
غرض سبکو اسی کی جستجو تہے — کہون کیا ہر زبان ہر گفتگو تہے
جب آئی یہ خبر گوشِ پدر تک — لگی تلوون سی پونہچی مغزِ سر تک
تپِ غیرت سی دل مین جوش کہایا — پرستارانِ خدمت کو بلایا
کہا کیا حال ہی رشکِ پری کا — سبب کیا ہی سبب نوحہ گری کا
طبیعت کیون مصیبت آشنا ہی — جنون ہی خبط ہی وحشت ہے کیا ہی
تعلق کس لیی آوارگی سے — غرض کیا گریہ بیچارگی سے
خطابِ شاہ سنکر ہر پرستار — ہوئی یون جلوہ بخشِ حسنِ گفتار
کہ ای تاجِ سرِ اقبالمندان — عروجِ اعتبارِ سربلندان
خبر اس حال سی ہمکو نہین ہے — کہ غم مین کس لیے یہ نازنین ہے
گذرتے ہے دلِ غمناک پر کیا — بلا ہی خاطرِ بیباک پر کیا
قرینے سے کچھ ایسا جلوہ گر ہے — کہ تیرِ عشق دل مین رخنہ گر ہے
ہوا ہو گو سوا اسکے بھی شر کچھ — مگر ہمکو نہین اصلا خبر کچھ

یہ سنکر وہ گہر بیز کہنہ دمساز ہوئی مصروف عرض قصۂ راز
دکھائی سحر پرداز ی زبان کے نئی صورت سی کیفیت بیان کے
کہ ای شاہ خداوند زمانہ مفصل یون ہے مجمل فسانہ
کہ اک دن اک جوان رشک پری زاد سراپا مثل بوی گل چمن زاد
عیان رخ سی شباب آرزو تھا ابھی آغاز خط نادیدہ رو تھا
نمایش جلوہ گر ہر حال مین تھے جوانی رسم استقبال مین تھے
تقاضای تمنا سے مکدر تماشائی تھا ہر جانب وہ شہ در
ہجوم شوق دل سی اوسکو ناگاہ پسند آئی ہوای گلشن شاہ
بہار آسا ہوا داخل چمن مین لگا پھرنے خیابان سمن مین
کسی غرفی مین دختر سیمبر تھے نظر سوی جوان گرم سفر تھے
قضا را صورت عشاق یکدم ہوئین نظرین جدا مل مل کی باہم
جوان رخصت ہوا گلشن ہی کو ہوا مائل مزاج غش ادہر کو
ہوا سینہ برنگ شانہ صد چاک لیا بستا یون ہی بوسہ خاک
یہی ہی سرگذشت دختر شاہ یہی ہی ماجرای درد جانکاہ
یہی ہے غلغلہ شور جنون کا یہی افسانہ ہے حال زبون کا
ہے وجہ بیان ہر چار سو ہے اسی کی کشمکش جمت مین گفتگو ہے
سپرد ہمت تقدیر کیجے نہین جو ہوسکے تدبیر کیجے
یہ سنکر پادشہ آیا محل مین تردد سی مزاج راست بل مین
کہا باخود سی حال عشق دختر سنا یا قصۂ آشوب محشر

گئی جب یہ خبر تا گوشِ بانو
ہوا رو پوش کیسر ہوشِ بانو

غضب لایا مزاجِ گرمجوشے
ادا کی ضبط نی رسمِ خموشے

ندامت نی عرق افشاں جبین سے
کدورت دھوئی خسارِ زمین سے

نہ سوجھی جب کوئی بانو کو تدبیر
کیا رشکِ پری کو پا بزنجیر

رکھا زندان مین بہرِ مدتِ چند
بشکلِ مردمِ دیدہ نظر بند

وہ زندان یاد دہانِ اژدہا تھا
کہ پیغامِ مصیبت دی ہا تھا

عجب تاریک تیرہ و مہل تھا
سویدائی دلِ لفظِ اجل تھا

جگر سے منفصل ارمان نکلتا
ہر اک نالہ عقل افشاں نکلتا

نظر آتی نہ ظلمت نی کہین راہ
پیشکے سر درو دیوار سے آہ

ہوا ہی کرم صرفِ سینہ تابی
اتل ہی میہمان خانہ جانی

نہ کوئے ہمنفس جز نالۂ دل
نہ ہم صحبت کوئی جز دمتِ مشکل

نہ کوئے رازدان جز دردِ پنہان
نہ کوئے غمگسار دل مگر ہان

وفا کرتا تھا عہدِ گرمجوشے
کبھے نالہ کبھے شورِ خموشے

قلق ہوتا جو تنہائی سے جی کو
لگا لیتے گلے ہی بیکسی کو

اوسی زندان مین وہ رشکِ زلیخا
رہے مدت کہ مثلِ نخلِ بیدا

داستان مشورہ کرنا بادشاہ کا ارکان ریاست سے اور عرض کرنا وزیر کا مناسب

پلا ساقی شرابِ نکتہ داں سے
کہ جس سے چمکے رنگِ خوش بیانے

بناؤن جملۂ شادی زبان کو
سنوارون اس عروسِ داستان کو

بہار وصل ہو پیدا رقم سے — کِل شادی کھلین شاخ قلم سے
رہا ہون دام سے مانند بلبل — پھرون بی قید مثل نکہت گل
زبان دان عالم رمز سخن کا — ادب آموز یون ہی اہل فن کا
کہ جب ان باپ ہر سحر و فسون سے — ہوئی مجبور تدبیر جنون سے
مشیران ریاست کو بلا کر — کہا افسانہای عشق دلبر
بیان کی داستان زخم جگر کے — عیان کی خونفروشی چشم تر کے
کہا افسانہ احوال بون کا — سنایا قصہ تکلیف جنون کا
ہر اک دانا سے وہ محو حکایت — بیان کرتا رہا حرف شکایت
کہا آخر کو یہ مطلب مرا ہے — بتاؤ تم صلاح وقت کیا ہے
ہر اک نی سنکی یہ حال جگر سوز — کہا شہ سنی کہ ای مہر دل افروز
ازل سی عشق کا فرماجرا ہی — بلای جان سلطان و گدا ہی
ہزارون کی جگر پانی کیی ہین — بہت دل اسنی طوفانی کیی ہین
ہر اک کی لب پہ شور الامان ہی — زمانہ اس سی لبریز فغان ہے
جہان ہین اسکی افسانی ہین مشہور — کہین سایہ ہی یہ کافر کہین نور
کبھے یہ لیلے محمل نشین تہا — کبھے داغ دل قیس حزین تہا
کبھے شیرین کی تہا آوارگی یہ — کبھے خسرو کی تہا بیچارگی یہ
کبھے رنگ فریب پیرہن تہا — کبھے پیغام مرگ کوہکن تہا
کبھے ارمان دل پر جوش کا ہی — کبھے نالہ لب خاموش کا ہی
کبھے کعبی مین یہ لبیک خوان ہے — کبھے ناقوسی دیر مغان ہے

کبھی داغ دلِ مایوس دیکھا | کبھی رنگِ کفِ افسوس دیکھا
بہر صورت یہ عشقِ فتنہ ایجاد | فلک کا ہی ستمگاری میں اُستاد
یہ وہ سودا ہے جو اچھا نہو گا | مسیحا سے علاج اسکا نہو گا
خبر دیتے ہے عقلِ دور بین یہ | سپہرِ نوجوان ہونا زمین پہ
برسمِ عقد و آئینِ مقرر | گل و بلبل رہین یک جا تو بہتر
سوا اسکے نہین تدبیر کوئے | مٹا سکتا نہین تقدیر کوئے
یقین ہے ولولہ دیوانگے کا | اثر پیدا کری فرزانگے کا
ملی فرصت خلشہای درون سے | سبکدوشی ہوا حسانِ جنون سے
یہ سُنکر مشورہ اہلِ خرد کا | نہ پایا شہ نے موقع حرفِ رد کا
پہنا درویش کا آخر لگایا | بہانے سی قدمبوسی کی آیا
ادا ہر طرح رسمِ آبرو کے | ادب سی التماسِ گفتگو کے
فسون آمیز کہہ سنکر فسانہ | لے آیا نوجوان کو تا بخانہ
اوسی بستانسرای بیخزان کو | دیا بھر اقامت نوجوان کو
کئی خادم حسین و دلکش طرحدار | حضوری مین کئی آمادہ کار
کنیزین آشکِ سروِ جویباری | ہوئین حاضر پی خدمتگزاری
پہری دن بخت جسمِ پارسا کے | لیی بوسے قبائی وقت پا کی
کلاہِ خسروانے زیبِ سر کے | ملی ادبار کو رخصت سفر کے
غذای روح پرور قوتِ جان | ہوئی لذت فروشِ کامِ مہمان
نشاط و عیش و لطفِ زندگانی | عیان ہر سمت جوشِ کامرانی

فروغ نیر اقبال جمکا — نحوست نی لیا رستہ عدم کا
ولی یا این ہمہ وہ مست مدہوش — عروس یاد عصمت سی ہم آغوش
وہ صورت چاندسی پھرتی نظر مین — سحر ہوتے شب غم چشم تر مین
یہی کہتا کہ یہ سامان کیا ہی — کہان ہون کسکی یہ دولت سرا ہے
سبک وہ تھا کہ ہر دلپر گران تھا — مین ایسی بزم کی قابل کہان تھا
فلک کیون مہربان مجھپر ہوا ہی — جفا کی بدلی کیون رحم آشنا ہی
یہ سب ناز و تنعم ہی بہانہ — نیا افسون ہی کچھ سو چا زمانہ
خلشہای مصیبت دیکھتا ہون — دکھاتی ہی جو قسمت دیکھتا ہون
غرض ہنی لگا درویش مہمان — فلک کی شعبدہ بازیسی حیران
فضلا ایکدن شاہ زمانہ — ہوا ہم بزم درویش یگانہ
ندیمان و عمائد سب عقب مین — ارا کین ریاست سب سے چپ مین
پس آئین و آداب ملاقات — ہوئی سب سے منوشرح وحکایات
باخر حسن تقریب بیان سی — کہا دستور اعظم نے جوان سے
نہی قسمت کہ ہم فیض قدم سے — ہوئی افزون سر افراز یمین حرم سے
پڑا سایہ جو سنگ آستان پر — دماغ خاک پا ہی آسمان پر
دہن سی شکر احسان شاد ہوکر — نکلتا ہے مبارکباد ہوکر
خصوصاً خسرو عالی نسب کو — وہ عشرت ہی کہ ہو عالم مین سب کو
خوشے سی صوت غنچہ چمن مین — نہین پہولا سماتا پیرہن مین
جگر آباد ہی دل شادمان ہے — تمناؤن سی اپنی کامران ہے

مگر یک شوقِ پنہان جان گسل ہے — ابھی اک شعلہ تابِ داغِ دل ہے
یہ ارمان ہی جگر مین آرمیدہ — بنائی تم سکو اپنا نورِ دیدہ
کری پیوند دخترِ نازنین سے — ملائی نقش کو لوحِ نگین سے
یہی امید ہی دورِ خلل مین — تعجب کیا بر آئی آج کل مین
یہ سُنکر وہ جوانِ خستہ احوال — لگا کہنی کہ ای مردِ خوش اقبال
کرون کیا شکر بندہ پروری کا — بیان کیونکر ہو احسان گستری کا
کیا قطری کو لطفِ شہ نے طوفان — بنایا ذرّی کو مہرِ درخشان
جو کچھہ ارشاد ہوتا ہی زبانے — کرم احسان عنایت مہربانے
زیادہ آرزو کرنے غضب ہی — مری آئین مین ترکِ ادب ہی
حقیقت مین ذلیل و خوار تہا مین — غبارِ کوچۂ ادبار تہا مین
اسیرِ حلقۂ آوارگے تہا — شکارِ ناوکِ بیچارگے تہا
کہان ذرّہ کہان خورشیدِ افلاک — چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک
کرون منظور گر تیری بیان کو — کہی گی خلق کیا شاہِ جہان کو
کہ اک مردِ جہانِ بینوائی — مصیبت زادہ کوی گدائے
نمک پروردۂ فاقہ ازل سے — سیہ کاسہ زیادہ تر زحل سے
برنگِ آسمانِ تیرہ اختر — قناعت اک ردائے نیلگون پر
کہین بہی وہ غمِ رسوائی دہر — ہوا مانندِ فتنہ وارِدِ شہر
نہ پوچہی شاہ نی کچھہ اصل و بنیاد — کیا ہم بسترِ دخترِ پری زاد
خلافِ شانِ عقلِ دوربین ہے — یہ مضمون قابلِ تحسین نہین ہے

قبول طبع کیونکر یہ سخن ہو
کہ عقل شہ پہ عالم خندہ زن ہو

کہانی یہ سنکر ای جہان گرد
مصیبت زادہ واندوہ پرورد

فریب افزا یہ انداز سخن ہے
فسون ہی مکر ہی حیلہ ہی فن ہے

سمجھتے ہین تکلف خیز باتین
عبث ہم سی فسون آمیز باتین

رضای ما بدولت ہی اسی مین
نہ لاؤ کچھہ خیال خام جی مین

کرو کوتاہ طول داستان کو
رکھو موقوف عذر این و آن کو

یہ سنکر مثل خمہ پیش سلطان
سر مہمان ہوا وقف گریبان

جمایا رنگ خاموشی نے اپنا
بنایا خود فراموشی نے اپنا

کہا دل نی کہ ای شوریدہ آہنگ
عبث تقدیر سی کرتا ہی جنگ

ندی تکلیف عقل نارسا کو
ذرا کر یاد قول پارسا کو

یہان سود و زیان تکرار مین ہے
غضب کا سامنا انکار مین ہے

کہان تک یہ نیاز و ناز آخر
بقول سعدی شیراز آخر

خلاف رای سلطان رای جستن
بخون خویش باید دست شستن

نہ کام آئی کوئی افسون بنائے
کیا ناچار قصہ زبانے

شہ والا گہر اوٹھا وہان سی
ہوا رخصت فقیر مہمان سے

بہت محظوظ و خوش آیا محل مین
نوید مدعا لایا محل مین

سنا بانو نے حال نوجوان کو
کیا شکر ادا شنا نطق زبان کو

کہا اخر شناسون سی زبانے
بتاؤ کیا ہے شکل آسمانے

خبر دو گردش شمس و قمر سے
کرو واقف فلک کی خیر و شر سے

پے شادی کوئے تاریخ بہتر | کرو تقویم کے رو سی مقرر
اونہون نے دی دعا شاہ جہانکو | زبان پر لائے یون حرف بیانکو
کہ زہرہ مشتری دونون برابر | پڑی ہین ایک ہی خانی مین آکر
اسد مین نیر اعظم ہی داخل | قمر فی قوس مین پائی ہی منزل
دو پیکر مین عطارد آگیا ہی | زحل بہی دلو مین صورت نما ہی
ستارون کی بہت اچہی نظر ہے | سراپا دوستے راحت اثر ہے
پسند خاطر اقدس اگر ہو | شب یکشنبہ عقد سعید ہو
یہ سنکر شہ نے فرمایا بہت خوب | یہی ہی ما بدولت کو بہی مرغوب
دیا ختہ شناسون کو بہت زر | کیا رخصت بجاہ و شوکت و فر
وزیرون سی کہا شہ نے بتکرار | کہ ہو سامان شادی جلد تیار
خزانہ صرف راہ مدعا ہو | توانگر ہو کہ محتاج و گدا ہو
یہ سنکر حکم سلطان زمانہ | ہوا صرف سامان وہ یگانہ
پری دختر ہوا حکم رہائے | کہ دو آغوش زندان سی جدائے
سیہ خانے سی وہ دلگیر نکلے | بشکل نالۂ زنجیر نکلے
ملی آکر انیس و مہربان سے | کہی گذری ہوئی ہر راز دان سے
شب تکلیف زندان کی کہانی | بیان کی ہمنشینون سی زبانی
اونہون نے صورت شادی بیان کے | مبارکباد دی وصل جوان کے
سنایا مژدہ جیسا مشتہر تہا | کہا جو ماجرا پیش نظر تہا
یہ سنکر دلمین وہ حیران ہوی سخت | لگی کہنی کہان ایسی مری بخت

یہی دن گر مری قسمت دکھاتی — تو وحشت کا ہی کو یہ رنگ لاتی
طبیعت کیون جنون تاثیر ہوتی — مجھے کیون حاجتِ زنجیر ہوتی
کہا سب کچھ مگر جوشِ تمنا — ہوا جو یاسِ اغراضِ مدعا کا
امید و یاس مین وہ ماہ پارہ — ہوئی ہر سمت سرگرمِ نظارہ
کہ رنگین چار دیوارِ مکان ہے — زمین ہمرنگِ صحنِ آسمان ہے
تکلف سی بچھی ہین جا بجا فرش — بساطِ خاک ہی آئینۂ عرش
ہجومِ ماہرویان چار سو ہے — تماشا گردِ راہِ آرزو ہے
دوبالا ہی ہر اک کا حسنِ کامل — بنا ہی غازہ رو رنگِ محفل
عسائد جلوہ بخشِ انجمن ہین — برنگِ غنچہ گلگون پیرہن ہین
صراحی سجدہ مستانہ مین ہے — ادائے خدمتِ پیمانہ مین ہے
نگاہ مست گرمِ نازِ ساقی — طلبگارِ حواس و ہوشِ باقی
بلند آہنگ ہین نغمے برابر — سکوتِ وجد مین ہے شورِ محشر
یہ عالم دیکھکر بولی کہ قربان — زہی قدرت زہی صنعت زہی شان
اسی عرصی مین وقتِ شام آیا — فروغِ صبح نے انجام پایا
کیا خورشید گردون نے کنارا — عروسِ شب نے زلفون کو سنوارا
ہوا گرمِ صحبت کا بہانہ — دیا ہر شمعِ محفل نے زبانہ
چراغون کا یہ حسنِ شعلہ چمکا — ہوا دیوار پر عالم شفق کا
بنا کر میہمان کو شاہ نوشاہ — لی آیا بزم مین با شوکت و جاہ
ہوا ہنگامۂ عشرت دوبالا — طرب نے حوصلہ دل سے نکالا

منگاہون نے جو کی تکمیلِ احسان + پھر اپنی قدرت کاملہ کی شان +

ہوئی سے پردہ دخت رز سیہ سی — لگی کرنے لگاوٹ آرزو سی
مئی ساغر نی نکہت جوش کے دی — لب ساقی نی رخصت نوش کے دی
حدیث قلقل مینای لبریز — ہوئی ایمان فروش زہد پرہیز
سر تقوے خمار آلودہ ہو کر — گرا بہر تلافے پای خم پر
پشیمان شرم توبہ دل سی نکلے — چھپا کر منہ سر محفل سے نکلے
نہ سنتا پند واعظ کوئے مینوش — ہر اک تہا مثل مینا پنبہ در گوش
ہوا برق بلا انداز رقاص — لگا گھر کرنے دل مین ناز رقاص
موافق ساز سے آواز ہو کر — ہوئی پردی سی باہر راز ہو کر
وہ انگیز بدن انداز کے ساتہ — وہ لینا منہ پہ آنچل ناز کی سات
وہ موج بوی گل ہر ہر کلائے — دکہاتی تہی ادای خوش ادائے
کہے تو پہیرتے وہ حور ثانے — سر فتنہ پہ دست مہربانے
کبہے کج انگلیون سی ماہ پارہ — قیامت سی تہی سرگرم اشارہ
صدای صور تہی گہنگرو کی جہنکار — ہوی خوابیدگان خاک بیدار
اسی صورت سی باصد عیش و آرام — ہوا آغاز شب مشتاق انجام
رہی آخر گہڑی بہر رات باقی — ہوا کم وہ عروج جام و ساقی
میان بزم ساز و محفل سوز — ہوئی اہل شریعت رونق افروز
ملا کر شکل زہرہ مشتری سے — کیا عقد جوان شک پری سے
کہلے غنچے دلون کی صورت گل — مبارکباد کا ہر سو ہوا غل
فراغت پائی خویش و اقربا نے — لگے ہر سمت بجنی شادیانے

سمٹ کر اسمین دامن طول شب کا — بنا آنچل رخ صبح طرب کا
چھپا مہتاب آغوش سحر مین — ہوا خورشید نور افشان نظر مین
بشکل ہمت ابر گہر بار — ہوا آمادہ بخشش جہاندار
امیرون کو بصد توقیر و اعزاز — کیا انعام و خلعت سے سرافراز
غریبون پر بشکل ابر نیسان — ہوا فی قید ہمت گوہر افشان
وہ دن مانند صبح عید و نوروز — رہا تا شام عیش افزا الم سوز
ہوا جب گیسوے شب مثل دامن — نقاب چہرہ خورشید روشن
دگرگون ہو گیا عالم جہان کا — طلسمے رنگ چمکا آسمان کا
بشکل چشم مشتاق نظارہ — ہوا سرگرم شوخے ہر ستارہ
اوٹھے شعلے دلون مین آرزو کے — ہوئی مشتاق لب یاد ہو کے
عبادت مین ہوئی مصروف زاہد — ہوئی عشاق ہم آغوش شاہد
لپٹ کر شوق باہم کے بہانے — لگی دل کی لگی دل ہی بجھانے
لب مینا ہوئی قاتل کی مشتاق — کیا شیشون نے عزم جرعت طاق
لگے ملنے سبو ساغر گلے سے — لگی مستی ٹپکنے حوصلے سے
ہجوم آرزو جب رنگ لایا — جوان بھی بزم سے خلوت مین آیا
بٹھایا ہمدمان گلبدن نے — چھپایا منہ کو گھونگھٹ مین دلہن نے
جلیسون نے شرم درخت سیمبر سے — ہوئین پنہان نظر آسا نظر سے
بجز تصویر دیوار مکان کے — نہ باقی رہ گیا کوئی جہانگے
ہوئی حاصل جو تنہائی جوان کو — لیا آغوش مین آرام جان کو

بنی بوی عروسی موج بادہ | بڑھی کیفیت مستی زیادہ
گل رخسار سی گھونگھٹ اوٹھا کی | لیے بوسے لب نگین ادا کے
ہجوم جوش کیف موجزن مین | زبان رشک گل لی لی دہن مین
ہوا پھر وقف دست کامرانے | ترنج نخل باغ نوجوانے
نکالے حوصلے دست ہوس کے | لیے بوسے نصیب دسترس کے
تمنائے نہ اسیر اکتفا کے | بڑھی حسرت حصول مدعا کے
لگین ہونی ہم دیرینہ گہاتین | سو جہائین شوق نی کچھہ اور باتین
زیادہ تر طبیعت رنگ لائے | عبارت چھوڑ کر مطلب پر آئے
سر الماس کچھہ کاوش پر آیا | گہرنے لعل کا جوبن دکھایا
تڑپ کر رہ گئی دختر پریزاد | مزا دینے لگی آہستہ فریاد
بہر صورت پی راحت فروشی | رہی کچھہ دیر باہم گرمجوشی
ترنج جب ہوئی ابر ہوس کی | ہوئی کچھہ انتہا آغاز بس کی
بشکل طبع و تخییل مجسم | ہوئی آخر جدا اہل دل کی باہم
جوان سی دختر شاہ یگانہ | کہا کی صبح تک دل کا فسانہ
وہ عالم لطف گلگشت چمن کا | وہ قصہ وہ عشوہ حیلہ فن کا
وہ ہونا ہر ملا راز نہان کا | وہ کہانا طیش بانوہی جہان کا
وہ تکلیف اسیری کی کہانے | وہ زنجیر جنون کی مہربانے
وہ بیتابی سی دل کا ساز کرنا | وہ اپنے بیکسے پر ناز کرنا
غرض گذرا تہا جو قصہ غم | کہا کی رات بہر با چشم پرنم

جوان ہی داستان اپنی وطن کے | حکایت گردش چرخ کہن کے
سبب ہر وقت رنج بی سبب کا | بیان تکلیفہای روز و شب کا
جہان مین خستہ و دلریش پھرنا | بنا کر صورت درویش پھرنا
تمام احسان جو رب آسمانے | بیان کرتا رہا یک یک زبانے
سحر کو جب خمار آلودہ خواب | اوٹھا بستر سی خورشید جہانتاب
کیا کچھہ رخصت شب نے اشارہ | ہوئی برخاستہ بزم ستارہ
وہ دونون خواب گاہ مدعا سی | اوٹھی نیچی کئی آنکھین حیا سے

داستان جانا جوان کا واسطی شکار کے اور جدا ہو کر لشکر سے وطن مدین آنا اور مرجانا سنکے حال عصمت کا

تری صدقی تری قربان ساقے | خدارا پھر وہی احسان ساقے
دل حسرت زدہ پھر جوش پر ہے | تصدق شرم توبہ نوش پر ہے
وہی پھر صحبت دیوانگی ہے | وہی پھر خصمت فرزانگی ہے
جنون انگیزہی پھر حال میرا | سر زنجیر ہی پامال میرا
خبردار غم عاشق یہان سے | سخن آیا ہے یون از دہان سے
کہ چندی وہ جوان کشتہ ناز | رہا ہر دم عروس نوسی دمساز
برابر وقت شغل کامرانے | ادا کرتا رہا رسم جوانے
مگر دل مین وہی ہر زہ خیالے | وہے سر مین ہوای پایمالے
وہی داغ غم فرقت جگر مین | وہی شوق رخ عصمت نظر مین
فراموشی مین اک شہ یاد کرتا | تہ لب بی صدا فریاد کرتا

پشیمان حسرت و ارمان سی رہتا
خجل روی غم پنہان سی رہتا

یہی کہتا کہ مین کس سے جدا ہون
یہ کس کا نازبردار اداہون

غرض اگدن نہایت تنگ آیا
ہجوم جوش سودا رنگ لایا

بڑہی دیوانگی حد سے زیادہ
کیا گلگشت صحرا کا ارادہ

ہوا خاصہ جلوس شہریارے
چلے مانند بوے گل سوارے

پہر جب دو پہر لشکر وہ سارا
ملا اک دشت پر وحشت قضارا

لکھون تعریف کیا اوسکی قلم سے
بلا انگیز تر دشت عدم سے

نمازت سی عیان جوش تبا ہے
تڑپتی ریگ مثل ریگ ماہے

نہ سایہ تہا نہ برگ خشک و تر تہا
بر نگ شاخ آہو ہر شجر تہا

تف سائل کیے دست چشمہ آب
ہوای گرم سے ہر مرغ بیتاب

حرارت سی دہوان اوٹہتا جگر مین
تپش سے آبلہ پڑتا نظر مین

یہ عالم دیکھکر دشت بلا کا
نظر مین پھر گیا سامان قضا کا

لہال تشنگی لایا غضب مین
ہوا مین جانین نہان آتش لب مین

گئے ہمت لحاظ آرزو کے
ہراک نی جستجوی آبجو کے

وہ ساری اہل لشکر ہو کی بیتاب
لگے کرنے تلاش چشمہ آب

دہوان مانند سنگ میل تنہا
رہا گہوڑے پہ محو سیر صحرا

طلسم قدرتی پیش نظر تہا
تماشا جلوہ گاہ خیر و شر تہا

قضارا مثل دل قابو سے بیزار
ہوا اک آہو وحشی نمودار

وہ آہو یا ہوای مدعا تہا
بر نگ شوق دل مین پھر رہا تہا

قرار بیقراری دلسی پیدا — سر وحشت رم کامل سے پیدا
ستم ناآشنا قید گمان سے — گریزان وحشت آباد جہان سے
ہوائے صید نے چیرا جوان کو — کیا گرم اپنی خرش خوش عنان کو
وہ آہو صورت اشک چکیدہ — ہوا آرام سے دامن کشیدہ
بشکل جسم و سایہ دونوں باہم — ہوے صید کمند حلقہ رم
تصور تھا جوان آہو گمان تھا — فقط فرق خیالی درمیان تھا
قریب شام وہ آہوے خستہ — ہوا غائب برنگ رنگ جستہ
جوان حسرت زدہ مایوس ہو کر — لگا کرنے تلاش اہل لشکر
بہت کی جستجو لیکن نظر سے — نہ گذرا ایک بھی نوع بشر سے
پھرے قسمت نگاہ یار ہو کر — مقدر سو گیا بیدار ہو کر
پریشان خستہ آوارہ جگر خون — لگا پھرنے میان دشت و ہامون
نہ وہ سامان نہ وہ جاہ و حشم تھا — نہ وہ لشکر نہ وہ طبل و علم تھا
نہ وہ ظل ہمائی چتر شاہے — نہ وہ سر میں خیال کجکلاہے
ہوا آغاز جب آغاز شب کا — بشکل داغ دل مہتاب چمکا
پس پردہ سی ہر نقش طلسمی — لگا دینے فریب نور جسمی
جوان نا چار گھوڑی سی اوتر کر — ہوا منت کش آرام بستر
کوئے نخل کہن تھا مثل طوبی — بغل پروردۂ فردوس اعلی
طرب بخش چمن نظارہ طرب تھا — ہر اک پتا کف اہل کرم تھا
مطرا صورت سرو گلستان — بہار ہشت جنت جسپہ قربان

اوسی کی ہمچی وہ برگشتہ قسمت ہوا شرمندۂ احسانِ راحت
رفیقِ بیکسی رخشِ سبک پا رہا محوِ گیاہِ سبزِ صحرا
جوان بیٹھا ہوا بالای بستر بہ شکلِ آئینہ حیرت رہی شش در
دلِ پرسوز و جانِ شعلہ پیوند گذرگاہِ خیالِ چند در چند
کبھی گریان غمِ اہلِ وطن مین کبھی سوزان تپِ داغِ کہن مین
کبھی شاکی دلِ نامہربان سے کبھی دلتنگ جورِ آسمان سے
کبھی پیشِ نظر نیرنگِ تقدیر کبھی ہیرِ طلسمِ غم سی دلگیر
کبھی کہتا کہ یارب مین کہان ہون یہ کیون پامالِ جورِ آسمان ہون
کہان لائی مری قسمت کہان سے کہان لیجای گی وحشت یہان سے
کبھی کہتا دلِ مضطر سے اپنے ملون گا کسطرح لشکر سے اپنے
دہان ہر ایک پر روز و شبانہ گذرتی ہوگی کیا بی آب و دانہ
احبا بیخور و بیخواب ہونگے مری فرقت مین سب بیتاب ہونگے
اسی صورت وہ پامالِ زمانہ بیان کرتا رہا اپنا فسانہ
کہ اسمین ماندگی سی ہوگئی طاری کیا آنکھون نی میلِ بوسۂ خواب
ہوئی غفلت سی بیداری ہم آغوش بجالائی دل و جان خدمتِ ہوش
کیا روحِ جہان پیمانے اپنا تعلق عالمِ عقبی سے پیدا
نظر کرتا ہے کیا وہ بادیہ گرد کہ یعنے دم خصوصے اک جوانمرد
سرِ بالین بشکلِ بخت آکر یہ کہتا ہی کہ ای برگشتہ اختر
کہان پھرتا ہی آوارہ جہان مین پڑا ہی مست کس خوابِ گران مین

محبت مین سر آرام جان کیا
ہوای لشکر و طبل و نشان کیا

نہ سمجھا آبروی صادقے کو
لگایا داغ نام عاشقے کو

یہ سب سامان ترا ننگ حیا ہی
خلاف غیرت اہل وفا ہے

اگر دل مین یہی جوش ہوس تہا
تو ناحق در پے سور نفس تہا

محبت بازی طفلان نہین ہے
بہت مشکل ہی یہ آسان نہین ہے

ادہر سودای شاہی مغز سر مین
اودہر داغ غم عصمت جگر مین

غم معشوق و شوق پادشاہے
تباہی ہی تباہی ہی تباہے

دو رنگی ہی گل بازی کو دیکہا
ادہر کا ہی نہ بیچارہ اودہر کا

دو رنگی ہی لب ساحل ہی تا اب
نہ موج ریگ ہی نی موج آب

اوٹہا پردہ دوئی کا درمیان ہے
گذر جا ہر حجاب این و آن سے

یہ سکر ملہم غیبی سدہارا
اور آنکہین کہل گئین اسکی قضا را

جو دیکہا ہر طرف گذری نظر سی
تمامی شب کی آغاز سحر سی

جوان فرش زمین سی اوٹہکی شتاب
در آیا پشت رخش خوش عنان پر

توکل پر وہ یکتای زمانہ
ہوا اک سمت کو آخر روانہ

رفاقت مین تمنای وطن تہی
عوض رہبر کی ہمراہ زن تہی

نکوئی رازدان جز کاہش دل
نکوئی ہمسفر جز طول منزل

بیابان در بیابان کوہ در کوہ
لگا پہرنے بصد تکلیف واندوہ

اسی صورت سی دنکو رات کرتا
قوافی سے بسر اوقات کرتا

کئی دن جب رہا وہ جادہ پیما
ہوا بلقت مین آکر جلوہ فرما

وہان گذری نظر سی چند انسان | بصورت آدمی سیرت مین حیوان
گران دل پر سبک اندازہ انکا | عداوت سی زیادہ سازہ انکا
جگر ہوتا مشبک ہر سخن مین | زبان تیر تہی گویا دہن مین
جوان کو دیکھکر سمجھے وہ کافر | کہ یہ کوئے ہے نو وارد مسافر
وطن کی اور کوئی گلرو مین ہے | یہ بلبل اس گلستا نکا نہین ہے
تملق سے قریب آکر جوان کے | نکالے حوصلے لطف بیان کے
لگی کہنے کہ ای سرو سرافراز | ہوا کیونکر یہان تو سایہ انداز
ہوا کس وجہ سی عازم یہان کا | ارادہ دلمین کہتا ہی کہان کا
کہان رہتا ہی گھر تیرا کہان ہی | وطن کہتا ہی یا بی خانمان ہے
کہا گھر تو مرا ہے لکھنؤ مین | مگر مین گم ہون اپنی جستجو مین
نکالا جوشش وحشت نے مجکو | جگہ دی وادی غربت نے مجکو
کہون کیا کیا بہت گذرا زمانہ | لیے پہرتا ہی مجکو آب و دانہ
تمنا ہے کہ اب جاؤن وطن کو | مٹاؤن داغ یارانِ کہن کو
ہوس رکہتا ہون لطف دوستانے | ملون مین جادۂ ہندوستان سے
کرو تکلیف رسم رہنمائے | بجالاؤ کچہہ آداب وفائے
یہ سنکر جملہ وہ غول بیابان | ہوئی آمادۂ سامان احسان
بڑہی آگے بشکل شوق منزل | ہوئی ہمراہ مثل کاہش دل
جب آئی سرحد ہندوستان پر | ہوئی آمادہ قتل نوجوان پر
زر و سیم و جواہر جس قدر تہا | وہ سب نذر جفای راہبر تہا

نہ کھوٹا رہ کیا باقی نہ اسباب — رہی عریان تنی یا جانِ بیتاب
پریشان خستہ آوارہ جگر ریش — بڑھا تنہا وہاں سے مثلِ درویش
نہ زادِ رہ نہ سازِ استقامت — گدایانہ سدا قطعِ مسافت
روا رو کیفِ جوشش آرزو مین — ہوا وہ رونق افزا لکھنؤ مین
ملا خویش و عزیز و اقربا سے — ہوا ہم بزم یار و آشنا سے
دل و جان سی ہوئی ملنے پہ شاد ان — گلی ملکر نکالے خوب ارمان
قضا را ایک دن یارانِ باہم — برنگ غنچۂ گل تھی فراہم
طرب انگیز ساماں ہر طرف تھا — بشکلِ غم تکلف برطرف تھا
ہنسے تھے دل لگی تھی قہقہے تھے — محبت خیز باتین کر رہے تھے
نشاط افزا ہر اندازِ سخن تھا — کنارِ عیش و دورِ انجمن تھا
تمامی سوزشِ دل کا فسانہ — بیان کرتی تھی باہم دوستانہ
جوان بھی التماس ماجرا سی — تکلم آشنا تھا آشنا سے
باخر جوشِ تکلیفِ نہان سی — لگا یون کہنے یارِ ہمزبان سے
کہ وہ بالا بلا عصمت کہان ہے — بتِ کافر ادا عصمت کہان ہے
کہان ہے نگامہ آرائی وفا ہے — کہان بیگانہ خو لطف آشنا ہے
کدہر مائل مزاجِ دلبرے ہے — کدہر مصروف حسن دلبری ہے
کہا اونے تمسخر سے کہ ای یار — کہون کیا حال اوسکا مین دل افگار
رئیس شہر ہی کوئے دلاویز — حسین و دلکش و خوشوضع و نوخیز
رہی کیمہ و زر تک نوکر جوان کے — نکالا کی ہوس جوشِ نہان کے

ہوا باہم کچھ ایسا ربط پیدا — کہ وہ دونون ہوئی آپسمین شیدا
لگی برسہنے ستار و بروکے — چڑہی مستی شراب آرزو کے
ہوا اس عشق کا آخر یہ انجام — کہ گھر مین پڑ گئی اوسکی وہ گلفام
وہین ابتک گل رنگین ادا ہے — وہین نکہت فروش مدعا ہے
وہین رہتی ہی مست بادۂ وجام — وہین کہتی ہی لطف عیش سی کلام
وہین ہی سرخوش کیف جوانے — وہین ہی محو رسم کامرانے
یہ سنکر وہ جوان سر بسر جوش — رہا مثل زبان شمع خاموش
جگر ہی کھینچکر آہ نہان کو — کیا برہم طلسم جسم و جان کو
تہ و بالا ہوا سامان محفل — لگی سر پیٹنے یاران محفل
پسینہ مادر سر بالین پر آکر — گری مانند اشک تر زمین پر
ہوئی کم حوصلی ضبط فغان کے — لیے نالون نی بوسی آسمان کے
تقاضای تپ سوز نہان سی — ہوئی مصروف شیون اس بیان سی
کہ ہی ہی کیا یہ قسمت رنگ لائی — تری آئی ہوئی ہمکو نہ آئی
یہ دن یہ سن یہ اسغاز جوانی — یہ خواب ناز مرگ ناگہانی
یہ ارمان سفر کرنا جہان سے — یہ تیرانے نشان ہونا نشان سے
کہان جائین کرین ہم کس سی فریاد — دریغا حسرتا وای وای بیداد
ہجوم شور ماتم اس قدر تہا — سودای دل محشر وہ گھر تہا
ہوا شور فغان آخر گلوگیر — بنا ہر لب لب خاموش تصویر
لگی تجہیز ہونے گور کن کے — خلش پیدا ہوئی غسال کفن کے

بہر صورت جنازہ نوجوان کا — نہایت شان و شوکت سی نکالا
ہجوم خلق و شور آہ و فریاد — نظر آیا زمانہ ماتم آباد
کوئی حیرت سی تصویر مکاں تھا — کوئی منت کش آہ و فغاں تھا
گریبان چاک تھا کوئی الم سے — کوئی تھا خاک بر سر فرط غم سے
کوئی تھا سر نگون بخت زبون سی — پشیمان تھا کوئی اپنی فسون سے
غرض وہ حلقۂ اہل عزا مین — ہوا مدفون زمین کربلا مین
سر امید دل پر خاک ڈالے — کنار گور سے حسرت نکالے
عزیز و آشنا الحمد پڑھ کر — ہوئی رخصت سوئے خانہ مکدر

داستان نکلنا گہر دختر شاہ کا تلاش جوان مین اور لکھنؤ مین آکر جا بنا جدا سے

خدارا اب ہی ساقی دلا سے — نجھی بیہوش کر جام فنا سے
گریبان گیر تکلیف وفا ہی — قضا کی ہاتھ میر فیصلا ہے
خبردار مصیبت کے بیان سے — ہوا ظاہر یہ اسرار نہان سے
کہ اوس دشت بلا مین فوج شاہی — رہی دن بھر گرفتار تباہی
تلاش نوجوان مین خستہ ناشاد — پھری یک رو ان کیطرح برباد
قریب شام سب مایوس ہو کر — ہوئی بی آب و دانہ نقش بستر
بسر کی شب خیال عجب مین — چلی وقت سحر رنج و تعب مین
ہر اک نی آکی نزد شاہ دلگیر — کہا افسانہ نیرنگ تقدیر
جو کچھ گذری تھی کیفیت جوان پر — بشکل درد دل لائے زبان پر

تحیر خیز یہ سنکر فسانہ ہوا ششدر شہنشاہ زمانہ
مزاج پاک پر صدمہ ہوا وہ دل عاشق کی صورت کھو گیا وہ
جگر مانند دامان نظارہ ہوا دست الم سے پارہ پارہ
پریشان ہو گیا مجموعۂ دل ہوئی کشت تمنا برق حاصل
یہ مضمون بلا انگیز ناگاہ ہوا مذکور نزد بانو شاہ
بشکل راز دل دل مین سمجھکر ہوئی بیتاب مثل اشک مضطر
بحسرت جانب دختر نظر کے مشباب آرزو پر چشم تر کے
لگی کہنے کہ ہی ہی یہ جوانے یہ تکلیف جفای آسمانے
بسر کس طرح سے ہوگے خدایا مقدر نے یہ کیا سامان کھایا
یہ عالم دیکھکر ہر محرم راز ہوئی آئینہ سان حیرت ہی پرداز
سبب پوچھا ہجوم درد و غم کا کہا نیرنگ تکلیف ستم کا
کہا کیا حیلہ سوچا آسمان کو کہا صحرا مین کھویا نوجوان کو
کہا کیونکر کہا جسوقت دلگیر گیا سوی بیابان بھر نخچیر
ارا کین ریاست ہمعنان تھے ترقیخواہ پا بوس جوان تھے
کسی میدان دشت پر بلا مین پھری سرگشتہ جوش مدعا مین
بحال تشنگی سی ہو کی بیتاب لگے کرنے تلاش چشمۂ آب
اکیلا رہ گیا آخر وہان پر نہین معلوم کیا گذری جوان پر
نظر آسا نظر پھر وہ نہ آیا کسے نے پھر نشان اوسکا نپایا
رفیقون نے بہت کچھ جستجو کے مگر نکلے نہ حسرت آرزو کے

وہان سی پھر کی جو احباب آئی
یہ وحشت خیز مضمون سا تلائی

اسی سی دل مصیبت آشنا ہے
اسی غم سی جگر داغِ بلا ہے

یہی ہی باعثِ فریاد و زاری
یہی ہی جلوہ بخشِ بیقراری

یہ سنکر ہر کسے کا جی بھر آیا
قلق کو دل نی سینی سی لگایا

بھڑہایا سلسلہ آہ و فغان نے
کیا پیوند سینہ آسمان نے

خموشی نے کیا لب سی کنارا
ہوا شورِ قیامت آشکارا

چلے فریادِ غم دل سی کشیدہ
سر خک آنکھو سی نکلے آبدیدہ

وہ شادی عروسِ نو پہ ارمان
رہی خونابہ نوشِ ضبطِ پنہان

تدی رخصت خموشی نی فغان کی
رہی پابند شرمِ این و آن کی

سہا کی کشمکش رنج و تعب کے
حیا مانع رہے ترکِ ادب کے

گلو مین تہی مثلِ نی غم آباد
جگر سے تا دہن لبریزِ فریاد

پشیمان ہو کی جوشِ آرزو سے
او تہی ناچاران کی روبرو سے

لہی سوزِ جگر خلوت مین آئے
غم و درخ لئے جنت مین آئے

پلٹ کر خوابگاہِ نوجوان سے
لگے رونی تپشہایِ نہان سے

بنا سوزِ درون سی سینہ گلخن
چپے اشکِ جگر گون سی بر دامن

ہوئی مشتاق فرقت مین کفن کے
رہی باقی نہ دہجی پیرہن کے

سپہر آئینہ ست قبالِ دامان
بڑہا ہر پارہ چاکِ گریبان

فغان نی رسمِ بیتابی ادا کے
صدا دی لب نی شورِ مرحبا کے

خلق مین سعدین رنج و الم مین
لگی کہنی سرِ ذوقِ ستم مین

کہ ای سرو چمن زار تمنا — کہان ہی مائل گلگشت صحرا
کہان ہی محو نظارہ جنون مین — کہان پھرتا ہی آوارہ جنون مین
کہان ولدادۂ نخچیر ہے تو — کہان صیاد آہو گیر ہے تو
کہان وحشت شریک بیکسی ہے — کہان قسمت فریب مدعی ہے
کہان تکلیف ہے راحت کہان ہے — کہان تو تختۂ مشق آسمان ہے
اسی صورت سی جندی وہ پریزاد — رہی شرمندۂ احسان فرہاد
برابر صحبت آہ و فغان مین — بسر کے انتظار نوجوان مین
مگر دل کی لگی بجھنے نپائے — کہین سے کچھہ خبر اوسکی نہ آئے
رہی قسمت ترقیخواہ غم کے — خلش بڑھتی گئی خار الم کے
تہکی سب چارہ گر چارہ گری سی — کنارہ کش ہوئی حال پری سی
باخر وہ بت سرمایۂ ناز — ہوئی یون دل سی اپنی مشورت ساز
کہ ای پروانۂ شمع جگر سوز — گداز آموز داغ سر بسر سوز
تجھی اب کیا ہی پاس ننگ و ناموس — کہان تک حیا طراز افسوس
اوٹھادی پردۂ شرم و حیا کو — بٹھایا سینے مین نقش مدعا کو
غبار ساکل قید مکان سے — برنگ جوش خاطر ل جوان سے
جہان ہو چل وہین تو آرزو مین — بسر کر عمر داغ جستجو مین
اسی عالم مین اکدن منصف شب کو — کیا آگہہ دل فرصت طلب کو
کہ یہ موقع ہی ترک اقربا کا — یہی ہی وقت عرض مدعا کا
نکر غفلت کہ غفلت کا نہین وقت — نکل جائی نہ قابو سی کہین وقت

یہ کہکر جوشِ تکلیفِ جگر مین ہوئی مصروف سامانِ سفر مین
لباسِ نوعروسی کو کیا چاک حجابِ جسم کی مردانہ پوشاک
رکھی سر پر کلاہِ رشکِ خورشید تصدق جسپہ ہو اقبالِ جمشید
قبایِ لالہ گون زیبِ بدن کے گلابی ہوگئی رنگت سمن کے
غرض اس طرح وہ دخترِ یگانہ قدم فرسا ہوئی بیرون خانہ
پسِ دیوار کوئے رازدان تہا عنان گیرِ سمندِ خوش عنان تہا
قریب اوسکی پہونچکر نے محابا ہوئی بالایِ زین یہ جلوہ فرما
کہا رخصت کہا اللہ نگہبان کہا کچھہ اور رہے امیدِ احسان
کہا وہ کیا کہا ہمراز تو ہے دمِ آخر یہ تجھسے آرزو ہے
رہے مدِنظر پردہ ہمارا نہو یہ رازِ پنہان آشکارا
یہان سی اب شتابی تو ہو اہو خدا جانی سحر کی وقت کیا ہو
یہ کہکر وہ بتِ پر وروہ ناز ہوئی آمادہ مشقِ تگ و تاز
اوٹھائی باگ اسپِ خوش عنان کے ہوس کی کوشش قطعِ جہان کے
خیالِ کاوشِ تقدیر سر مین غمِ غماز کا کھٹکا جگر مین
کبھی پیدا کبھی پنہان نظر سی سراپا برقِ تکلیفِ سفر سے
کئی دن مثلِ خورشیدِ جہان گرد پھری وہ خستہ و آلودہ گرد
بہت کی جستجو لیکن کسی جا نشانِ نقشِ تمنا کا نپایا
بمجبوری تلاشِ نوجوان مین قدم فرسا ہوئی ہندوستان مین
کئی دن بعد عشقِ فتنہ پرداز ہوا آسانیِ مشکل سے دمساز

ہجوم شوق جوش آرزو مین — لی آیا اوسکو شہر لکھنؤ مین
بأجرت اک مکان لیکر شب و روز — لگی رہنی وہ خورشید دل افروز
کمال خلق سی سبکو لبھایا — ہر اک سی رابطہ اوسنی بڑھایا
تمامی دوست وقت خلوت عیش — لگی رہنی شریک صحبت عیش
قضارا ایک دن یاران باہم — بشکل ہوش دانا تہی فراہم
بہم ہنگامہ آرای بیان تہے — سخن پرداز نیرنگ جہان تہے
کوئی اون سب مین یار رمزدان تہا — سراپا دفتر حال جوان تہا
دم اظہار افسون زمانہ — کہا اوسنے وہی غمگین فسانہ
وہی مضمون عشق سربسر جوش — بنایا گوہر آویزہ گوش
کیا وقت سحر اوسنی بناکام — سر آغاز کو پابوس انجام
یہ سنکر لی رہی دلمین مگر دل — بنا محشر فروش رقص بسمل
برنگ بادہ مینای خاموش — سکوت لب سی تو ام شعلہ جوش
ہوئی یاس جوان یار جانے — مبارکباد مرگ ناگہانے
ہوئی برخاستہ جسوقت صحبت — اوٹھی وہ شعلہ زار داغ حسرت
رفاقت مین اجل کولی کی دلبر — ہوئی حاضر مزار نوجوان پر
لپٹ کر تربت شوریدہ سر سے — کیا گلپوش ہر داغ جگر سے
سرہانے بعد تکلیف جانکاہ — کیا روشن چراغ شعلہ آہ
کلاہ خسروی پہینکے زمین پر — اوڑائی خاک زلف عنبرین پر
لب نازک کو دی زحمت فغان کے — ادا کی رسم تکلیف بیان کے

کہ ای پیوند چاک دامن خاک — غبار کاروان جان غمناک
ہوای صید مین آیا کہان تو — بنا کس جانشان بی نشان تو
ندامت کیا ہوئی اہل وطن سے — چھپائی شکل کیون چاک کفن سے
نہ یاد آئی کبھی بھولی سی گھر کے — نہ میری ناشکیبی پر نظر کے
تری غم مین ہوا برہم زمانہ — دگرگون ہوگیا سب کارخانہ
نہ وہ رنگین بہار انجمن ہے — نہ وہ صحن زمین رشک چمن ہے
جہان تھے کامرانی روز افروز — وہان حسرت برستی ہی شب و روز
یہ پونہچا حال جوش آرزو مین — کہ نکلے آپ تیری جستجو مین
جہان مین صورت خورشید و مہتاب — پھری دن رات تنہا بیخور و خواب
مگر تجھکو نہ ای غمناک پایا — جو پایا بھی تو زیر خاک پایا
تمنای دلی دل سے نہ نکلے — یہ لیلے گرد محمل سے نہ نکلے
زبان شمع تھی گویا جہان مین — جلا کے حسرت لطف بیان مین
غرض یون ہی مزار نوجوان سے — بیان کرتی رہی نوحہ زبان سے
ہجوم غم سہی آخر تنگ آکر — ہوئی راہی عدم کو روح مضطر
لیا احسان تکلیف کفن کا — مٹایا مٹ کی جکڑ روح و تن کا
احبا سنکے یہ افسون تقدیر — ہوئی خود گم برنگ نقش تصویر
قناعت کی نہ بازاری خبر پر — چلی سب تے بت شوریدہ سر پر
وہان آکر جو دیکھا چشم تر سے — تو گذرا اور ہی سامان نظر سے
کہ اک دخت پری ور رشک تصویر — مزار نوجوان سہی ہی بغل گیر

تقاضائے تمنا جوش پر ہے — فدا محشر لب خاموش پر ہے
لیے ہی پہلو مدفن بغل مین — زبان ہی شکر احسان اجل مین
ہوا ثابت کہ یہ سیارہ اختر — کسی خورشید طلعت کی ہی مختر
تعلق اسکو تھا حسن جوان سے — اسی کی عشق مین نکلی مکان سے
یہان آکر اوسے جو مژدہ پایا — ہجوم جوش غم یہ رنگ لایا
ہر اک نی عالم آہ و فغان مین — کیا دفن اوسکو پہلوی جوان مین

داستان اثر کرنا عشق جوان کا دل عصمت مین اور لپٹ کر قبر سے جوان کا بحق تسلیم کرنا

شتابی لامی گلنار ساقے — دم رخصت نکر تکرار ساقے
پلا اک جام آخر انجمن مین — لگا دی قفل خاموشی ہن مین
کہان پھر صحبت لفظ و معانے — تمامی پر ہے دور خوش بیانے
زبان بیدبانی ناز پر ہے — سکوت مدعا آغاز پر ہے
شرر ریز بیان نوک زبان ہے — گل افشان یون چراغ داستان ہے
کہ جب اس عشق کافر ماجرا کے — برآئے آرزو مشوق جفا کے
برنگ اشک نامقبول مژگان — کیا دونون کو زیر خاک پنہان
یتیمی نے لیے بوسی الم کے — ہوئی کم حوصلے ناز ستم کے
مزا جاتا رہا آہ و فغان کا — جگر پانے ہوا اشک روان کا
برنگ جان شیرین روح فرہاد — لگے پھرنی مصیبت خانہ برباد
نشان سجدہ زاہد کی صورت — ہوا سنے آبرو داغ کدورت

مگر کچھہ جذبۂ دل گہات مین تہا
اثر کا منتظر ہر بات مین تہا

نہ کی تکلیفِ محرومی گوارا
ہوا در پردہ آخر آشکارا

دلِ عصمت مین مثلِ شورِ محشر
در آیا شوق ہم آغوش ہوکر

برنگِ رشتۂ تسبیح یکبار
ہوا سو جا رگِ جان سی نمودار

جگر کو جوشِ غم نی گدگدایا
زبان تک نالۂ شکوہ بنکی آیا

مزا دینے لگی کاوش جگر مین
لگی گہر کرنے حسرت چشمِ تر مین

ہجومِ ضبط نی رخصت طلب کے
بن آئی نالۂ فرصت طلب کی

خلل واقع ہوا عیش و طرب مین
تبسم چپ رہا آغوشِ لب مین

بڑہی کاہش بسانِ خوابِ بیمار
ہوئی آرامِ جان بیتابیِ دل

کچھہ ایسا جوشِ خاطر رنگ لایا
کہ ہر دم کودمِ شمشیر پایا

نہ خود واقف نہ واقف محرمِ راز
بنی اپنی شکستِ دل کی آواز

جگر مین صدمۂ جانکاہ رہتا
سفر مین کاروانِ آہ رہتا

ستم کے ہر گہڑی ایجاد رہتی
طبیعت مائلِ فریاد رہتے

خموشی مین اثر شورِ جنون کا
فغان مین رنگ نیرنگِ فسون کا

ہوئی وہ رفتہ رفتہ تنگ آکر
برنگِ بوئے گل جامی سی باہر

مگر حیرت کہ یارب راز کیا ہی
یہ کیسا سوز ہی یہ ساز کیا ہی

یہ کیا افسردگی ہی سربسر جوش
یہ کیسے بیخودی ہی غیرتِ ہوش

یہ کیسا لاگ ہی میری جگر سے
یہ تیرِ بے خطا آیا کدہر سے

یہ کیسی سحر یا افسون کیا ہی
یہ کیسی دل کو میری خون کیا ہی

الم کیون ہمدم آغوشِ دل ہے — شکایت کیون زبان منت گسل ہے
نہ قندیلِ حرم ہے شعلۂ دیر — جلاتی ہی مجھی کیون حسرتِ غیر
یہ کس نے آرزو کی آرزو ہے — یہ کس خود گم کی دل کو جستجو ہے
ہوا کیا وہ سرورِ نوجوانی — ہوا کیا وہ فراغ زندگانی
فلک آمادۂ پرخاش کیون ہے — مقدر کو سرِ پاداش کیون ہے
بہر صورت بتِ بیگانہ ہوش — بیان کرتی رہی افسانۂ جوش
تسلی کی عوض ہر دم شب و روز — ترقی پر رہا سوزِ جگر سوز
کسی صورت دلِ مضطر نہ ٹھہرا — شرر آسا کبھی دم بھر نہ ٹھہرا
خور و خواب و نشاط و کامرانی — ہوئی سب نذرِ جوشِ نوجوانی
نہ بیباکی نہ خود بینی رہی وہ — نہ آرائش نہ رنگینی رہی وہ
رہا ہمدم نہ آئینہ نہ شانہ — نہ مستِ ناز چشمِ جادوانہ
نہ وہ شوخی رہی طرزِ بیا تمین — نہ بیباکی رہی باقی نہ تمکین
طبیعت ہٹ گئی نازو ادا سے — ہوئی مانوس دردِ لادوا سے
قضا را دن جو نوچندی کا آیا — تمنائے دلی نے جوش کھایا
پی کسب شرف اپنی ہوا میں — ہوئی وہ رونق افزا کربلا میں
مقابر پر رہی کچھ دم جبین سا — ہوئی پھر مائلِ سیر و تماشا
کہ شاید کچھ دلِ مضطر بہل جائے — کہیں سینے سی خارِ غم نکل جائے
ہر اک جا وہ بہ شکلِ بیخیالے — پھری مانندِ تصویرِ خیالے
ولیکن کاوشِ قسمت سی اصلا — دلِ پر درد وحشت نہ بہلا

وہی آشوب جوشِ بیقراری — رہا آرامِ جان و لفگاری سے
ہوا جب سایہ گسترد امنِ شام — کیا اک قبر کے پہلو مین آرام
بچھا کر چاندنی فرشِ زمین پر — ہوئی مثلِ مہِ نو جلوہ گستر
قضا را تھی وہ تربت نوجوان کے — اوسی مشتِ غبارِ ناتوان کے
ملا موقع جو باہم متصل کا — بھڑک اوٹھا شرارہ دلِ داغ دل کا
لگی گھبرا کے کہنے ہمزبان سے — یہ قبر آباد ہی کس خستہ جان سے
کشان ہی جذبِ دل سوی محبت — مجھے آتے ہی کچھ بوی محبت
وفا مشتاق تکلیفِ وفا ہے — ہوای وصل پیغامِ قضا ہے
سرِ مژگان ہی تر روئی سی پہلی — جگر پانی ہی خون ہوئی سی پہلی
بھرا آتا ہی جی خالی جگر ہے — ترقیخواہِ طوفانِ اثر ہے
یہ سنکر وہ جلیسِ رشکِ لیلی — ہوئی یون چہرہ آرای تسلی
کہ ای شاکی دلِ لبریز خون کی — تجھی ابتک ہی کیفیت جنون کی
کہان یہ قبر کہنہ اور کہان تو — خدارا ہوش مین آ بدگمان تو
یہ اندازِ جنون اچھا نکالا — ترا عالم ہے عالم سی نرالا
یہ سنکر چپ رہی پر وقت پاکے — کہا اک اور نی سب حال آکے
کہ یہ تربت ہی تیری خستہ جان کے — شہیدِ تیغِ نازِ امتحان کے
جلایا آتشِ حسرت نی تیرے — ملایا خاک مین غفلت نی تیری
ندیکھی کچھ بہارِ نوجوانے — پہلی پھولی رہ شاخِ زندگانے
ہوا دیوانہ جوشِ آرزو مین — پھرا برسون ہوای جستجو مین

پشیمان ہو کی آخر مدعا سے — پریشان اوٹھہ گیا دار فنا سے
کشش کو بعد مردن رحم آیا — کہ تجھکو لا کی پہلو مین بٹھایا
وگرنہ کیون خبر ہمراز دیتا — تجھی کاہی کو فرصت ناز دیتا
یہ سنکر وہ بت برگشتہ تقدیر — رہی کچھہ دیر خود گم شکل تصویر
نہ لائی تاب پھر ضبط نہان کے — خموشی بن گئی صوت فغان کے
لپٹ کر پہلو گور جوان سے — کنارہ کش ہوئی روح روان سے
عدم کو جلوہ گاہ راز سمجھے — تن خاکی کو بھی غماز سمجھے
حجاب مدعا تھی صحبت گل — گئی تنہا برنگ نکہت گل
انیس و ہمدم و ہمراز مطلب — عجب سی رہ گئی منہ دیکھکر سب
اقارب سنکی یہ غمگین فسانہ — تحیر سی رہی تصویر خانہ
لیی ہمراہ سامان قیامت — ہوئی سب حلقہ زن بالای تربت
ہجوم حسرت و آہ و فغان مین — کیا پیوند آغوش جوان مین
فسون عشق کافر ماجرا سی — گئی ناکام سب دار فنا سے
محبت طرفہ برق جلوہ گر ہے — جہنم سوز جسکا ہر شرر ہے
نیاز مدعی ہی ناز اسکا — قضا انجام ہی آغاز اسکا
نظر کو جلوہ گاہ ساز پایا — جگر کو پایمال ناز پایا
بیان اسکا نہین ممکن زبان سے — زبان مجبور ہی اسکی بیان سے
خموشی التماس التجا ہے — حد مطلب سکوت مدعا ہے
نہین ہی یہ مقام نکتہ دانی — یہان بہتر ہے عذر بیزبانی

دیا انجام طومارِ وفا کو | کیا رخصت ہجومِ مدعا کو

خاتمہ کتاب

بحمداللہ کہ یہ نظمِ گرامے | ہوئی گلگونۂ حسنِ تمامے
مبارکباد رخصت دی قلم کو | سنایا مژدۂ ہستی رقم کو
رُکا الماس فکرِ جانگسل کا | ہوا موقوف آنا لختِ دل کا
ہوئی کم گوہر افشانے زبان کے | تراوش ہو چکے ابرِ بیان کے
ہوا روپوش حسنِ خوش کلامے | حدیثِ عشق نی پائی تمامے
دعا مجکو دلِ بیتاب نے دی | صدائے مرحبا احباب نے دی
خصوصاً اعتبارِ نکتہ دانے | جوابِ طالبِ قدسی ثانی
تخلص اشرف و اشرف علی نام | سراپا مخزنِ الطاف و اکرام
سنایہ قصہ جب میری زبان سے | نہایت خوش ہوئی طرزِ بیان سے
کہی تاریخ سال اسکی بصد سوز | شعاعِ فکرِ عالی مجلس افروز
یہی حسرت ہی مجکو بہی جہان مین | کہ ہو مقبول بزمِ دوستان مین ۱۲۷۹ھ
پسندِ خاطرِ اہلِ سخن ہو | سویدائے دلِ اربابِ فن ہو
جگر سوزی فروغِ شعلہ زادے | کبابِ دل مرا سبکو مزا دے
ورق ہو مطلعِ صبحِ معانے | رقم ہو زلفِ شامِ نکتہ دانے
ندیکھین لغزشِ پائے قلم کو | ندین آنکھون مین جادوئے رقم کو
قدیمی رسم ہی مستی مین اکثر | نہین کہتا قدم سیدھے برابر

شرابِ تند شوخیِ اثر سے — ٹپک پڑتے ہی جامِ بیخبر سے
خرابا تی ہون رندانہ بیان ہے — زبانِ موجِ می میری زبان ہے
نہین مطلب مجھی اظہارِ فن سے — بری ہون دعویِ شعر و سخن سے
کہان فرصت جو [illegible] — کہ ہون ہمراز طبعِ نکتہ دان سے
کرون غواصیِ بحرِ معانی — دکھاؤن جلوۂ گوہر فشانی
فقط یہ مشغلہ شعر و سخن کا — سبب ہی ذکرِ عشقِ حیلہ فن کا
ازل سی سکہ ہون دیوانۂ عشق — مجھے مرغوب ہی افسانۂ عشق
یہی ہمدم فقط رہتا ہی میرا — اسی سی غم غلط رہتا ہی میرا
تمنا ہی رہون جبتک جہان مین — رکھون مین عشق کو آغوشِ جان مین
حسینون پر سدا مرتا رہون مین — فدا دل عشق مین کرتا رہون مین
یہ قصہ جو حضورِ سامعین ہے — ملا اس مین تصرف کچھ نہین ہے
سُنا جو مجھ صادق بیان سے — کیا موزون زبانِ نکتہ دان سے
غلط ہی یا سراسر معتبر ہے — خدا جانے کسی اسکی خبر ہے
معاف ای نکتہ چین مین خطا ہون — کہ پابندِ رضای آشنا ہون
نہ تھی کوئی غرض اسکی بیان سے — مین تھا مجبور حکمِ ہمزبان سے
طبیعت نی دکھائی گرمیِ شوق — سخن بن ہنسکی ٹپکی کثرتِ ذوق
کھلائی غنچے بستانِ بیان کے — دکھائی رنگِ گلبرگِ زبان کے
بہار آئی چمن زارِ سخن مین — چہک اوٹھی عنادل انجمن مین
سخن کوتاہ ای تسلیم پر جوش — بہت کچھ کہہ چکا خاموش خاموش

نمی اب طول آہستگِ فغان کو | سکھا انداز خاموشی زبان کو

تسمت

مناجات بزبان فارسی

الٰہی من سگِ دنیای دونم | ہوا من باشد جوشِ خونم
بہر در میشود خم گردنِ من | بود پروردۂ عالم تنِ من
ببوی استخوانِ خشک جوشم | بیک لقمہ دو عالم میفروشم
سیہ بختی بمن عہد وفا بست | تہیدستی شدہ خطِ کفِ دست
سراپا اندرین عالم فضولم | چو عرضِ عاشقان ردِ قبولم
نمیدانم کدامین مصلحت بود | کہ این نابود را فرمودہ بود
اگر بہرِ عبادت آفریدی | بخود انصاف کن از من چہ دیدی
نہ گشتم فرشِ راہت ہیچگاہے | جبین کردم نہ وقفِ سجدہ گاہے
ہمہ ناکردنی کردارِ من شد | ہمہ ناگفتنے گفتارِ من شد
بمن در ساعتی ابلیسِ مکار | فرستد تحفۂ لاحول صد بار
نہ من آنم کہ کہنہ عہد بستم | بیک پیمانہ صد پیمان شکستم
نہ یاد آمد ز ہولِ روزِ محشر | نہ اندیشہ ز دودِ شعلہ پرور
گہی مثلِ دہانِ بت خموشم | گہی با نالہای گرم جوشم
گہی سرخوش ز جوشِ بادۂ ناب | گہی بہستِ خمارِ نشۂ خواب
گہی دلدادۂ اندازِ سلقے | گہی مخمورِ ہر نازِ ساقے
گہی پامالِ جورِ نازنینان | گہے خاکِ گذرگاہِ حسینان